''کوہستان کی اشاعت یکم جولائی ۱۹۵۷ء میں اسکے کالم ''نشیب و فراز'' میں ''کوہ پیما'' کے قلمی نام سے ایک خبر جو کہ مسلم لیگ اور ری پبلکن پارٹی کی وزارت سازی کے لیے اپنی اکثریت کے دعووں پر مشتمل تھی اور مسلم لیگ کے ممتاز دولتانہ اور ری پبلکن کے ڈاکٹر خان صاحب کے بیانات پر مشتمل تھی(۵)۔ کوہستان نے ان دونوں لیڈروں کے بیانات کو ہدفِ تنقید بنایا اور مزاحیہ انداز میں ان لیڈروں کو ''نٹ'' کے تماشے سے تشبیہ دی۔'' (۶)

اسی طرح ''جشنِ مری'' کے حوالے سے سکندر مرزا اور ایوب خاں کو ''بابر و اکبر'' قرار دیتے ہوئے زبردست طنز کی گئی ہے۔ شہرین فاروقی نے اداریہ نویس کی یہ عبارت رقم کی ہے:

''اخبارات میں ''جشنِ مری'' کے منتظمین کے جو اشتہارات شائع ہو رہے ہیں ان میں اس امر کی وضاحت نہیں کی گئی ہے کہ تقاریبِ رنگا رنگ پر مشتمل یہ جشن کس خوشی میں منعقد ہو رہا ہے؟ کیا کشمیر فتح ہو گیا ہے کہ ہمارے ملک کے بابر و اکبر نے بارِ عیش کھولنے کے لیے مری کا انتخاب کیا ہے؟'' (۷)

اس بحث سے ثابت ہوتا ہے کہ نسیم حجازی کا قلم طنزیہ مزاج رکھتا تھا۔ وہ اپنے سامنے آنے والی ہر خرابی کو ہدفِ تنقید بناتا تھا۔ اپنی رائے کو نپے تلے انداز میں پیش کرنا اور اس میں استہزاء میں ڈوبی ہوئی تنقید سمونا نسیم حجازی کا طرۂ امتیاز ہے۔

نسیم حجازی کے تاریخی ناولوں میں طنز و مزاح

نسیم حجازی نے اپنے ناولوں میں تاریخی واقعات اور کرداروں کے ساتھ ساتھ شگفتہ واقعات اور کردار بھی شامل کیے ہیں۔ مزاح کی یہ آنچ کہیں ہلکی ہے اور کہیں تیز لیکن ان کا کوئی بھی ناول طنز سے خالی نہیں ہے۔ مثال کے طور پر 'آخری چٹان' کا ہیرو طاہر بن یوسف مدینہ سے بغداد کی طرف روانہ ہوتا ہے تو اس کا وفادار نوکر زید بھی اس کا شریکِ سفر ہے۔ یہ کردار ''حاجی بغلول'' یا ''احمق الدین'' تو نہیں البتہ سلجھا ہوا مزاحیہ کردار ضرور ہے۔ اس کی احمقانہ

حرکتوں سے ابتذال نہیں بلکہ سلیقہ مند مزاح پیدا ہوتا ہے۔ یہ مزاح اس وقت عروج پر جا پہنچتا ہے جب وہ طاہر کی اجازت کے بغیر بغداد میں ایک مناظرہ دیکھنے جاتا ہے۔ اختتام پر لوگ گتھم گتھا ہوجاتے ہیں اور زید بھی مار پٹائی کی زد میں آجاتا ہے۔ وہ سوجی ہوئی ناک اور رخساروں کے ساتھ چپکے سے مکان میں داخل ہوکر سونے کی کوشش کرتا ہے لیکن طاہر کو پتا چل جاتا ہے۔ نسیم حجازی اس موقعے پر ہونے والی گفتگو کو یوں تحریر کرتا ہے:

> ''زید تھوڑی دیر اپنے بستر پر بیٹھ کر اٹھا اور دیوار کے ساتھ لٹکتے ہوئے آئینے کے سامنے جا کھڑا ہوا اور اپنی صورت دیکھنے کے بعد بولا۔ ''دوست! اب میں بھی تمہیں مشکل سے پہچان سکتا ہوں۔ اچھا تماشا دیکھنے گئے تھے تم!'' یہ کہتے ہوئے وہ اپنا گال سہلاتا ہوا پھر بستر پر آبیٹھا۔
>
> ''زید! تم آگئے!'' طاہر نے اپنی ہنسی ضبط کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔ زید نے چونک کر اس کی طرف دیکھا اور یہ سمجھتے ہوئے کہ ابھی اس نے اپنے چہرے سے چادر اٹھا کر اس کی صورت نہیں دیکھی، فوراً اٹھ کر شمع بجھا دی اور اپنے بستر پر لیٹتے ہوئے جواب دیا۔ ''ہاں میں آگیا ہوں!''
>
> ''بہت دیر لگائی تم نے! کیا سیکھا وہاں؟''
>
> '' گالیاں!'' زید نے مغموم آواز میں جواب دیا۔
>
> ''تمہاری آواز بہت مغموم ہے۔ خیر تو ہے؟''
>
> زید نے ایک اداس ہنسی کے ساتھ جواب دیا۔ ''میں بالکل ٹھیک ہوں۔''
>
> طاہر نے کہا۔ ''تمہاری آواز سے معلوم تا ہے کہ تمہاری ناک میں تکلیف ہے!''
>
> زید نے بستر سے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے جواب دیا۔ ''ناک سے زیادہ میری آنکھ میں تکلیف ہے!''
>
> طاہر کھلکھلا کر ہنس پڑا۔ (۸)

یہ کردار پورے ناول میں سیدھی لکیر کی طرح چلتا جاتا ہے اور جا بجا ناول کے بوجھل پن کو دور کرتا چلا جاتا ہے۔

نسیم حجازی کے تاریخی ناول 'شاہین' میں بھی طنز کی مثالیں ملتی ہیں۔ ان میں سے ایک بشیر بن حسن کی بدر بن مغیرہ کے ساتھ وہ گفتگو ہے جس میں وہ بدر کی شخصیت کے متعلق غرناطہ کے شعراء کی مبالغہ آرائی کا تذکرہ کرتا ہے۔ اس موقعے پر نسیم حجازی لکھتے ہیں:

> بدر نے کہا۔ ''یہ شاعر کی زبان ہے۔''
>
> بشیر نے جواب دیا۔ ''خدا کا شکر ہے کہ میں شاعر نہیں۔ میں نے الزغل کے دسترخوان پر غرناطہ کے چند شعراء سے ملاقات کی ہے۔ وہ تمہاری تعریف میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کر رہے تھے۔''
>
> ''کیا کہتے تھے میرے متعلق وہ؟''
>
> ''بس یہی کہ تم ہوا میں اڑ سکتے ہو، پانی پر چل سکتے ہو، تمہیں دیکھ کر سمندر کی طوفانی لہروں میں سکون آ جاتا ہے اور دریا......''
>
> ''دریا کیا............؟''
>
> ''مجھے یاد نہیں رہا، شاید وہ یہ کہتے تھے کہ دریا پہاڑوں کی طرف واپس ہو جاتے ہیں۔''
>
> بدر نے کہا۔ ''احمق کہیں کے۔'' (۹)

مزاح کے حوالے سے نسیم حجازی کا ناول 'خاک اور خون' بطورِ خاص قابلِ ذکر ہے۔ اس ناول میں اسماعیل، چودھری رمضان، خیر دین کمہار اور لچھمن سنگھ کے کردار مزاحیہ ہیں۔ ان میں اسماعیل کا کردار چودھرانہ ہے جو لوگوں کی کمزوریوں سے واقف ہے لیکن وہ اپنی اس واقفیت کو بلیک میلنگ کے لیے نہیں بلکہ کسی چوپال یا عوامی اکٹھ میں لوگوں کو محظوظ کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ ایک جگہ وہ اپنے گاؤں میں آنے والے پیر ولایت شاہ کی فربہی پر چوٹ

کرتے ہوئے کہتا ہے:

''جنّوں نے پیر صاحب کو پھل اور مٹھائیاں کھلا کر موٹا کر دیا ہے۔ آج ان کے گھوڑے کی کمر دوہری ہو رہی تھی۔ ابھی خدا کے فضل سے یہ جوان ہیں لیکن خدا کے حضور پہنچتے پہنچتے ان کا وزن ڈیڑھ دو من اور زیادہ ہو جائے گا۔ میں سوچتا ہوں کہ یہ پل صراط سے کیسے گزریں گے۔ ان کا بوجھ اٹھانے کے لیے تو مال گاڑی کی ضرورت پڑے گی۔'' (۱۰)

اسی طرح ایک موقعے پر سکھوں اور مسلمانوں کے درمیان متوقع لڑائی ٹل جاتی ہے لیکن اسماعیل اس کے باوجود چودھری رمضان کو خوف زدہ کر کے اس انداز میں بھگاتا ہے کہ سننے والوں کے قہقہے بے قابو ہو جاتے ہیں۔نسیم حجازی اس موقعے پر لوگوں کے مچھلی پکڑنے اور اسے ایک کسی ایک شخص کو دینے کا منظر یوں پیش کرتے ہیں:

اسماعیل نے کہا۔''دیکھو بھئی! اگر تم میں سے کوئی یہ بتا دے کہ اس وقت چودھری رمضان کہاں ہے تو مچھلی اس کی۔''

اب چودھری رمضان کی کسی کو خبر نہ تھی۔ لوگوں نے اس کے متعلق مختلف اندازے لگائے لیکن اسماعیل نے سب کے دعوے رد کر دیے۔

بالآخر لچھمن سنگھ نے کہا۔''دیکھو اسماعیل! ہمیں پتہ ہے کہ تم یہ مچھلی نہیں چھوڑو گے۔ اچھا بتاؤ کہاں ہے چودھری رمضان؟''

اسماعیل نے ہنستے ہوئے کہا۔''جب ہم لڑنے کے لیے تیار تھے تو وہ ادھر سرکنڈوں میں چھپ گیا تھا۔ جب اندر سنگھ نے شیر سنگھ کو لاٹھی ماری تھی تو اس نے یہ سمجھا کہ لڑائی شروع ہوگئی ہے اور وہ جھاڑیوں میں سے ہوتا ہوا اس گنے کے کھیت میں پہنچا اور پھر ہماری مکئی کے کھیت سے گزر کر لال سنگھ کے گنے کے کھیتوں میں سے گزرتا ہوا اپنے گھر کی طرف بھاگا لیکن

اتنی دیر میں اباجی بند بندھوانے کے لیے گاؤں سے باقی آدمی لے کر آرہے تھے۔ اس نے اس کا شور سن کر یہ خیال کیا کہ وہ اس کی تلاش میں آرہے ہیں۔ وہ الٹے پاؤں بھاگا اور گنے کے کھیتوں میں چھپتا ہوا چچا علی محمد کے جوار کے کھیت میں جا چھپا۔

اتنی دیر میں گاؤں کے دوسرے آدمی مدد کے لیے آرہے تھے، چودھری رمضان نے جوار کا کھیت بھی اپنے لیے محفوظ نہ سمجھا، وہ وہاں سے بھاگ کر گنے کے کھیتوں میں آ گیا۔ اب اسے یہ پتا نہ تھا کہ وہ کس طرف جارہا ہے۔ پانی کی کھائی میں چلتا ہوا وہ پھر اس طرف آنکلا، تم بند باندھ رہے تھے لیکن اس نے یہ سمجھا کہ تم لڑائی میں مارے جانے والوں کی لاشیں دبا رہے ہو۔ وہ الٹے پاؤں لوٹا اور اب وہ ہمارے گنے کے کھیت میں بیٹھا ہوا ہے!'' (۱۱)

یہی چودھری رمضان پسرور سے اپنے گاؤں کی عورتوں کی فرمائش پر ان کے لیے ہانڈیاں لاتے ہوئے کرایے کے معاملے میں ریلوے کے بابو سے جھگڑتا ہے تو بھی قہقہے بکھیرتا چلا جاتا ہے۔ اسی ناول کا خیر دین کمہار بھی اگرچہ باقاعدہ مزاحیہ کردار نہیں لیکن حسبِ ضرورت قہقہہ آور افعال کا ارتکاب کرتا ہے۔ اس کے کے علاوہ لچھمن سنگھ اور کاکو عیسائی ایسی جوڑی ہے جو ہمہ وقت ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش میں مصروف رہتے ہیں اور اسی کوشش میں اکثر و بیشتر خندہ خیز حرکتیں کر بیٹھتے ہیں۔

''پردیسی درخت'' کا ماسٹر جگن ناتھ بھی کرداری مزاح کے حوالے سے نسیم حجازی کی ایک کامیاب کوشش ہے۔ ایک دن وہ لڑکوں کو سزا دیتے ہیں لیکن جب بہادر سنگھ کی باری آتی ہے تو نہایت مزاحیہ صورتِ حال پیدا ہوجاتی ہے:

''بہادر سنگھ کی باری آئی تو ماسٹر جگن ناتھ نے غصے کی حالت میں بید بلند کیا تو اس نے اپنا ہاتھ پیچھے ہٹالیا۔ بید ڈیسک پر لگا اور اس کے ساتھ ہی

سر کی جنبش کے باعث ماسٹر جگن ناتھ کے بال ماتھے پر بکھر گئے۔ ماسٹر جی نے بید والے ہاتھ سے اپنے سر کے بکھرے ہوئے بال ٹھیک کیے اور دوبارہ زیادہ زور سے بید مانے کی کوشش کی لیکن بہادر سنگھ نے پہلے سے زیادہ پھرتی سے ہاتھ پیچھے کر لیا اور ماسٹر جی آپے سے باہر ہو گئے۔ ان کی تیسری کوشش یہ تھی کہ بہادر سنگھ کا ہاتھ اپنے ہاتھ کے اوپر رکھ لیا اور بید مارنے کی کوشش کی اور ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ اگر اب تم نے ہاتھ پیچھے کیا تو چمڑی ادھیڑ دوں گا لیکن بہادر سنگھ اس مرتبہ بھی ہاتھ پیچھے کرنے سے نہ رہ سکا۔ بید پھر ڈیسک پر لگا اور ساری کلاس ہنس پڑی۔ ماسٹر جگن ناتھ نے ہانپتے کانپتے اپنے بال ٹھیک کیے پھر مضبوطی سے بہادر سنگھ کے دائیں ہاتھ کی کلائی اپنے بائیں ہاتھ میں پکڑ لی اور ایڑیاں اٹھا کر پوری قوت سے بید مارا۔ بہادر سنگھ نے عین وقت پر اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور بید ماسٹر صاحب کی کلائی پر لگا اور انہوں نے درد سے کراہتے ہوئے ''تیرا بیڑا غرق'' کہہ کر اپنی کلائی پکڑ لی۔'' (۱۲)

نسیم حجازی کے اس ناول میں واقعاتی مزاح بھی ہے۔ اس کی بہترین مثال لچھمن سنگھ کے بھینسے کا چودھری رمضان کے کوٹھے کی چھت پر چڑھ جانے کا منظر ہے جو اپنے وزن کی وجہ سے کڑیاں توڑ کر اندر لٹک جاتا ہے۔ نسیم حجازی نے یہ منظر یوں پیش کیا ہے:

''لچھمن سنگھ کی کوشش ہوتی تھی کہ اس (پیال کے) ڈھیر کی سطح رمضان کے کوٹھے سے نیچے نہ ہونے پائے۔ جس دن رمضان نے کوٹھے پر گندم ڈالی تھی، لچھمن سنگھ نے اپنی بکریاں باندھ لی تھیں لیکن اس کا بھینسا کسی طرح کھل گیا اور خدا معلوم اسے کیا سوجھی کہ وہ پیال کے ڈھیر پر سے گزرتا ہوا چودھری رمضان کے کوٹھے پر جا پہنچا۔ چودھری رمضان اندر بیٹھا روٹی کھا رہا تھا کہ اوپر

کھڑ کھڑاہٹ سنائی دی۔ مٹی گری اور اس کے ساتھ ہی چھت سے یکے بعد دیگرے دو سیاہ ٹانگیں نمودار ہوئیں۔ بھینسے کی ٹانگیں۔ میاں بیوی سکتے کے عالم میں ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے تھے۔ باہر سے جلال اور اس کی بہن نے دہائی مچادی ۔''ماں! ماں! چھمن سنگھ کا بھینسا کوٹھے پر چڑھ گیا۔'' رمضان کسی بہت خطرناک جن کا تصور کر رہا تھا۔ وہ ہانپتا ، کانپتا اور لرزتا ہوا باہر نکلا۔ تھوڑی دیر دم لینے کے بعد وہ لکڑی کی سیڑھی سے اوپر چڑھا۔ چھمن سنگھ کے بھینسے کی گردن چھت کے ساتھ لگی ہوئی تھی۔ اس کی اگلی دو ٹانگیں نیچے دھنس گئی تھیں۔ پچھلی ٹانگیں ابھی تک پیال کے ڈھیر پر تھیں۔ بے کسی اور انکساری کا یہ پیکرِ مجسم اپنی خاموش نگاہوں سے چھت کی ناپائیداری کے خلاف احتجاج کر رہا تھا۔'' (۱۳)

یہاں پہنچ کر قاری ہنسے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اسی طرح وہ واقعہ بھی بہت مزاحیہ ہے جس میں سلیم کا گھوڑا پیر ولایت شاہ کے سینے کے لٹکتے ہوئے گوشت کو پکڑ لیتا ہے اور وہ لوگوں کو مدد کے لیے پکارتا ہے:

''پیر جی اپنا فقرہ پورا نہ کر سکے۔ سلیم کو ہاتھ لگانے کی دیر تھی کہ گھوڑے نے ان کے فربہ سینے کا فالتو گوشت جو چلتے وقت اوپر نیچے اچھلا کرتا تھا ، اپنے دانتوں کی گرفت میں لے لیا۔ ولایت شاہ کی کیفیت اس ہاتھی سے مختلف نہ تھی جس کی سونڈ شیر کے منہ میں آ چکی ہو۔ وہ اپنی پوری قوت سے چیخ رہے تھے۔'' (۱۴)

اسی طرح وہ منظر واقعاتی مزاح کی ایک بہترین مثال ہے جس میں بڈھن شاہ اور اس کا مرید غلام نبی ڈومنے سے بچاؤ کے لیے جوہڑ میں پناہ لیتے ہیں لیکن مکھیاں اس سے پہلے ہی اپنا بیشتر کام مکمل کر چکی ہیں۔ مکھیوں کے جانے کے بعد پیر اور مرید جوہڑ سے نکل کر یوں

گفتگو کرتے ہیں:

چند ثانیے بعد بڈھن شاہ اٹھ کر بیٹھ گیا اور فکر مند ہو کر بولا۔
''چودھری جی! وہ پھر تو نہیں آجائے گا؟''
غلام نبی کا برا حال ہو چکا تھا۔ اس نے کہا۔''کالا بھوت آ بھی جائے تو آپ کی شکل اتنی بدل چکی ہے کہ وہ آپ کو نہیں پہچان سکے گا۔ میرا مطلب ہے کہ آپ کے ہاں بچے بھی آپ کو دیکھ کر بھاگ جائیں گے اور ابھی تو آپ کے چہرے پر سوجن آنی شروع ہوئی ہے اور سائیں جی آپ اپنے مرید کی طرف دیکھ رہے ہیں! آپ کو ڈر نہیں آتا اس سے؟'' (۱۵)

نسیم حجازی کی سنجیدہ تحریریں بھی شگفتگی سے خالی نہیں ہوتیں۔ ان کے ناول 'پردیسی درخت' کا ہیرو یوسف اپنے بچپن کا ایک واقعہ بیان کرتا ہے جب وہ اپنے چھوٹے بھائی کے ساتھ گنے کے کھیتوں میں سے گزر رہا تھا کہ یکا یک ایک خوف ناک درندہ دکھائی دیا۔ اس نے اپنے بھائی کو دوڑایا اور تھوڑی دیر بعد اس سے آملا۔ پھر رک گیا اور تھوڑے فاصلے پر پھر جا ملا۔ اس موقعے پر ایک پروفیسر صاحب اور یوسف (ہیرو) کے درمیان ہونے والی یہ گفتگو اپنے اندر گدگدی کا احساس لیے ہوئے ہے:

پروفیسر نے پوچھا۔''آپ رک کیوں جاتے تھے جناب؟''
''پروفیسر صاحب! درندے سے زیادہ مجھ پر اس بات کا خوف سوار تھا کہ اگر درندے نے حملہ کر دیا تو میرا بھائی دوڑ میں پیچھے رہ جائے گا۔'' (۱۶)

اسی طرح جب نسرین چچا کا گلہ کرتی ہے کہ وہ اسے چڑیا گھر کی سیر نہیں کرا سکے اور ہمیشہ امتحانات میں مصروف رہنے کا بہانہ کرتے ہیں تو اس کی نانی شگفتہ سا جواب دیتی ہیں:

''بیٹی! اپنی تعلیم ختم کر کے جب وہ لاہور واپس آئے گا تو میں اسے کہوں گی کہ وہ تمہیں جی بھر کر چڑیا گھر کی سیر کرائے اور اس بات کی کوشش

کرے کہ چڑیا گھر والے تمہارے لیے وہاں ایک خوب صورت سا پنجرہ بنوا دیں۔'' (۱۷)

فہمیدہ کے چچا ڈاکٹر جمیل لندن میں اپنے کلاس فیلو ڈاکٹر کمال الدین کے لیے فہمیدہ کا رشتہ تجویز کرتا ہے لیکن سب خاندان والے اس کے خلاف ہیں۔ اس کی تصاویر دیکھ کر نسرین اپنی روایتی تیزی سے کام لیتے ہوئے اسے ''چونچ'' کا لقب دیتی ہے۔ ایک موقعے پر یوسف کے پوچھنے پر وہ اس کا حلیہ یوں بیان کرتی ہے:

''اس کی ایک آنکھ ذرا اوپر اور ایک ذرا نیچے ہے۔ ناک لمبوتری ہے۔ بالکل لنگور کی طرح۔ گردن لمبی اور صراحی دار ہے، ایسی جیسی اونٹ کی ہوتی ہے۔'' (۱۸)

اسی طرح جب قدسیہ، بلقیس کے گھر سے روانہ ہوتی ہے تو اس وقت باہر تیز دھوپ ہے۔ بلقیس بار بار اصرار کرتی ہے کہ قدسیہ رک کر دھوپ کم ہونے کا انتظار کرے لیکن قدسیہ جلدی جانے پر مصر ہے۔ بالآخر جب بلقیس اسے رخصت کرنے کے لیے گیٹ کی طرف چلتی ہے تو قدسیہ اسے گرمی میں نہ نکلنے کی تاکید کہتی ہے۔ اس موقعے پر بلقیس کا خاوند عبدالعزیز عورتوں کے باتونی پن پر یوں طنز کرتا ہے:

''اگر ایک دوسرے کے آرام کا اتنا خیال ہے تو وہ باتیں جو عورتیں رخصت ہوتے وقت دروازے سے باہر کیا کرتی ہیں وہ یہاں برآمدے میں ہی کرلیں۔'' (۱۹)

ان شواہد سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ نسیم حجازی کا قلم طنز و مزاح کا فطری رجحان رکھتا ہے اور بغیر کسی کاوش کے شستہ و رفتہ لکھتا چلا جاتا ہے۔ چونکہ طنز اصلاح کا ایک حربہ ہے اور نسیم حجازی بامقصد ادب تخلیق کرتے ہیں، اس لیے یہ ان کی تحریروں کا جزوِ لاینفک ہے۔ البتہ مزاح کو وہ تحریر میں تازگی لانے کے لیے بطورِ حربہ استعمال کرتے ہیں۔ درج بالا مثالیں اس بات کے ثبوت کے لیے کافی ہیں۔

نسیم حجازی کی مزاحیہ کتب کا مطالعہ

نسیم حجازی کی چار مستقل مزاحیہ تصانیف ہیں ۔ یہ ''سوسال بعد'' ، ''ثقافت کی تلاش'' ، ''سفید جزیرہ'' اور ''پورس کے ہاتھی'' ہیں۔

عمومی تحریروں کے برعکس ان کتب میں مزاح زیادہ اور طنز کم ہے لیکن یہ فرق اتنا نہیں ہے کہ قاری قہقہے ہی مارتا رہے اور کبھی کبھار کوئی ٹیس محسوس کرے۔ ان کے مطالعے کے دوران میں قاری کی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ وہ قہقہے پہ قہقہ لگاتا ہے لیکن ہر قہقہے کے ساتھ درد کی ایک ٹیس بھی محسوس کرتا ہے۔ ان تصانیف میں مزاح کی مختلف اقسام موجود ہیں مثلاً واقعاتی مزاح ، کرداری مزاح ،لفظی مزاح وغیرہ۔ چاروں کتب کے موضوعات مختلف ہونے کی وجہ سے ان کا الگ الگ مطالعہ پیش کیا جاتا ہے۔

'سوسال بعد' میں طنز و مزاح

یہ نسیم حجازی کی سب سے پہلی مزاحیہ کتاب ہے۔ ان کا قلم 'پیش لفظ' سے ہی اپنی جولانیاں دکھانا شروع کر دیتا ہے۔ اس تصنیف کا مسودہ قبل از اشاعت مصنف کے احباب کے پاس گھومتا اور پڑھا جاتا رہا۔ چھ ماہ کے بعد واپس آنے پر نسیم حجازی اس کی خراب حالت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''قریباً چھ ماہ میرے قدر دان دوستوں پھر ان کے دوستوں اور ان کے دوستوں کے دوستوں کے پاس (مسودہ) گھومتا رہا۔ اب جب یہ مسودہ میرے پاس پہنچا ہے تو اس کی قریب قریب وہی حالت ہے جس کے بعد گاندھی جی کایا کلپ کی ضرورت محسوس کیا کرتے ہیں۔'' (۲۰)

اس تصنیف کا موضوع ہندومت کے ''اہنسا'' اور عدمِ تشدد' کے وہ نظریات ہیں جو نسیم حجازی کے خیال میں بھارت کو متعدد مشکلات کا شکار کرتے ہیں۔ اس تصنیف میں تمثیلی اسلوب کے ساتھ ساتھ ڈرامے کے اجزائے ترکیبی بھی موجود ہیں۔ اس میں تمثیل کی طرح

مبالغہ ہے اور اس کے ابواب ڈرامے کے مناظر کی طرح بدلتے ہیں۔ اس طرح یہ کتاب تمثیل اور ڈرامے کا امتزاج ہے۔اس میں نہ صرف پاکستان کو مٹانے کی بھارتی خواہش کی تکمیلی کوشش دکھائی گئی ہے بلکہ پاکستان کو ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار دکھایا گیا ہے۔نسیم حجازی کی اس طرح کی کتابوں میں یہی واحد کتاب ہے جو پاکستانیوں کی پے در پے سیاسی و انتظامی غلطیوں کے باعث حقیقت سے برعکس منظر پیش کر رہی ہے اور دنیا دیکھ رہی ہے کہ ہندوستان روز افزوں ترقی کرتا جاتا ہے اور پاکستان روز بہ روز زوال کا شکار ہوتا جا رہا ہے لیکن غور کریں تو آج بھی نسیم حجازی کے تخیل کی کرشمہ سازی بھارت کے طول وعرض میں وہ مناظر دکھا رہی ہے جو''سو سال بعد'' میں تفصیل سے پیش کیے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر آج دہلی دارالحکومت ہونے کے باوجود گائے ماتا اور بندر ہنومان کی بالادستی کا منہ بولتا ثبوت پیش کرتا ہے۔

کتاب کا آغاز 'دلچسپ پہلو' کے زیرِ عنوان ریڈیو مریخ سے نشر ہونے والے مضامین کے ایک سلسلے سے ہوتا ہے۔مضمون نویسی کے اس مقابلے میں ایک ہندواستھانی کا مضمون انعام کا حق دارقرار پاتا ہے۔نسیم حجازی کے خیال میں یہ مضمون 'تقسیمِ ہند سے پہلے' کے عنوان سے شروع ہوتا ہے جس میں مضمون نگار ہندوستانی سیاست دانوں کے انگریزوں سے گٹھ جوڑ کے بل بوتے پر مسلمانوں کو آزادی سے محروم رکھنے کے لیے استعمال کیے گئے مختلف ہتھکنڈے بیان کرتا ہے۔ مثلاً وہ کانگریس کی مسلم کش تجاویز کو''تحفظات'' کے عنوان سے پیش کرتے ہیں اور یوں ان کا مزاح طنز کی چبھن پیدا کرنے لگتا ہے۔ ان میں سے مثال کے طور پر یہ نکات دیکھے جا سکتے ہیں:

> ۳۔سرکاری مدارس میں قومی ترانہ بندے ماترم ہوگا لیکن جن مدارس میں مسلمان بچوں کی اکثریت ہوگی ان کے لیے اس کا عربی ترجمہ رائج کیا جائے گا۔
>
> ۴۔مسلمانوں کو داڑھیاں رکھنے کی عام اجازت ہوگی لیکن مونچھیں ایسی نہ

ہوں جو مرعوب کر سکیں۔'' (۲۱)

اسی طرح ''مراعات'' کے نام پر مسلمانوں کو جو سبز باغ دکھایا جاتا ہے اس کی ایک جھلک یہ ہے:

''۱۔ ہندو اکثریت کے حقوق میں سے ۲۰ فی صدی ان مسلمانوں کے لیے مخصوص کیے جائیں گے جو جیو رکھشا اور گوشت نہ کھانے کا وعدہ کریں گے۔
۲۔ اہنسا پرمودھرما کی تبلیغ کے لیے سرکاری خرچ پر جو ادارہ کھولا جائے گا اس میں ننانوے فی صدی ملازمتیں مسلمانوں کو دی جائیں گی۔
۳۔ ہندو اکثریت کے حقوق میں سے ۳ فی صدی ان مسلمانوں کے لیے مخصوص کیے جائیں گے جن کے نام خالص بدیشی ہونے کی بجائے آدھے دیسی اور آدھے بدیشی ہوں۔ مثلاً یوسف گوپال اور خان چند وغیرہ۔
۴۔ گھر یا اسکول سے بھاگ جانے والے مسلمان بچوں کو ریل گاڑی میں بلا ٹکٹ سفر کرنے کی اجازت ہو گی۔'' (۲۲)

ان اقدامات کے باوجود مسلم لیگ الگ وطن پر سمجھوتہ نہیں کرتی تو اس کا کانگریس کے ساتھ خوش گوار ماحول میں تقسیمِ ہندوستان کا معاہدہ ہو جاتا ہے لیکن اسی اثناء میں ''ہندوستان کے جنوب میں'' اچھوتوں کا دراوڑستان کا مطالبہ زور پکڑ تا ہے۔ اس کے جواب میں ہندوستان کا وزیرِ اعظم اعلان کرتا ہے:

''ہم اپنے مسائل خود طے کریں گے۔ اگر ہم مسلمانوں کے ساتھ سمجھوتہ کرنے میں کامیاب ہو گئے تھے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم اچھوتوں کو جو ہمارے بھائی ہیں اور ہمارے جسم کا ایک ٹکڑا ہیں خوش نہ کر سکیں ....
اگر ہمارے اچھوت بھائی ڈراوڑستان کا مطالبہ واپس لے لیں تو ہم ان کے تمام مطالبات مان لینے کے لیے تیار ہوں گے۔'' (۲۳)

یہاں اچھوتوں کو ہندوؤں کے جسم کا حصہ کہنا تو ٹھیک ہے کیوں کہ ہندو عقیدے کے مطابق پرماتما نے چار قومیں پیدا کیں لیکن انھیں اپنے برابر اور بھائی ماننا نسیم حجازی کے طنز کا کمال ہے۔ مطلب یہ کہ ہندو اپنے مفاد کی خاطر کسی بھی حد تک جا سکتا ہے۔ جب اس کے بعد بھی شودر اپنے مطالبے پر قائم رہتے ہیں تو انہیں مریخ پر زمینیں اور مراعات دینے کا اعلان ہوتا ہے جس میں یہ رمز ہے کہ برہمن نیچ ذات کو کم از کم اس کرۂ ارض پر کوئی حقوق دینے کا روادار نہیں ہے۔

اس کے بعد 'بکری کی جے' کے عنوان کے تحت دیش بھگتوں کی ایک مجلس دکھائی گئی ہے جس میں وہ ملیچھوں (مسلمانوں) سے نجات ملنے (قیامِ پاکستان) کو بھگوان کی کرپا گردانتے ہیں اور جیو رکھشا کے حوالے سے اپنی مرضی کے قوانین بناتے ہیں۔ اس وقت منظر بہت مزاحیہ ہو جاتا ہے جب مہا گورو جیو ہتیا کی سزائیں تجویز کرتا ہے۔ وہ مختلف جانوروں کو مارنے اور تنگ کرنے کی سزائیں مضحکہ خیز انداز میں تجویز کرتا ہے۔ جب اونٹ کی باری آتی ہے تو اسے مسلمانوں کی جون قرار دیتے ہوئے تنگ کرنے کی کوئی سزا نہیں بتاتا۔ یہ موقع بھی طنز کا ہے کہ اونٹ بھی تو جانور ہے۔

'گستاخ سفیر' کے عنوان کے تحت نسیم حجازی یہ حقیقت کھولتے ہیں کہ ہندو کا عقیدہ ہے کہ غیر ملکی زبان بولنے سے ان کی زبان بھرشٹ ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ہندوستانی راشٹر پتی کا سیکریٹری جب مسلمان سفیر کا نام بتاتا ہے تو نسیم حجازی یوں مزاحیہ صورتِ حال پیدا کرتے ہیں:

> ''سیکریٹری: جی یہ لکھا ہے جی۔۔۔ فخر الدولہ احتشام الملک عماد الدین ابوالاسد ظہیر الدین بابر سیف الدین یوسف عباس قاسمی راشٹر پتی: ان کم بختوں کی رگوں میں کوٹ کوٹ کر شرارت بھری ہوئی ہے۔ اب اور کوئی صورت نظر نہیں آئی تو اپنے ناموں میں بدیشی زبان کے بے شمار لفظ ٹھونس کر یہ ہماری زبان بھرشٹ کرنا چاہتے ہیں۔'' (۲۴)

اسی طرح یہ بھی ہندومت کا عقیدہ ہے کہ جانور دراصل انسانوں کی بگڑی ہوئی شکلیں

ہیں۔ آواگون کے اسی عقیدے کا ذکر کرتے ہوئے نسیم حجازی نے ہندوستانی راشٹر پتی کی گفتگو میں لکھا ہے:

''میں آپ کو کس طرح سمجھاؤں کہ اس ملک میں مچھر سے لے کر ہاتھی تک تمام جاندار ہمارے بزرگوں کی بدلی ہوئی صورتیں ہیں اور ہم مسلمانوں کو یہ اجازت نہیں دے سکتے کہ وہ ہماری آنکھوں کے سامنے ان کے گلے پر چھریاں چلائیں۔ (۲۵)

اگلے صفحات میں 'گوشت خوروں سے چند شکایات' بھی طنز سے بھر پور ہیں۔ پھر جیو رکھشا کی تحریک کے 'تمیں سال کے بعد' ہندوستان میں جانوروں کی تعداد اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ صورتِ حال یوں بن جاتی ہے:

''ہندو استھان کے جانوروں کو اگر انسانی آبادی پر یکساں طور پر تقسیم کیا جائے تو ہر انسان کے حصے میں اندازاً سو گائے ، تین سو بکری ، پچاس گدھے ، تمیں گھوڑے ، سو بھینسیں ، ایک ہزار سانپ ، چار سو کتے ، پچاس بندر اور پانچ ہر نسل کے جنگلی درندے ایک ہاتھی، تمیں اونٹ ، دو سو بلیا ، پندرہ سو مرغیاں اور دو سو بھیڑیں آتی ہیں۔ جنگلی چوپاؤں ، پرندوں ، چوہوں ، مکھیوں اور مچھروں کا کوئی شمار نہیں۔'' (۲۶)

اب ہندوستان میں جانوروں کے مقابلے میں انسانوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ جانور بازار میں آجائیں تو دکانیں بند کی جاسکتی ہیں لیکن انہیں بھگایا نہیں جاسکتا۔ ٹرین پر انسانوں سے پہلے بندروں کا سوار ہونا قابلِ ترجیح ہے۔ اس صورتِ حال کو نسیم حجازی نے ہندوستان کے کسی ہوٹل میں مقیم ایک پاکستانی کے قلم سے 'میاں عبدالشکور کی رپورٹ' بنا کر پیش کیا ہے۔ وہ جنگلی جانوروں کے لاتعداد ریوڑوں کے شہروں میں بلا خوف و خطر دندنانے اور جیو رکھشائی قوانین کی موجودگی میں انسانوں کی بے بسی کی مفصل حالت بیان کرتا ہے۔ اس

رپورٹ کا وہ واقعہ نہایت طنز و مزاح سے پُر ہے جس میں پندرہ بیس بندر اس کے کمرے میں گھس کر اس کے کپڑے اور کاغذات تباہ کرتے ہیں اور وہ اپنی چھڑی سے ان میں سے تین کی پٹائی کرتا ہے۔ اس جرم کی پاداش میں اس کو گرفتار کر کے مقدمہ چلایا جاتا ہے اور اسے سزا سنانے پر بندر جج کا منہ چومنے لگتے ہیں:

''مجھے تین سال قید بامشقت کی سزا ملنی چاہیے تھی لیکن جج نے کمال مہربانی سے مجھے اس بات کی رعایت دی کہ میں پاکستانی تھا اور مجھ سے جو کچھ ہوا اضطراب کی حالت میں ہوا۔ اس کے علاوہ میرا حملہ مدافعانہ تھا۔ اس لیے مجھے ایک سال دو ماہ تین دن قید کی سزا دی گئی ۔جب مجھے ہتھکڑی پہنائی گئی تو بندر اپنی کرسیوں سے اچھل کر جج کی میز پر جا بیٹھے اور اس کے گلے سے لپٹ لپٹ کر اس کا منہ چومنے لگے۔ ایک بندر نے زیادہ محبت جتانے کے لیے اس کی ٹوپی اتار کر اپنے سر پر رکھ لی'' (۲۷)

چوہوں نے بھارت کے عام آدمی کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے۔نسیم حجازی لکھتے ہیں:

''ہر گھر میں چوہوں کی ایک فوج رہتی ہے اور یہ انسانوں کے ساتھ اس قدر بے تکلف ہو چکے ہیں کہ عام طور پر ان کے ساتھ ہی کھانے پر بیٹھ جاتے ہیں انہیں ڈرایا جاسکتا ہے لیکن مارنے کی اجازت نہیں لیکن اب یہ بھی کھوکھلی دھمکیوں کو بے پروائی سے دیکھنے کے عادی ہو چکے ہیں اس لیے لوگ کھانا کھاتے وقت بلیوں کو اپنے پاس بٹھا لیتے ہیں۔'' (۲۸)

اگلا عنوان 'چوہے کی سرگزشت' ہے۔ اس میں انسانو ں کے قریب رہتے ہوئے جانوروں میں پیدا ہوجانے والے ممکنہ سماجی شعور کا جائزہ لینے کے لیے روسی سائنس دان ایک ہندوستانی چوہا اغوا کرتے ہیں ۔ جب دنیا بھر کے سائنس دان اس کا آپریشن کرتے ہیں تو ہندو مشتعل ہو جاتے ہیں۔ ہندوستانی حکومت چوہے کو بچانے کے لیے بذریعہ ہوائی جہاز اپنے

آدمی ماسکو روانہ کرتی ہے۔ لیکن روسی حکومت اس چوہے کو تو نہیں بچاتی مگر اس کے بدلے میں ایک ہزار چوہے ہندوستان بھجواتی ہے۔ تب کہیں جا کر ہندوستانیوں کو چین نصیب ہوتا ہے۔

بعد ازاں جانوروں کے نقصانات سے بچنے کے لیے 'انسدادی تدابیر' کا ذکر ہے۔ ان کی تعداد کم کرنے کی بجائے شہروں اور بستیوں کے گرد مضبوط دیواریں اور خندقیں بنائی جاتی ہیں۔ فصیل شدہ شہروں میں آبادی کا بے تحاشا دباؤ بڑھنے سے ''عام ہیجان'' پیدا ہوتا ہے اور باہر کی آبادیوں اور دیہاتوں کو محفوظ کرنے کے لیے توپیں نصب کرنے کی ''ایک خوشگوار تبدیلی'' رونما ہوتی ہے۔ جانوروں کی بہتات کا یہ عالم ہے کہ:

> ''۲۰۱۵ء میں یورپ اور امریکہ کے سائنسدان مریخ تک پہنچنے کی سرتوڑ کوشش کر رہے تھے لیکن ہندواستھان کے بہترین دماغ فقط جانوروں سے نجات حاصل کرنے کی تدابیر پر غور کر رہے تھے۔'' (۲۹)

جانوروں کی بے پناہ کثرت ہندوستان کو ''چور بازار'' بنا دیتی ہے۔ غربت کے مارے لوگ ان جانوروں کو چوری چھپے سرحد پار لا کر فروخت کرنے لگتے ہیں۔ سخت حکومتی پابندیوں کے نتیجے میں لاکھوں لوگ ڈیڑھ کروڑ جانوروں کے ساتھ پاکستان آ جاتے ہیں اور نسیم حجازی انہیں ''گوشت خوروں کے مہمان'' لکھتے ہیں۔ یہاں وہ اپنے جانور بیچ کر گھر بنا لیتے ہیں اور پھر اسی طرح کا ''ایک اور قافلہ'' آ پہنچتا ہے۔ نتیجتاً پاکستان کی جنوبی سرحد پر ہندوؤں کی ''ایک نئی ریاست'' وجود پذیر ہوتی ہے۔ اس پر پاکستان کے خلاف حکومتِ ہندوستان کا غصہ عروج پر پہنچ جاتا ہے۔ وہ سرحد کے ساتھ ساتھ دیوار اور جانوروں کے لیے بڑی بڑی پناہ گاہیں بناتی ہے اور ان میں جانور پالنا شروع کرتی ہے۔

اتنے میں سائنس دانوں کا ''مریخ سے پہلا پیغام'' موصول ہوتا ہے جس میں ہندواستھان میں پائی جانے والی چھوٹے قد کی بکری کو مریخ پر آباد کرنے کی صورت میں وہاں کروڑوں انسانوں کی آبادکاری کے امکانات کی خوش خبری دی جاتی ہے لیکن ہندو اپنی بکری ماتا

کی بجائے اونٹ کو ''ملک بدر'' کرنے پر تیار ہوتے ہیں۔ اس میں طنز کا پہلو یہ ہے کہ ہندو انسانی بھلائی پر ہمیشہ اپنے انسانیت کش عقاید کو ترجیح دیتا ہے۔

پھر ''دیوارِ ہند کا راز'' اس وقت کھلتا ہے جب اچانک اس دیوار کو بارود سے اڑایا جاتا ہے اور کروڑوں جانوروں کو پاکستان کی طرف دھکیل دیا جاتا ہے تاکہ وہ اس ملک کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیں لیکن حکومتِ پاکستان اپنے انتظامات کی بدولت مضر جانوروں کی اکثریت کو ہلاک اور مفید جانوروں کو پکڑ لیتا ہے اور دوسرے ملکوں کے ہاتھ فروخت کر کے زرِ مبادلہ کماتا ہے۔

ہندوستان کو جانوروں کے اس ''طوفان کے بعد'' پلٹ کر آنے والے زخمی جانوروں کی دیکھ بھال اور ہلاک شدہ جانوروں کی ناگہانی خبروں پر ناقابلِ بیان حد تک نقصان اور صدمہ پہنچتا ہے۔ ہندواستھانی راشٹر پتی اپنی اس مہم کی ناکامی کے متعلق ریڈیو لاہور کی خبریں سنانے پر اپنے سیکریٹری کا طبی معاینہ کراتا ہے۔ اسی دوران میں ایک وزیر زخمی جانوروں کی مرہم پٹی کے سامان کے لیے امریکی صدر کو فون کرنے کی درخواست کرتا ہے جس پر راشٹر پتی اپنے حواس کھو بیٹھتا ہے کیوں کہ اسے یقین ہے کہ امریکی صدر اس کا مذاق اڑائے گا۔

نسیم حجازی ''حرفِ آخر'' کے طور پر اس کتاب کی اشاعت کے ڈیڑھ برس بعد قیامِ پاکستان کا ذکر کرتے ہیں۔ پھر وہ معتبر ہندوستانی اخبارات کی چند خبریں اور تبصرے پیش کرتے ہیں جن میں ''زبان کا مسئلہ''، ''چوہے''، ''جنگلی گائیں''، ''بندر''، ''درندے'' اور ''عدمِ تشدد کا مظاہرہ'' شامل ہیں۔ وہ ایسی اطلاعات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''میں بعض احباب کے اصرار پر ان میں سے چند اطلاعات کا خلاصہ پیش کررہا ہوں کسی تبصرے کے بغیر'' (۳۰)

وہ بندروں کی کثرت و شرارت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''بریلی۔ ۲۱/ اکتوبر۔ جس طرح لکھنؤ میں بھیڑیوں اور لگڑ بھگوں نے آفت مچا رکھی ہے، ایسے ہی یہاں بریلی میں بعض وحشی بندر آگئے ہیں جن

کی وجہ سے شہر میں پریشانی اور وحشت پھیلی ہوئی ہے۔ چند روز ہوئے ایک نسوانی اسکول کی کئی لڑکیوں پر حملہ کر کے بندروں نے ان کو زخمی کر دیا۔ کئی بچوں کو بری طرح مجروح کر چکے ہیں۔ دو دن ہوئے ایک بچہ جو پلنگ پر سو رہا تھا، بندر اٹھا لے گئے اور اس کو بری طرح مجروح کیا کہ بچہ کی آنکھیں نکل آئیں یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ مقامی حکام نے شکاریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ بندروں کو گولی مار دیں۔'' (۳۱)

اس سے نسیم حجازی کی اس پیش گوئی کو تقویت ملتی ہے کہ حکومتِ ہند عوامی نقصانات کے بعد با امرِ مجبوری جانوروں کی ہلاکت کی اجازت دے سکتی ہے۔ دوسری طرف عوام میں جیو رکھشا کا جذبہ اس انداز میں دکھائی دیتا ہے:

''احمد آباد۔ ۲۵/نومبر۔ ٹڈی مار سرکاری دستہ جو کہ گول میں جراثیم کش سرکاری گودام میں کام کر رہا تھا کہ تیس اشخاص نے اس پر حملہ کر دیا۔ دیسا قصبہ دریائے بنارس کے اس پار ایک خاردار جھاڑی لگادی گئی تھی تا کہ اس طرف سے ٹڈی دل نہ آسکیں اور فصل محفوظ رہ سکے لیکن اندھے اعتقاد کے لوگوں نے مصنوعی جھاڑی کو اکھاڑ دیا اور ٹڈیوں کے لیے سرسبز فصل برباد کرنے کے لیے راستہ کھول دیا۔ سرکاری افسروں کو یہ شکایت ہے کہ ٹڈیوں کو ہلاک کرنے کی اسکیم میں انہیں عوام کا تعاون حاصل نہیں ہو رہا ہے۔ ٹڈیوں پر رحم کھانا اور انہیں مارنے سے روکنے کے کام کو لوگ ثواب سمجھتے ہیں۔'' (۳۲)

نسیم حجازی کی یہ کتاب ہندومت کے بنیادی عقاید پر کڑی تنقید ہے۔ اس میں مخصوص ظریفانہ انداز اختیار کیا گیا ہے اور مصنف کا قلم ''کفر کی حرکت پہ خندہ زن'' ہے۔

'سفید جزیرہ' میں طنز و مزاح

نسیم حجازی کی یہ تحریر بھی فنی لحاظ سے ڈرامے اور تمثیل کا امتزاج ہے اور خاص مقصد

کے تحت لکھی گئی ہے۔ اس میں مزاح کی گدگدی سے زیادہ طنز کے نشتر چبھتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ جس مقصد کے لیے انہوں نے یہ کتاب لکھی تھی وہ اس کی اشاعت سے قبل پورا ہو چکا تھا۔ اس بات کی تصدیق ان کی تحریر کے اس اقتباس سے ہوتی ہے:

> ''میں نے قوم کے سینے پر ایک ناسور دیکھا تھا اور مجھے یقین تھا کہ اس کے علاج کے لیے ایک قابل جراح کی ضرورت ہے۔ اب ایک کامیاب آپریشن کے بعد ملت کے وجود سے سرطان کے خطرناک پھوڑے کی جڑیں نکالی جا چکی ہیں۔ پاکستان سے سکندر مرزا کے اخراج کے بعد میرے لیے یہ مسرت کم نہیں کہ اس کتاب کا اگر کوئی مقصد تھا وہ اس کی اشاعت سے پہلے پورا ہو چکا ہے۔'' (۳۳)

یہ نسیم حجازی کی خوش فہمی ہے۔ پاکستانی سیاست دانوں کی عاقبت نااندیشی قدم قدم پر اسکندر مرزا جیسے سینکڑوں رہنماؤں اور حکم رانوں کو جنم دے رہی ہے بلکہ نسیم حجازی نے اپنے خیال میں جس وجہ سے یہ کتاب لکھی تھی، وہ وجہ آج زیادہ شدت کے ساتھ موجود ہے کہ اسکندر مرزا کی طرح پرویز مشرف بھی غیر جمہوری اور غیر فطری طور پر برسرِ اقتدار آئے۔ نہ صرف یہ بلکہ یہ بھی کہ جنرل مشرف ''سائمن'' کی طرح فضا سے اترے اور حکم ران بن گئے نیز انہوں نے معاشرے کے ٹھکرائے ہوئے اور راندۂ درگاہ سیاست دانوں کو نیب اور این۔ آر۔ او کے زور پر ساتھ ملانے اور حکومت کرنے کی کوشش کی۔

نسیم حجازی اس کے باوجود اس کتاب کی اشاعت کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''اب اس تصنیف کا مقصد کسی سائمن کو امریکہ کا راستہ دکھانا نہیں بلکہ قوم کو ماضی کی غلطیوں کے اعادہ سے بچانا ہے۔'' (۳۴)

کتاب کا ہر عنوان ایک مکمل کہانی ہے اور ڈرامے کا ایک منظر محسوس ہوتا ہے۔ نسیم

حجازی نے انہیں ایک لڑی میں پروکر کتاب بنا دیا ہے۔ پہلے عنوان ''مسٹر جارج کی پرواز'' کے تحت نسیم حجازی تعدد و تلون کے ذریعے طنز و مزاح تخلیق کرتے ہیں۔ وہ روسی راکٹ میں سوار کرائے گئے جانوروں کی تعداد اور اقسام گنواتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اس راکٹ میں روس نے پانچ تربیت یافتہ کتے، تین سؤر، آٹھ بندر، گیارہ بلیاں، ڈیڑھ سو چوہے، بیس مرغیاں، آٹھ طوطے، چار کوے، تین گدھ، پندرہ سو مکھیاں، آٹھ ہزار مچھر اور مختلف بیماریوں کے پانچ لاکھ جراثیم روانہ کیے تھے۔'' (۳۵)

پھر برطانیہ میں سفرِ مریخ کے لیے ایک شخص کے انتخاب کے لیے لاٹری ٹکٹ کا اجراً اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والی کثیر رقم اس بات کا اشارہ ہے کہ انگریز حیلے بہانے سے دولت کمانا جانتا ہے جیسا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے تجارتی بہانے تاریخ کا حصہ ہیں۔ پھر منتخب ہونے والے جارج سائمن قہراللہ کا نیم مشرقی و نیم مغربی نام بھی ظرافت کا نمائندہ ہے۔ اس سے اس شخص کا انگریزوں کا وفادار مشرقی ہونا صاف نظر آتا ہے۔ اس کے بارے میں خود نسیم حجازی لکھتے ہیں:

''مریخ کے سفر کی لاٹری کا ٹکٹ اگر کسی انگریز کے نام نکلتا تو بھی شاید انگریز قوم کو اتنی خوشی نہ ہوتی۔ سر جارج ایک مشرقی ملک کا باشندہ ہونے کے باوجود انگریزوں سے زیادہ انگریز ہے۔'' (۳۶)

یہی نہیں بلکہ یہ کردار آگے چل کر مخلوقِ خدا کے لیے عملی طور پر بھی ''قہراللہ'' ثابت ہوتا ہے۔ راکٹ کی روانگی سے لے کر سفید جزیرے میں اترنے تک یہ باب مزاح میں بہت بڑھا ہوا ہے۔ یہاں نسیم حجازی دراصل تمثیلی انداز میں تاریخ لکھ رہے ہیں۔ وہ سر جارج قہراللہ کے خاندان کی تاریخ بیان کرتے ہوئے جو کچھ لکھتے ہیں اس سے صاف نظر آتا ہے کہ وہ میر جعفر کی اولاد میں سے ہے اور یہ تاریخی حقیقت ہے کہ سکندر مرزا کا سلسلۂ نسب میر جعفر سے ملتا

تھا۔ پھر یہ انکشاف کہ جارج قہراللہ کے دماغ میں بندر کے غدود فٹ کیے گئے تھے، نسیم حجازی کی اس رائے کا اظہار ہے کہ سکندر مرزا مغرب کا تربیت یافتہ سیاسی شریر تھا۔

اس کے بعد قاری کو سفید جزیرے کے سادہ لوح اور معصوم عوام ''بادشاہ کے متلاشی'' نظر آتے ہیں۔ اس باب کا وہ منظر قابلِ توجہ ہے جس میں سر جارج کے متعلق سب کچھ جانتے ہوئے بھی چنگ سن اسے مذہبی پیشوا کی جانب سے پہنائے جانے والے تاج کی عزت کرتا ہے۔ وہ اسے کنگ سائمن کا نام دیتا اور عوام کے سامنے مہمل تقریر کرنے کی تدبیر بتاتا ہے اور خود اس کا ترجمہ کر کے عوام کو سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ کنگ سائمن کی پہلی تقریر کے وقت عوام سے کہتا ہے:

> ''مغرب کے سائنس دانوں نے مریخ کے ترقی یافتہ انسانوں کی نشریات سننے کے بعد وہاں کی زبان کی ایک ڈکشنری تیار کی ہے۔ جب میں یورپ گیا تھا تو مجھے اس ڈکشنری سے استفادہ کا موقع ملا تھا۔ مجھے یقین ہے کہ اگر حضور پرنور نے زیادہ فصاحت و بلاغت سے کام نہ لیا تو میں آپ کے سامنے ان کی باتوں کا مفہوم پیش کر سکوں گا۔'' (۳۷)

اس سے یہ پہلو روشن ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں اچھے لوگ بھی جہلاء کے ہاتھوں مجبور ہو کر قبیح فیصلوں کی پشت پناہی کرنے لگتے ہیں اور اچھے وقت کی امید پر برے نظام کا حصہ بن جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ پروٹوکول ہماری ایک بڑی بدقسمتی ہے جس پر قومی دولت بے دریغ بہائی جاتی ہے۔ نسیم حجازی نے اس پر گرفت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ کنگ سائمن کو ایک سو تیس گولوں کی سلامی دی گئی اور اس کے لیے گیارہ بڑے گیٹ نصب کر کے سجائے گئے۔ راستے میں چٹائیاں بچھائی گئیں۔ سائمن کے پوچھنے پر چنگ سن کا یہ کہنا بھرپور طنز ہے:

> ''یہ کوئی قابلِ فخر کارنامہ نہیں۔ میری قوم استقبالیہ پھاٹک تیار کرنے، چٹائیاں بچھانے اور جھنڈیاں لہرانے میں کافی مہارت پیدا کر چکی ہے۔'' (۳۸)

اگلا عنوان ''کنگ سائمن اور مادام وائٹ روز'' کے نام ہے۔ جب سائمن اپنی پرسنل سیکریٹری سے شادی کی خواہش کا اظہار کرتا ہے تو وہ قانون کے مطابق اس کے محدود دورِ حکومت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے صرف تین سال کے لیے ملکہ بننے کی بجائے ہمیشہ کے لیے بادشاہ کی مصاحب بننے کو ترجیح دیتی ہے جس پر سائمن کہتا ہے:

> ''روز! تم کتنی نادان ہو۔'' سائمن نے سنجیدہ ہو کر کہا۔ ''میں کوئی سادھو یا درویش نہیں ہوں کہ تین سال بعد خوشی سے اقتدار کی مسند چھوڑ دوں گا۔۔۔۔۔۔ تاریخ گواہ ہے کہ اقتدار کے حصول کے لیے میرے خاندان کے حقیر ترین افراد بھی انتہائی کامیاب سازشیں کر چکے ہیں اور مجھے تو بن مانگے بادشاہت مل گئی ہے۔ تمہیں میرے متعلق یہ غلط فہمی کیسے ہوئی کہ میں ان لوگوں کی سادگی اور حماقت سے فائدہ اٹھانے کی کوشش نہیں کروں گا اور جیتے جی بادشاہت سے دستبردار ہو جاؤں گا۔'' (۳۹)

یہاں ایک طرف ہمارے حکم رانوں کی رومان پرستی پر چوٹ کی گئی ہے اور دوسری طرف اسکندر مرزا کی خاندانی تاریخ پر گہری طنز کی ہے کہ وہ غداروں اور طالع آزماؤں کا خاندان ہے؛ لہٰذا اس شخص سے کسی بھی ہتھکنڈے کی امید کی جا سکتی ہے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ پاکستان میں کئی حکم ران نوے دن کے لیے آئے اور پھر سال ہا سال مقتدر رہے اور بدقسمتی سے نسیم حجازی اپنی تمام تر دانائی کے باوجود ان کے ساتھ چلتے رہے مثلاً ایوب خان اور ضیاء الحق مرحوم۔ یہ الگ بات ہے کہ مقاصد میں ہم آہنگی نہ ہونے کے سبب نسیم حجازی جلد ان آمروں سے الگ ہو جاتے۔ اسی طرح جب ''مادام لوئزا'' نسیم حجازی کی کتاب اور کنگ سائمن کی زندگی کا عنوان بنتی ہے تو اسے پانے کے لیے ہز میجسٹی ملکہ وائٹ روز کا منہ نوچ لیتے ہیں اور مادام لوئزا کو یہاں تک اختیار دیتے ہیں کہ اگر وہ چاہے تو ملکہ سمیت پورے ملک کے عوام کو چوہوں کے آگے ڈال سکتی ہے۔ اس موقعے پر لوئزا کے ساتھ سائمن کی گفتگو طنز کے عروج پر ہے:

سائمن: رعایا ہم دونوں سے یکساں نفرت کرتی ہے۔ لوئزا میرے ساتھ وعدہ کرو کہ اگر میں تمہاری حفاظت کا تسلی بخش انتظام کردوں اور تمھیں اپنی سلطنت میں وہ تمام حقوق دلوا دوں جو ایک ملکہ کو حاصل ہوتے ہیں تو تم یہاں سے نہیں جاؤ گی۔

لوئزا: مجھے یہ حق حاصل ہو گا کہ جب میں ملکہ سے خفا ہو جاؤں تو اسے چوہوں کے آگے ڈال دوں؟

سائمن: ہاں لوئزا تمہیں اس بات کا پورا اختیار ہوگا اور صرف اسی بات کا نہیں بلکہ کبھی اگر تمہارا موڈ خراب ہو جائے تو میں تمہیں ساری رعایا کو چوہوں کے آگے ڈالنے کی اجازت دے دوں گا۔

لوئزا: (ہنستے ہوئے) لیکن اتنے چوہے کہاں سے آئیں گے؟

سائمن: میں اس ملک کی تمام دولت باہر کے ممالک سے چوہے درآمد کرنے کے لیے وقف کردوں گا۔

لوئزا: مجھے یقین ہے کہ اس بات کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ آپ کی رعایا کو ہڑپ کرنے کے لیے آپ کے وزراء کافی ہیں............'' (۴۰)

اس طرح نسیم حجازی نے حکم رانوں کی ''ہریالی پسندی'' کو بھی موضوع بنایا ہے۔ ان کا قلم تحت اللفظ مسکراتے ہوئے لکھ جاتا ہے کہ وہ سامنے آنے والی ہر خوب صورت لڑکی سے شادی کرنے یا اس کے ساتھ رہنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ بالکل اسی طرح جیسے کنگ سائمن لیکا میکا سے شادی کا دستوری تقاضا پورا کرنے کی بجائے اپنی سیکریٹری وائٹ روز سے شادی کرتا ہے اور پھر ایک اور لڑکی لوئزا کے ساتھ رہنے کی غرض سے روز کو بھی دنیا کی سیر کے لیے بیرونِ ملک بھیج دیتا ہے۔

نسیم حجازی نے ہمارے حکم رانوں کے طولِ اقتدار کی ہوس اور اس کے لیے ان کی

کوششوں کو موضوع بنایا ہے۔وہ ایک جگہ کنگ سائمن استعماری سوچ کی یوں عکاسی کرتے ہیں:
''میں ان کے لیے ایسے مسائل پیدا کر دوں گا جو اس وقت ان کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہیں۔ تین سال بعد یہ لوگ

آلام و مصائب کے مہیب طوفانوں میں مجھے اپنا آخری سہارا سمجھیں گے۔'' (۴۱)

اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اقتدار کو طول دینے کی تجاویز ہمارے حکم رانوں کے ہاں ابتدا ہی سے زیرِ غور رہتی ہیں۔اسی مقصد کے تحت وہ ہر محبِ وطن آدمی سے پنڈ چھڑانے کی کوشش رہتے ہیں۔سائمن بھی اپنے وزیرِ اعظم چنگ سن کی حب الوطنی کو اپنے راستے کی رکاوٹ سمجھتا اور بیرونی دورے پر روانہ کرتا ہے۔ اس کے بعد اس دورے کو تادمِ آخر بڑھاتا چلا جاتا ہے۔

اب نسیم حجازی ''جاپانی اخبار نویس کے مشاہدات'' کی شکل میں نئے بادشاہ کی حکومت سازی پر روشنی ڈالتے ہیں۔ کنگ سائمن ایک پوسٹر شائع کراتا ہے جس میں وزیروں کی ضرورت اور ان کی قابلیت کی شرائط درج ہیں:۔

''ہز میجسٹی کنگ سائمن کو وزیروں کی ضرورت ہے۔ اگر آپ بیکار ہیں ۔آپ عزت کی روٹی کمانے کا کوئی ڈھنگ نہیں جانتے ہیں تو کنگ سائمن کی خدمت میں یہ درخواست بھیجیے کہ آپ کو وزیر بنا دیا جائے۔ آپ کو وزارت کا عہدہ حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل شرائط پوری کرنی پڑیں گی:

۱۔ ملک کے کسی پولیس اسٹیشن میں آپ کے جرائم کا ریکارڈ موجود ہو۔
۲۔ آپ کم از کم تین سال ملک کے کسی جیل یا پاگل خانے میں رہ چکے ہوں۔
۳۔ آپ کی تعلیم صرف اس قدر ہو کہ آپ اپنا نام پڑھ سکیں۔

۴۔ آپ کے محلے یا کم از کم آپ کے گھر کے تمام افراد اس بات کی گواہی
دیں کہ آپ نے اپنی زندگی میں کوئی نیک کام نہیں کیا۔'' (۴۲)

یہاں طنز و مزاح مخلوط حالت میں بلند سطح پر دکھائی دیتے ہیں۔ یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ آج پاکستان میں وائس چانسلروں تک کے مناصب کے لیے اخبارات میں اشتہارات دیے جاتے ہیں۔

حکم ران اپنی نا اہلی کو چھپانے کے لیے لاتعداد وزیر مشیر رکھتے ہیں۔ پاکستان میں یہ تعداد قابلِ توجہ ہے۔ ایک ایک وزارت کو کئی کئی حصوں میں تقسیم کر کے کئی کئی وزیر بنائے گئے ہیں۔ مثلاً وزیرِ دفاع ، وزیرِ دفاعی پیداوار اور مشیر سلامتی امور وغیرہ۔اس پر وزرائے مملکت مستزاد ہیں۔البتہ اب یوسف رضا گیلانی وزیرِ اعظم نے وزارتوں کو اکٹھا کرنے کا کام شروع کیا ہے لیکن یوسف رضا گیلانی کے اکثر وزیر بھی این۔ آر۔ او زدہ اور خود حکومت کو مختلف مقدموں میں مطلوب ہیں۔ پھر حکم ران اس ''ٹڈی دل'' کا جواز پیش کرتے ہیں۔ سائمن اپنے وزراء کی ان خصوصیات کا جواز یہ پیش کرتا ہے کہ ملک سے جرائم کو ختم کرنے کے لیے ایسے لوگوں کو اختیار دینا ضروری ہے جو ان جرائم کے طریقہ ہائے واردات سے واقف ہوں اور جرائم پیشہ افراد کی زیادہ سے زیادہ تعداد سے روابط رکھتے ہوں۔ اس اشتہار کو نسیم حجازی نے جاپانی رپورٹر کی طرف سے بیان کیا ہے اور یہ ان کا کمالِ فن ہے ورنہ اسے نسیم حجازی کی ذاتی خواہش سمجھا جاتا۔پھر ان وزراء کو اچھے برے کاموں میں ساتھ رکھنے اور مخالفت سے باز رکھنے کے لیے سبز باغ دکھائے جاتے ہیں۔ یہ کام ہمارے اکثر حکم رانوں نے بالعموم اور سکندر مرزا نے بالخصوص کیا ہے کہ شاملانِ حکومت میں سے ہر ایک کو الگ الگ دعوت پر بلا کر آئندہ وزیر بنائے جانے کا عندیہ دیا ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ ہمارے حکم ران اپنی نااہلی کو چھپانے کے لیے ایسے افراد کو چن چن کر اپنا نائب بناتے ہیں جو عوام کی زندگیاں اجیرن کرنے میں اپنے پیش روؤں سے بڑھ کر

ہوں اور خود عوام کا مسیحا ہونے کے دعوے کرتے رہیں۔ یہی انداز نسیم حجازی نے کنگ سائمن کا بتایا ہے ۔ وہ بالآخر وطن کے بدترین غدار اپچو لیچو کو وزیرِ اعظم بنا تا ہے جو سفید جزیرے کے ازلی دشمن ''کالے جزیرے'' کا ایجنٹ ہے۔

''وزیرِ اعظم کا انتخاب'' اس مزاحیہ کتاب کا مغز ہے۔نسیم حجازی اس اہم عہدے کے لیے اہلیت کی شرائط پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''وزیرِ اعظم کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہونی چاہیے کہ وہ ذکاوتِ حس سے قطعاً محروم ہو۔ وہ کسی ضابطۂ اخلاق کی بجائے صرف اپنی کرسی سے محبت رکھتا ہو اور اپنی کرسی پر قبضہ رکھنے کے شوق میں گالیاں تک برداشت کرنے کا عادی ہو۔ ایک عام وزیر ذہین ، ہوشیار یا چالاک ہو تو کوئی مضائقہ نہیں لیکن ایک وزیرِ اعظم کی بہتری اس بات میں ہے کہ وہ پرلے درجے کا غبی ہو۔'' (۴۳)

پھر وزارتِ عظمیٰ کے لیے''مخصوص'' معیار پر پورا اترنے والے چھ امیدواروں میں سے موزوں ترین کا انتخاب کرنے کے لیے انہیں باری باری گالیاں دی اور جوتے لگائے جاتے ہیں۔''شوشلنگ'' سب سے زیادہ خندہ پیشانی کا مظاہرہ کرتا ہے، لہٰذا اسے وزیرِ اعظم بنایا جاتا ہے۔اس عمل کی دل چسپی کے متعلق شگفتہ الطاف لکھتی ہیں:

> ''سائمن جس کا دماغ بندر کا ہے اور جس کے لیے ایک عام انسان کی حیثیت سے جینے کی اجازت بہت بڑی چیز تھی اسے قدرتی صلاحیتوں سے مزیّن انسانی دماغ خود پر حاکم کرلیں تو ''وزیرِ اعظم کا انتخاب'' بڑا منفرد، یادگار اور دل چسپ ہوجاتا ہے۔'' (۴۴)

> ''کنگ سائمن کی پہلی سالگرہ'' کی تقریب میں آتش بازی کا مرحلہ اس وقت خندہ ریزی کی بلندیوں کو چھونے لگتا ہے جب ہزمیجسٹی بندرپن کا

مظاہرہ کرتے ہوئے درخت پر چڑھ بیٹھتے اور اتارنے والوں کو کاٹ کھاتے ہیں۔ اس واقعے کا اشارہ صاف صاف ہمارے حکم رانوں کی الٹی سیدھی اور مضحکہ خیز حرکتوں کی طرف ہے۔

وزراء کے اللے تللوں کے لیے رقوم کی فراہمی کی غرض سے بے تحاشا ٹیکس لگائے جاتے ہیں۔ نسیم حجازی کا قلم حکم رانوں کے ایسے ہتھکنڈوں پر اس انداز میں خندہ زن ہے کہ سائمن کی نیشنل اسمبلی میں نئے ٹیکسوں کے امکانات پر بحث کے دوران میں ایک رکن کے خیالات یوں ہیں:

''اب ایک نائب وزیر نے انتہائی سنجیدگی کے ساتھ یہ تجویز پیش کی کہ پیدائش، شادی، موت اور کفن دفن پر بھی ٹیکس عائد کیے جائیں۔ دوسرے ممبر نے یہ تجویز پیش کی کہ پیدائش، شادی اور موت کے علاوہ بھی انسان کی زندگی میں کئی اہم مراحل آتے ہیں۔ ان کے علاوہ بعض بچے شادی کی عمر تک پہنچنے سے پہلے اس جہانِ فانی سے رخصت ہو جاتے ہیں اور حکومت کو شادی ٹیکس سے محروم ہونا پڑے گا، اس لیے میری تجویز یہ ہے کہ پیدائش کے بعد پہلا لباس پہننے پر ٹیکس لگائے جائیں۔ پھر ہر سالگرہ پر ٹیکس لگائے جائیں۔ اس کے علاوہ دانت نکلنے اور داڑھی کے بال اگنے پر بھی ٹیکس عاید کیے جائیں'' (۴۵)

وقت کے ساتھ ساتھ سائمن کے ہتھکنڈے واضح ہوتے اور اس کے خلاف عوام میں نفرت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اسی وجہ سے حکومتی عدم استحکام بڑھتا چلا جاتا ہے حتٰی کہ سفید جزیرہ میں ''نئی وزارت اور نئے مسائل'' کا عنوان رقم ہوتا ہے۔ سائمن سیاسی شاطر ہے۔ وہ وزارتوں کے عرصے کو بتدریج سکیڑتا ہوا پندرہ پندرہ دن تک لے آتا ہے۔ اس نے یہ کھیل جاری رکھنے کے لیے دس سیاسی جماعتیں بھی بنا رکھی ہیں۔ ان میں چپقلش کا جاری رہنا اس کی حکومت کے

لیے مفید ہے۔نسیم حجازی نے اسمبلی ہال کا جو نقشہ کھینچا ہے وہ طنز و مزاح میں آپ اپنی مثال ہے۔ پانچ پارٹیاں ایک گیلری میں اور پانچ دوسری گیلری میں کھڑی ہیں۔ فلور کراسنگ میں سہولت پیدا کرنے کے لیے درمیان میں جھولے لگائے گئے ہیں اور ان کی مدد سے ایک گیلری سے دوسری کی طرف آنے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔ ہاتھا پائی میں ممبران کے کوٹ پھٹتے اور نکٹائیاں ٹوٹتی ہیں۔ یہ منظر بیان کرتے ہوئے نسیم حجازی لکھتے ہیں:

> ''جب لیلائے وزارت کے دیوانے جھولوں کی مدد سے ایک گیلری سے دوسری گیلری پر پھلانگنا شروع کرتے تو یہ کھیل نازک صورت اختیار کر جاتا تھا۔بعض طاقتور اور زندہ دل ممبر اپنے مضبوط ہاتھوں سے جھولا پکڑتے اور ٹانگوں میں کسی کمزور ممبر کو دبوچ کر دوسری گیلری کی طرف کود پڑتے۔ رسّے کافی مضبوط تھے لیکن کبھی ٹانگوں کی گرفت ڈھیلی ہو جاتی یا کمزور ممبر تھوڑی بہت مدافعت کرتا تو وہ آنکھ جھپکنے کی دیر میں نیچے پہنچ جاتا۔ تنے ہوئے جال پر گرنے کے باعث ممبر حضرات کی جان تو بچ جاتی لیکن بعض صاحبان جال سے اچھل کر فرش پر گرنے کے باعث اپنے جسم کی ایک آدھ ہڈی سے محروم ہو جاتے۔'' (۴۶)

جب ملک تباہی کے کنارے پہنچ جاتا ہے اور سائمن مخالف اضطراب بہت بڑھنے لگتا ہے تو نسیم حجازی ''حسین وعدے'' کا عنوان تحریر کرتے ہیں جس میں کنگ سائمن اپنے بدنامِ زمانہ وزراء کو امیدوں اور عوام کو ''نا اہل عہدے داروں'' کے لیے قرار واقعی سزا کے نئے نئے مژدے سناتا ہے۔ پھر کنگ سائمن کی وہ ''ملاقاتیں اور مشورے'' دکھائے گئے ہیں جن میں وہ بد سے بدتر اور بدترین وزراء تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ عوام کو اس قدر پریشان کیا جائے کہ وہ بادشاہ کے خلاف سوچنے تک کی ہمت نہ پائیں۔ اس ''جدو جہد'' کے نتیجے میں ہز میجسٹی زیادہ سے زیادہ وزراء کی ضرورت محسوس کرتے ہیں اور نسیم حجازی کا قلم ''وزارتیں اور

وزارتیں' لکھنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ یہاں تک پہنچتے پہنچتے سفید جزیرے کے وزراء کی بازی گری کی شہرت بیرونِ ملک پہنچ جاتی ہے اور جاپانی سرکس کا ایک افسر اپنے سرکس کے لیے کنگ سائمن سے ایک بوڑھے وزیر کی خدمات کے حصول کی خواہش کا اظہار کرتا ہے۔ اس موقعے پر نسیم حجازی کا قلم یوں خندہ زن ہوتا ہے:

> اعلیٰ حضرت نے جواب دیا۔'' ایسے باکمال آدمی کی ہمیں یہاں زیادہ ضرورت ہے۔ ہم اسے وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ پیش کرنے کا ارادہ کر چکے ہیں۔ اگر آج یا کل اس کی کوئی ہڈی پسلی ٹوٹ نہ گئی تو پرسوں یہ ہمارا تیئسواں وزیرِ اعظم ہوگا۔ تم اگر چاہو تو ہمارے موجودہ وزیرِ اعظم سے معاملہ کر سکتے ہو۔ پرسوں دوپہر تک اس کی وزارت کے دو ہفتے پورے ہو جائیں گے اور اسے ہماری طرف سے آپ کے سرکس میں ملازمت کرنے کی اجازت ہوگی۔''
>
> جاپانی بازیگر نے کہا۔''نہیں جناب! ایسے فنکار تو ہمارے سرکس میں بھی موجود ہیں۔''
>
> سائمن نے جواب دیا۔''اگر تم اس بوڑھے کی خدمات حاصل کرنے پر بضد ہو تو تمہیں پندرہ بیس دن انتظار کرنا ہوگا اور اتنے عرصہ میں ہم اسے وزارت کے عہدے سے سبکدوش کر دیں گے۔'' (۴۷)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کنگ سائمن کو ایک سے بڑھ کر ایک بازی گر کی ضرورت ہے اور وزارت کی مدت بھی دو یا تین ہفتوں سے زیادہ نہیں رہی۔ عوام میں وزراء کے خلاف اتنی نفرت پیدا ہو چکی ہے کہ ہر شریف آدمی حکومتی عہدے کو کسی جرم کی سزا سمجھتا ہے۔ ایسی ہی صورتِ حال اس وقت سامنے آتی ہے جب سائمن سفید جزیرے کے مشہور تاجر چیک میک کو وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ پیش کرتے ہیں:

کھانے کا نوالہ چیک میک کی حلق میں اٹک کر رہ گیا اور اس نے جلدی سے پانی کا ایک گھونٹ پینے کے بعد اس بکری کی طرح جس کی گردن پر اچانک چھری رکھ دی گئی ہو حضور والا کی طرف دیکھا اور کہا۔''عالی جاہ! مجھے پرسوں ہی ایک نجومی نے یہ بتایا تھا کہ مجھ پر کوئی مصیبت آنے والی ہے۔''

اعلیٰ حضرت نے فرمایا۔''تم وزارتِ عظمیٰ کو ایک مصیبت خیال کرتے ہو؟''

چیک میک نے جواب دیا۔''عالی جاہ! میں آپ کا ناچیز خادم ہوں اور میرے لیے یہی عزت کافی ہے۔ اگر میری آنکھوں سے کوئی گستاخی ہوئی ہے تو میں انہیں نکلوانے کے لیے تیار ہوں لیکن میرے ساتھ یہ مذاق نہ کیجیے۔''

سائمن نے کہا۔'' ہم پوری سنجیدگی کے ساتھ تمہیں اپنی سلطنت کا سب سے بڑا عہدہ پیش کرتے ہیں۔''

چیک میک نے گھگھیا کر کہا۔''حضور! اگر میں نے کوئی جرم کیا ہے تو مجھے بید مار لیجیے۔ قید خانے میں بھجوا دیجیے۔ میرا منہ کالا کر دیجیے اور مجھے گدھے پر سوار کر کے گلی گلی پھرائیے۔ لیکن مجھے وزیر بنانے کی سزا نہ دیجیے۔'' (۴۸)

اس پر نسیم حجازی کی اس کتاب میں'' سائمن کا اضطراب'' نظر آتا ہے جس میں اسے آخری سہارے کے طور پر ایسے وزیرِ اعظم کی ضرورت ہے جو جہاں دیدہ اور بے ضرر ہو۔ نسیم حجازی اس مقصد کے لیے ہز میجسٹی کے معیارِ انتخاب پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اس مرتبہ ایک ایسے شخص کو پسند فرمایا جو قریباً تمام سابقہ وزارتوں میں شامل رہ چکا تھا۔ اس کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ اس کی بینائی کمزور تھی اور وہ سرکاری کاغذات پر پڑھے بغیر دستخط کرنے کا عادی تھا۔'' (۴۹)

سیاسی اضطراب کے علاوہ اب'' گھر کے بھیدی'' لنکا ڈھانے کے لیے کمر بستہ ہو چکے تھے۔ ملکہ وائٹ روز کی کتاب'' کنگ سائمن کے ساتھ ایک سال'' اور اس کے بعد لوئزا کی

کتاب ''کنگ سائمن کے ساتھ پانچ برس' جارج سائمن کے ہوش اڑا دیتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی چنگ سنگ ''سفید جزیرے کا راکٹ' لے کر سفید جزیرے کی بندرگاہ پر پہنچ جاتا ہے۔ اس کے ساتھ وائٹ روز بھی ہے۔ کتاب کا آخری عنوان ''اعلیٰ حضرت کی روانگی'' ہے جس میں کنگ سائمن کی بے چینی سوفی صد اسکندر مرزا کی بے چینی بن جاتی ہے اور ملکی فوج کا سپہ سالار یعنی جنرل ایوب خاں اقتدار سنبھال لیتا ہے اور ہز میجسٹی کو خلائی راکٹ میں سوار کر کے ''مریخ'' کی جانب روانہ کردیا جاتا ہے۔

زیرِ مطالعہ کتاب کے کئی کرداروں کے نام بھی مزاح کا ذریعہ ہیں۔ مثال کے طور پر بادشاہ کا نام 'سر جارج سائمن قہراللہ' اور اس کی سیکریٹری کا نام 'نیلوفر یاسمین الزبتھ براؤننگ ریڈ اسٹار ایور گرین شو سرنگ مرنگ وائٹ روز۔ یوں مسلمانوں کے پر تکلف القابات پر طنز کرنے کے علاوہ ان تاریخی ناموں سے ہندوؤں کے اندرونی خوف کو سامنے لا کر اس کے استہزاء کی کوشش کی گئی ہے۔

جس مقصد کے لیے یہ کتاب لکھی گئی تھی اگرچہ وہ اس کی اشاعت سے قبل پورا ہو چکا تھا لیکن اس روش کی حوصلہ شکنی اور لوگوں کو ایسے شاطروں کی چال بازیوں سے خبردار رکھنے کے لیے یہ ایک مستقل کتاب ہے جو رہتی دنیا تک مؤثر رہے گی۔ اسی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے شگفتہ الطاف لکھتی ہیں:

> ''اس تمثیلی کتاب کا مقصد یہ بھی تھا کہ نابلد عوام کو شاطر حکم رانوں سے محتاط رکھا جائے۔ جس حکم ران کے لیے نسیم حجازی نے یہ کتاب لکھی وہ اشاعت سے قبل روانہ ہوگیا تھا لیکن نسیم حجازی کا یہ درس تا عمر کتاب کی صورت میں قائم رہے گا کیونکہ اس کا پیرایۂ بیان انتہائی دلچسپ ہے۔'' (۵۰)

شگفتہ الطاف کی درج بالا رائے نسیم حجازی کے حق میں قاطعِ برہان ہے اور اس بے بنیاد دعوے کا معقول رد ہے کہ نسیم حجازی محض ہیجان انگیز تحریریں لکھتے ہیں جن کے اثرات قطعاً

وقتی ہیں جب کہ یہ بات تواتر سے سامنے آ رہی ہے کہ پاکستان میں یکے بعد دیگرے بہت سے سائمن برسرِ اقتدار آتے رہے ہیں اور اگر عوام نے توجہ نہ کی تو یہ سلسلہ ٹوٹتا نظر نہیں آتا۔

'ثقافت کی تلاش' میں طنز و مزاح

فنی نقطۂ نظر سے یہ کتاب ڈرامہ نما ہے۔ مصنف نے اسے بارہ مناظر میں تقسیم کیا ہے جن کے درمیان کہیں کہیں 'وقفہ' بھی ہیں۔ اسے سٹیج نہیں کیا جاسکتا البتہ ٹیلی وژن ڈرامہ سیریل کہنے کی کافی گنجائش ہے۔ دراصل نسیم حجازی نے یہ کتاب لکھتے وقت بھی مقصد کو سامنے رکھا ہے، فن کو نہیں۔ انہوں نے ترقی پسندوں کی نام نہاد ثقافت اور اسے پھیلانے کے حربوں پر متعدد بار نشترِ طنز آزمایا ہے۔ وہ خود اس تصنیف کی فنی حیثیت کے متعلق رائے دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

> 'ثقافت کی تلاش' کو فنی اعتبار سے ڈرامے، کہانی یا ناول کی صنف میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔ ۱۹۵۶ء میں راقم الحروف نے ''ثقافت'' کی حمایت میں بعض ''فن کاروں'' کا واویلا سن کر ایک قہقہہ لگایا تھا اور یہ قہقہہ اس قدر بے ساختہ تھا کہ اس کو ادب کی کسی خاص صنف کا نام دینا نامناسب معلوم ہوتا تھا۔'' (۵۱)

لیکن نسیم حجازی کو یہ معلوم نہ تھا کہ وہ جس ثقافت کو اسلام اور شائستگی کے خلاف تصور کرتے تھے، آئندہ زمانوں میں ملک کے چیف آف آرمی سٹاف اور صدرِ مملکت اسی ثقافت کے نمائندے ہوں گے۔ جیو ٹی وی پاکستان سے متعدد بار نشر ہونے والا وہ پروگرام کسے یاد نہ ہوگا جس میں جنرل پرویز مشرف، حامد علی خان کے ساتھ سُر ملانے کی کامیاب کوشش کر رہے ہیں۔

نسیم حجازی کی دیگر تصانیف کی طرح یہ کتاب بھی طنز و مزاح کا مرقع ہے۔ اس کتاب کا موضوع کمیونزم اور سوشلزم کی تحریکیں ہیں جن کی مدد سے پاکستان کے مسلمان کو لادین بنا کر اس مملکتِ خداداد کی نظریاتی سرحدوں کو کمزور بنانے کی کوششیں کی جارہی تھیں۔ جب لوگوں نے ایک معاشی نظام کی حیثیت میں سرخ سویرے کو قبول نہ کیا تو نام نہاد دانش وروں نے

پینترا بدل کر ''ثقافت'' کے نام پر اس قوم کا ایمان چھیننے کے حربے شروع کیے۔ان حالات میں نسیم حجازی جیسا محبِ وطن اور حساس مصنف چپ نہ رہ سکا اور اس کا قلم ''ثقافت کی تلاش'' میں رواں ہوگیا۔

اسلام مخالف لوگوں نے ''ترقی پسندی'' کو نئے انداز میں بڑھاوا دینے کی کوشش کی جو کماحقہٗ ناکام ہوئی۔اس سلسلے میں نسیم حجازی لکھتے ہیں:

> ''1956ء میں جب ۔۔۔۔۔ ہمارا ہر قدم پستی کی طرف اٹھ رہا تھا ۔۔۔۔ٹھیک اسی وقت نام نہاد ترقی پسندوں کے لشکر نے بھی ثقافت کے محاذ سے پاکستان کی اخلاقی اور روحانی قدروں کے حصار پر دھاوا بول دیا اور ۔۔۔۔۔۔ اپنے مقصد کی تکمیل کے لیے ان کے عظیم ''فن کاروں'' نے قلم پھینک کر ڈھول اور طبلے اٹھا لیے۔'' (۵۲)

زیرِ نظر کتاب کے پہلے منظر میں ترقی پسندوں کے ایک اجلاس کے دوران میں کامریڈ الف صدارتی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے شرکائے اجلاس کو اپنے مشن کی کامیابی کے لیے نئے طریقۂ کار اور اس کی کامیابی کے امکانات یوں سمجھاتا ہے:

> ''کمیونزم کا نعرہ لگانے کی بجائے اسلام کا نام لے کر سادہ دل عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کریں تو یہ کام نسبتاً آسان ہوگا'' (۵۳)

اسی طرح وہ اپنے ساتھیوں کو لفظی ہیر پھیر کی تلقین بھی کرتا ہے۔مثال کے طور پر شریف آدمی اپنی بہن بیٹی کو رقاصہ کی بجائے آرٹسٹ کہلوانا پسند کرے گا اور مجرے کو کلچرل شو کہہ کر عام آدمی کو اس کا ٹکٹ خریدنے پر آمادہ کیا جاسکتا ہے۔تربیتی اجلاس کے بعد کامریڈ نمبر ۹ اور نمبر۱۰ گانے بجانے کے آلات مثلاً ڈھول ، چمٹا اور گھنگھرو وغیرہ کے ساتھ ایک دور افتادہ گاؤں میں پہنچ جاتے ہیں تاکہ سادہ لوح دیہاتیوں کو ''ثقافت'' کی تبلیغ کریں۔جب کامریڈ نمبر ۹ ایک دیہاتی لڑکی کو اپلے تھاپنے کے دوران میں گنگناتے ہوئے سنتا ہے تو اپنی نوٹ بک لے

کر اس کا گیت نوٹ کرنے کی غرض سے چپکے سے اس کے قریب جاتا ہے۔ وہ گھبراہٹ میں پیچھے ہٹتا ہوا خوب مزاحیہ منظر پیش کرتا ہے:

''کامریڈ نمبر ۹ اپنی نوٹ بک اور قلم لیے اٹھتا ہے اور دبے پاؤں لڑکی کے پیچھے جا کھڑا ہوتا ہے۔ لڑکی کا گیت سننے کی کوشش میں وہ آگے جھکتے جھکتے اپنا کان بالکل اس کے قریب لے جاتا ہے، لڑکی گاتی ہے:

کالی ڈانگ میرے ویر دی
جتھے وجدی بدل وانگ گجدی

(کامریڈ نمبر ۹ گھبرا کر پیچھے ہٹتا ہے تو اس کا ایک پاؤں تازہ گوبر کے اُپلے پر جا لگتا ہے۔ وہ پاؤں جھاڑتا ہے اور لڑکی چونک کر پیچھے دیکھتی ہے)'' (۵۴)

لڑکی کے شور مچانے پر دیہاتی آجاتے ہیں اور دونوں کامریڈ خود کو بہروپیے ظاہر کر کے جان بچاتے ہیں۔ پھر ساگ توڑتی ہوئی عورتوں کو ناچتی خواتین سمجھتے ہیں اور ایک دیہاتی سے اس ناچ کے متعلق پوچھ کر بے عزتی کراتے ہیں حتٰی کہ یہاں بھی مار پڑنے کا امکان پیدا ہو جاتا ہے لیکن وہ ایک ساتھی کی نظر کمزور ہونے کا بہانہ کر کے بچ نکلتے ہیں۔

تیسرے منظر میں ایک چوڑا چکلا پہلوان نما دیہاتی پیال کے ڈھیر پر بیٹھا ہیر وارث شاہ گا رہا ہے۔ دونوں کامریڈ اسے عشق کا روگی سمجھ کر اس کے جذبات کو انگیختہ کرنے کے لیے لب و رخسار کے قصے چھیڑتے ہیں جس پر وہ پہلے سرزنش کرتا ہے کہ ہم دیہاتی ایسے نہیں ہیں لیکن جب یہ باز نہیں آتے تو اپنے جوتے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے:

''تم نے یہ دیکھا ہے؟'' (۵۵)

اس جوتے کے متعلق ایک کامریڈ کی رائے ہے کہ یہ جمبو سائز جوتا جنگلی جانوروں کو مار ڈالنے کے لیے کافی ہے۔ یوں نسیم حجازی نے یہ بات کہنے کی کوشش کی ہے کہ ترقی پسند ہر محاذ پر پٹتے رہے لیکن ڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نت نئے رنگ میں اپنی مذموم کوششیں

جاری رکھنے کی کوشش کرتے رہے۔

وہ منظر قابلِ دید ہے جس میں دیہاتی نمازِ جنازہ کے لیے جمع ہیں جب کہ کامریڈ سمجھتے ہیں کہ وہ سب بھنگڑے کے لیے اکٹھے ہو رہے ہیں۔ اس پر وہ ناچنے کی تیاری کرتے ہیں ۔کامریڈ نمبر ۱۰، نمبر ۹ کو لنگوٹا باندھنے کا حکم دیتا ہے تو وہ ہچکچاہٹ کا اظہار کرتا ہے:

> کامریڈ نمبر۹: کامریڈ! میں احتجاج کرتا ہوں۔ میں شدید احتجاج کرتا ہوں۔ میری ٹانگیں اس قابل نہیں کہ دیہاتیوں کے سامنے ان کی نمائش کی جائے۔ میری رانیں میری پنڈلیوں سے بھی زیادہ پتلی ہیں۔'' (۵۶)

جب وہ ڈھول کے ساتھ ناچ شروع کرتے ہیں تو لوگ ان پر ڈھیلوں اور جوتوں کی بارش کرتے ہیں۔ کامریڈ نمبر۱۰ کو جان بچانے کے لیے نہر میں کودنا پڑتا ہے جب کہ کامریڈ نمبر ۹ کی پتلون بھاگتے ہوئے کہیں گر جاتی ہے۔ دوبارہ اکٹھے ہونے پر ان کی گفتگو یوں ہوتی ہے:

> ''نمبر۹: بھئی میری پتلون تو بھاگتے ہوئے سر سے گر پڑی تھی اور ایسا موقع نہ تھا کہ میں مڑ کر دیکھنے کی کوشش کرتا لیکن میں اس کے بدلے ایک شاندار تحفہ لایا ہوں۔
>
> نمبر۱۰: وہ کیا ہے؟
>
> نمبر۹: (ایک بھاری بھرکم جوتا بغل سے نکال کر کامریڈ نمبر ۱۰ کے آگے پھینکتے ہوئے) اسے غور سے دیکھو۔ اس پر کم از کم ایک بھینس کی کھال صرف ہوئی ہوگی۔ یہ تمام دنیا کے جوتوں کا سردار ہے اور ثقافت کے دشمن اسے اسلحہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔'' (۵۷)

پھر اس مہم میں کامریڈ نمبر۱۰ کی آپ بیتی بھی بہت لطف آمیز ہے۔وہ پھٹے ہوئے ڈھول میں پھنسا ہوا بھاگ رہا ہے۔ ایسے میں وہ دیکھتا ہے کہ ایک دیہاتی اپنا بھینسا لیے جارہاہے۔ کامریڈ دیہاتی سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اسے ڈھول سے نکلنے میں مدد دے لیکن

دیہاتی اسے بھوت سمجھ کر شور مچاتا ہوا بھاگ جاتا ہے جب کہ بھینسا کامریڈ کے پیچھے لگ جاتا ہے۔ اس کے بعد وہ بھاگ کر جان بچانے کی اپنی سرگزشت یوں بیان کرتا ہے:

''میں بھاگا اور اگرچہ اس بے بسی کی حالت میں بھاگنا آسان کام نہ تھا تاہم مجھے یقین ہے کہ اگر میری رفتار ریکارڈ کی جاتی تو تم لوگ مجھے آئندہ کبھی یہ طعنہ نہ دیتے کہ میری ٹانگیں ٹیڑھی ہیں۔'' (۵۸)

نسیم حجازی یہ ثابت کرنے میں کامیاب رہا ہے کہ اس ملک میں اسلام مخالف تحریک کامیاب نہیں ہوسکتی۔ یہاں کی پیشہ ور رقاصہ بھی یہ دھندا مجبوراً کرتی ہے۔ ریشماں جس کو دونوں کامریڈ اپنے مشن کے لیے سب سے زیادہ موزوں سمجھتے ہیں، کامریڈ نمبر ۹ کا مذاق اڑاتی ہے۔ جب وہ اپنے باپ کی تنخواہ چار سو روپیا ماہانہ بتاتا ہے تو وہ اسے جھوٹا کہتی اور دلیل پیش کرتی ہے کہ اگر اس کے باپ (جھنڈو) کی آمدنی تیس روپے ماہوار بھی ہوتی تو وہ اسے (ریشماں کو) ناچنا تو دور کی بات ہے، گھر سے باہر جانے کی اجازت بھی نہ دیتا۔ اس کی زبانی اس کے جذبات کا اظہار نسیم حجازی نے یوں کیا ہے:

''میری سب سے بڑی خواہش یہ ہے کہ دنیا میں کوئی ایسا ہو جو میرے گھر کے دروازے پر پہرا دے سکے۔ جو مجھے یہ کہے کہ ریشماں! مجھے تمہارا یہ پیشہ پسند نہیں۔ میں تجھے عزت کی روٹی دینے کے لیے مزدوری کروں گا اور اپنا خون اور پسینہ ایک کردوں گا لیکن تمہیں لوگوں کے سامنے ناچنے اور گانے کی اجازت نہیں دوں گا۔ جب تم میرا مذاق اڑا رہے تھے تو میں یہ سوچ رہی تھی کہ کاش کوئی میری عزت کا نگہبان ہوتا اور تمہارا گلا دبوچ لیتا۔'' (۵۹)

آخری منظر میں دونوں کامریڈ باہم گفتگو کرتے ہوئے اعتراف کرتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام کے علاوہ کوئی تحریک کامیاب نہیں ہوسکتی۔ یہی اس کتاب کا مقصدِ تحریر ہے۔ نسیم حجازی لکھتے ہیں:

''کامریڈ نمبر۹: دیکھو بھائی! ریشماں کے طرزِ عمل سے مجھ پر صرف یہ حقیقت واضح ہوئی ہے کہ وہ ایک عورت ہے۔۔۔۔ اس ملک کی عورت، جہاں اپلے تھاپنے، ساگ توڑنے، دودھ بلونے اور چرخہ کاتنے والی لڑکیاں اپنے بھائیوں کی کالی ڈانگوں کی تعریف میں گیت گاتی ہیں۔ جہاں ایک ڈوم کی آوارہ مزاج لڑکی کی بھی آخری خواہش یہی ہوتی ہے تاریک راتوں میں کوئی رمضان اس کے دروازے پر پہرا دے رہا ہو۔'' (۶۰)

اس کتاب میں واقعاتی مزاح کے علاوہ کرداری مزاح بھی بڑی مقدار میں موجود ہے۔ اس کے ایک کردار کامریڈ نمبر ۹ کے متعلق شگفتہ الطاف لکھتی ہیں:

''یہ کردار لفظی اور واقعاتی مزاح بڑی آسانی سے جنم دیتا ہے مثلاً جب یہ شخص بھنگڑے کے لیے لنگوٹا باندھتا ہے اور پتلون کو سردی کے موسم میں بھی اتار کر سر پر باندھ لیتا ہے اور جوتا ایک طرف رکھ کر ناچنا شروع کر دیتا ہے۔'' (۶۱)

سچ تو یہ ہے رمضان اور ریشماں کے کردار ہی مقصدِ تحریر کے حصول کے لیے تراشے گئے ہیں۔ جب کہ کامریڈ نمبر ۹ اور نمبر ۱۰ نام نہاد ترقی پسندوں کا مذاق اڑانے کے لیے پیش کیے گئے ہیں اور یہ بھی اس تحریر کا ایک مقصد ہے۔ اس ضمن میں شگفتہ الطاف کا کہنا ہے:

''کہانی کا مقصد ان ترقی پسندوں کی تحریک پر مزاح کے پردے میں طنز کی کاری ضرب رسید کرنا ہے جو ترقی پسندی کے نام پر تو عوام کو مکمل طور پر گمراہ نہ کر سکے لیکن ''ثقافت'' کے نام پر پاکستانی مسلمانوں کو اسلام سے دور کر کے رقص و موسیقی کی تعلیم دے کر کمیونزم کا پرانا مقصد پورا کرنا چاہتے تھے۔'' (۶۲)

اس ڈرامے کا ہر منظر ایک مکمل کہانی ہے جس کا باقاعدہ آغاز، عروج اور انجام ہے۔ یہ

کہانیاں پڑھتے ہوئے قاری کی خواہش ہوتی ہے کہ جلد از جلد ان کرداروں کے ساتھ کوئی اور واقعہ پیش آئے۔ اس کتاب میں دل چسپی کے تمام لوازم پائے جاتے ہیں۔ شگفتہ الطاف کا کہنا ہے:

> ''ایک واقعے کے ختم ہونے کے بعد جی چاہتا ہے کہ اب جلد ہی ان کرداروں کو کوئی اور دلچسپ واقعہ پیش آئے اور قاری مزید لطف اندوز ہو سکے۔'' (۶۳)

یہ کتاب نسیم حجازی کی مزاحیہ تحریروں میں سب سے برتر ہے۔ اس میں پلاٹ، کردار، مکالمے اور مناظر سبھی کچھ معیاری اور بھرپور ہے۔ نسیم حجازی نے اس تحریر کے ذریعے ترقی پسندوں پر بھرپور چوٹ کی ہے اور اپنے قاری کو یہ بتانے میں کامیاب رہے ہیں کہ انھوں نے نام نہاد ثقافت کی ترویج کے لیے بہت پینترے بدلے اور حیلے کیے لیکن ہر دفعہ نہ صرف ناکامی کا منہ دیکھا بلکہ نفرت و حقارت کا نشانہ بھی بنے۔

'پورس کے ہاتھی' میں طنز و مزاح

نسیم حجازی کی اس کتاب میں بھی مزاح کے پردے میں سوچ بچار کا مادہ موجود ہے۔ وہ پاکستان کے مسلمان کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہندو کبھی اس کا وجود برداشت نہیں کر سکا اور نہ ایسا ہوگا۔ وہ ہندو کو پاکستان اور مسلمان کا ازلی دشمن سمجھتے ہیں اور اس پیغام کو پاکستانیوں تک پہنچانے کو اپنا اولین فرض خیال کرتے ہیں۔ چنانچہ پیش لفظ میں اس کتاب کے مقصدِ تحریر پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''پورس کے ہاتھی'' امن اور انسانیت کے اس عظیم دشمن کی روح کی گہرائیوں میں جھانکنے کی ایک اور کوشش کا ماحصل ہے .... ایک مختصر اور غیر سنجیدہ تحریر جسے پوری سنجیدگی کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ یہ چند قہقہے پاکستان کے ان جیالے سپاہیوں کے رہینِ منت ہیں جن کی مسکراہٹیں جنگ کے ایام میں پوری قوم کے لیے سرمایۂ حیات بن گئی تھیں۔ یہاں پر میں یہ عرض کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ سانپ بھیس بدل سکتا ہے، بل

میں گھس سکتا ہے لیکن اپنی سرشت تبدیل نہیں کر سکتا۔ اسے صرف چوکس اور بیدار انسان کے ہاتھ کی لاٹھی ہی بے ضرر بنا سکتی ہے اور وہ سانپ جو زخمی ہونے کے بعد کنڈلی مار کر دم سادھ لیتا ہے لاٹھی کے بغیر جنگل میں سفر کرنے والے مسافروں کے لیے بسا اوقات پھنکارنے والے سانپ سے زیادہ خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ پاکستان کے دس کروڑ انسانوں کی اجتماعی حیات کا اولین تقاضا یہ ہے کہ وہ اپنی آزادی اور بقا کے ازلی دشمن کی حیثیت سے پوری طرح واقف ہوں اور اس کے ناپاک عزائم کو شکست دینے کے لیے ہمہ وقت بیدار رہیں۔'' (۶۴)

نسیم حجازی پہلے منظر میں ہندوستان کے وزیرِ اعظم لال بہادر شاستری کی زبانی ہندو طرزِ سیاست پر طنزیہ انداز میں روشنی ڈالتے ہیں:

''نپولین، ہٹلر اور میسولینی کی ناکامی کی وجہ یہ تھی کہ وہ بڑی طاقتوں کے جواب میں بھی طاقت استعمال کرتے تھے لیکن مہاتما جی کا بھلا ہو کہ وہ ہمیں کمزور کو دبانے اور طاقتور سے دبنے کا طریقہ سکھا گئے ہیں۔'' (۶۵)

یہی ہندو ذہنیت مول چند نامی ایک ہندو ذخیرہ اندوز کی التجاؤں سے ٹپکتی ہے جو وہ بھارتی صدر اور وزیرِ اعظم سے اس وقت کرتا ہے جب بھارتی شکست کے بعد پاکستانی فوج کے خوف سے لاکھوں ہندوستانی جان بچانے کے لیے دہلی کا رخ کرتے ہیں لیکن حکم ران انہیں پہلے چین اور بعد میں پاکستان کی یلغار سمجھ کر بدحواس ہو جاتے ہیں:

''مول چند: راشٹر پتی جی! پردھان منتری جی! بھگوان کے لیے دہلی کو بچائیے۔ اس وقت پہلے آل انڈیا ریڈیو پر امن اور شانتی کے حق میں تقریریں کیجیے۔ دنیا کو یہ بتائیے کہ پاکستان ہمارا پڑوسی ہے اور ہم اس کی ہر شکایت دور کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ہندی اور چینی آپس میں بھائی

بھائی ہیں۔ یعنی چین بڑا بھائی ہے اور بھارت چھوٹا بھائی اور چھوٹا بھائی بڑے بھائی کے چرنوں میں گرنے کے لیے تیار ہے۔ اس جنگ کی ساری ذمہ داری مغربی ممالک کے سر تھوپ دیجیے۔ انہیں جی بھر کر گالیاں دیجیے۔ ملائشیا کے ساتھ سفارتی تعلقات ختم کر دیجیے۔ انڈونیشیا کے صدر کو تار دیجیے کہ ہم اپنے ہمسایوں کے ساتھ جھگڑے نپٹانے کے لیے ان کی ثالثی قبول کرتے ہیں اور شیخ عبداللہ کو رہا کر دیجیے اور ماسٹر تارا سنگھ کو یہ پیغام بھیجیے کہ ہم صرف مشرقی پنجاب مین ہی نہیں بلکہ پورے بھارت میں پنجابی زبان رائج کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ناگالینڈ کی آزادی کا اعلان کر دیجیے اور اگر کشمیر میں ہماری فوج کا کوئی حصہ بچ گیا ہے تو انہیں حکم دیجیے کہ وہ اپنا گولہ بارود اور وردیاں پھینک کر واپس آجائیں............شاستری جی جلدی کیجیے۔'' (۶۶)

اس کے بعد وزیرِ اعظم بری فوج کے سربراہ کو ہدایت کرتا ہے کہ وہ یہ جنگ جلد از جلد ختم کرنے کی کوشش کرے اور خیال رکھے کہ بھارت کے سینچورین ٹینک بہت قیمتی ہیں۔ اسی طرح فضائیہ کے سربراہ کو خبردار کرتا ہے کہ ان کے طیارے بے حد قیمتی ہیں، ان میں سے ایک بھی ضائع نہیں ہونا چاہیے۔ دوسرے منظر میں وزیرِ اعظم اپنی وزیرِ اطلاعات اندرا گاندھی کو بتاتا ہے کہ جنرل چودھری نے انہیں خوش خبری سنائی ہے کہ وہ کل دوپہر کا کھانا لاہور جمخانہ کلب میں کھانے کا پروگرام بنا چکا ہے۔ اس پر اندرا گاندھی بڑا پر لطف جواب دیتی ہے:

''مہاراج! انہوں نے مجھے بھی یہ خوشخبری سنائی تھی اور میں نے یہ جواب دیا تھا کہ اگر میں بھارت کی وزیرِ اطلاعات نہ ہوتی تو اپنے ہاتھوں سے اپنے بہادر سپہ سالار کا بھوجن تیار کرتی۔'' (۶۷)

نسیم حجازی کا کہنا ہے کہ ہندو یہ سمجھتا تھا کہ جب وہ حملہ کرے گا تو پاکستان ہاتھ

باندھ کر اس کے سامنے کھڑا ہوجائے گا۔ وہ ان کے دل میں چھپے وساوس کی نشان دہی کرتے ہوئے بھارتی وزیرِ دفاع اور ایک بہت بڑے تاجر کے درمیان ہونے والی گفتگو کو یوں پیش کرتے ہیں:

''دھنی رام: مہاراج! اگر پاکستان نے مقابلہ کیا تو .... مجھے ڈر ہے۔
چون: تمھیں کس بات کا ڈر ہے؟
دھنی رام: مہاراج! مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ اگر پاکستان نے مقابلہ کیا ......تو سچ مچ جنگ ہو جائے گی۔'' (۶۸)

نسیم حجازی نے ہندوؤں کی توہم پرستی پر بھی چوٹ کی ہے۔ مثال کے طور پانی پت کے ذکر پر بھارتی وزیرِ اعظم لال بہادر شاستری ہندوؤں کی تاریخی شکست یاد آتی ہے اور وہ اس موقعے پر اس ذکر کو براشگون خیال کرتے ہوئے کہتا ہے:

''چون جی! بھگوان کے لیے آج رات مجھے پانی پت کی یاد نہ دلاؤ۔ میرے سامنے پانی پت کے ان سورماؤں کا ذکر نہ کرو جن کی یاد میں بھارت ماتا دوسو سال سے آنسو بہا رہی ہے۔اگر تم نے چند بار اور پانی پت کا نام لیا تو میرا دل پھٹ جائے گا۔ پانی پت کو بھول جاؤ چون جی۔ وہ بھارت کے سپوتوں کا مرگھٹ ہے۔'' (۶۹)

پورس کے ہاتھی دراصل استعارہ ہے جس کی مدد سے نسیم حجازی اپنے قاری کو بتاتے ہیں کہ جس طرح اسکندرِ اعظم کے سامنے راجا پورس کے ہاتھی نہ صرف ناکام ہوگئے تھے بلکہ اپنی ہی فوج کے لیے بے تحاشا نقصان کا سبب بن گئے تھے، اسی طرح ۱۹۶۵ء کی جارحیت کے موقعے پر ہندوستان کے ٹینک جن پر ہاتھی کا نشان بنا ہوا تھا، نہ صرف پاکستانی جاں بازوں کا شکار بن گئے تھے بلکہ بدحواسی کے عالم میں اپنی ہی بعض چوکیوں پر گولہ باری کرتے ہوئے واپس بھاگ رہے تھے۔نسیم حجازی نے ہندوؤں کی توہّم پرستی کو مزاح کا ذریعہ بنایا ہے۔ اس کی

ایک مثال ہندوستانی وزیرِ دفاع مسٹر چون ہے جو بات بات پر ہاتھی اور پورس کے نام سے بدکتا اور خوف زدہ ہوتا ہے۔ ایک جگہ شاستری اور چون کے درمیان یوں گفتگو ہوتی ہے:

''شاستری: چون جی! جنرل چودھری کہتا ہے کہ ہمارے ٹینک پیش قدمی کے لیے تیار کھڑے ہیں۔ ہم مختلف محاذوں سے پاکستان کی سرحدوں کو عبور کریں گے۔ رات کے وقت ان کی طاقت ہزاروں ہاتھیوں سے زیادہ ہوگی اور ان کے پیچھے ہزاروں بکتر بند گاڑیاں، جیپیں اور ٹرک ہوں گے۔

چون: (ماتھے پر ہاتھ مارتے ہوئے) شاستری جی! بار بار ہاتھیوں کا ذکر نہ کیجیے، یہ بدشگونی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔''

اندرا: چون جی! ٹینک اور ہاتھی کا موازنہ کوئی نئی بات نہیں۔ جب ہم باہر سے ٹینک منگوا رہے تھے تو میرے پتا جی یہ کہا کرتے تھے کہ موجودہ دور کی جنگ میں ٹینک کی وہی اہمیت ہے جو پرانی جنگوں میں ہاتھی کی ہوا کرتی تھی۔ آپ صرف اس لیے پریشان ہیں کہ ہاتھیوں کا ذکر سن کر آپ کو راجہ پورس کے وہ ہاتھی یاد آجاتے ہیں جنہوں نے میدان سے منہ پھیر کر بھاگتے ہوئے راجہ کی اپنی ہی فوج روند ڈالی تھی۔'' (۷۰)

یہی ایک نہیں بلکہ ہر بڑا ہندو لیڈر اپنی بزدلانہ تاریخ سے واقف ہونے کی وجہ سے ان تاریخی واقعات کے ذکر سے گھبراتا ہے۔

نسیم حجازی نے ہندوؤں کے احساسِ کم تری اور مسلمانوں کے مقابلے میں نفسیاتی الجھنوں کو بھارتی وزیرِ اعظم شاستری کے اپنے سیکریٹری کے ساتھ ان سوالات و جوابات کی مدد سے پیش کیا ہے جن میں وہ خود کو نپولین، ہٹلر اور ونسٹن چرچل کہلواتا ہے اور اپنے ٹھگنے قد کو ہمالہ کے برابر قرار دلواتا ہے۔ البتہ جنگ کے اختتام پر انہی سوالات کے جو جوابات سننے کو ملتے ہیں وہ تحریر کو مزاح کا اعلیٰ نمونہ بنا دیتے ہیں:

''شاستری: کیا میرا قد ہمالہ سے بڑا ہے؟
سیکر یٹری: نہیں مہاراج۔
شاستری: کیا میں نپولین ہوں؟
سیکر یٹری: نہیں مہاراج۔
شاستری: کیا میں ہٹلر ہوں؟
سیکر یٹری: بالکل نہیں مہاراج۔
شاستری: کیا میں ونسٹن چرچل ہوں؟
سیکر یٹری: ہرگز نہیں مہاراج۔
شاستری: تو پھر میں کیا ہوں؟ ....
سیکر یٹری: مہاراج آپ ...... معاف کیجیے میں صرف آپ کے حکم کی تعمیل کر رہا ہوں۔آپ ......راجہ پورس ہیں مہاراج۔'' (۷۱)

دراصل شاستری اپنے چھوٹے قد کی وجہ سے نفسیاتی الجھن کا شکار ہے اور پاکستان کو فتح کر کے خود کو سیاسی طور پر قد آور بنانا چاہتا ہے۔اس کے علاوہ اس کے دل میں ہندوؤں کی تاریخی شکستوں کا خوف بھی ہے جس کی وجہ سے وہ پانی پت اور راجہ پورس کے الفاظ سے گھبراتا ہے۔اس کی یہ نفسیاتی الجھنیں بار بار صورتِ حال کو خندہ ریز بناتی ہیں۔

وقفے وقفے سے جنرل چودھری کے مضحکہ خیز اقدامات کہانی کو زیب و زینت دے رہے ہیں۔ وہ بلند بانگ دعووں کے بعد ٹیلی فون پر شاستری کو ''بڑی خوش خبری'' دیتا ہے کہ ان کے بہت سے ٹینک حملے کے لیے تیار کھڑے ہیں۔تھوڑی دیر بعد بتاتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر گھس گئے ہیں اور راستہ بالکل صاف ہے۔ اس پر شاستری ، چون ، نندہ اور اندرا گاندھی ایک دوسرے کو مبارک باد دیتے اور خوشیاں مناتے ہیں۔ پھر فتح کے جشن کا لمبا چوڑا پروگرام بناتے ہیں۔اتنے میں ایک کرنل ، جنرل چودھری کی طرف سے شاستری کے نام شام پونے

پانچ بجے لاہور جمخانہ کلب میں چائے کا دعوت نامہ لے کر داخل ہوتا ہے جو حملے کا فیصلہ ہوتے ہی چھپوا لیا گیا تھا۔ اندرا گاندھی کے سوالات کے جواب میں وہ اس جنگ کو ہاتھی اور چیونٹی کا مقابلہ اور اپنا نام پرس رام بتاتا ہے جس پر مسٹر چون پھر تلملا اٹھتا ہے۔ اسی طرح جب بھارت کے ہوائی جہازوں اور ٹینکوں کے بے تحاشا نقصانات کی خبریں آتی ہیں اور حکومتی عہدے دار ایک دوسرے کو کوستے ہیں تو وزیرِ خزانہ دیوانگی کے عالم میں ہاتھیوں کا ذکر کر بیٹھتا ہے۔ اس وقت کی صورتِ حال یوں نظر آتی ہے:

''کرشنم اچاری: مہاراج! میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ پاکستان کی فوجیں جو گولے ہمارے ٹینکوں اور ہوائی جہازوں پر برساتی ہیں وہ میرے سینے پر لگتے ہیں۔ پرسوں رات میں نے سپنا دیکھا تھا کہ میں ہوائی اڈہ بن گیا ہوں اور دشمن کے لڑاکا طیارے مجھ پر گولیاں برسا رہے ہیں۔ کل میں نے یہ سپنا دیکھا تھا کہ میں ایک ٹینک ہوں اور اپنی مرضی کے خلاف بھاگتا ہوا دشمن کی توپوں کی زد میں آ گیا ہوں............ پھر مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں ہاتھی بن گیا ہوں۔

چون: (بدحواس ہو کر) ہاتھی؟'' (۷۲)

جنگ کے دوران میں بھارتی فوج اور ایئر فورس کی حواس باختگی کا یہ عالم ہے کہ وہ ایک دوسرے کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ اس موقعے پر بھارتی نقصانات کے متعلق حکومتی عہدے داروں کے درمیان یوں گفتگو ہوتی ہے:

''شاستری: کیا پاکستان ریڈیو کی یہ اطلاع درست ہے کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ہمارے سات ہوائی جہاز تباہ ہوئے ہیں؟

ارجن سنگھ: مہاراج! سرکاری طور پر ہم نے صرف اپنے ایک ہوائی جہاز کا نقصان تسلیم کیا ہے لیکن اصل بات یہ ہے کہ ہمارے آٹھ ہوائی جہاز تباہ

ہوئے ہیں۔
شاستری: وہ کیسے؟
ارجن سنگھ: وہ یوں کہ ہمارے ایک ہوا باز نے بھارت کے امرتسر کو پاکستان کا لاہور یا گوجرانوالہ سمجھ کر بم باری شروع کر دی تھی۔
چون: آپ کا مطلب ہے کہ جس طرح ہمارے ایک ٹینک نے ہمارے دوسرے ٹینک کو تباہ کر دیا تھا، اسی طرح ہمارا ایک ہوائی جہاز بھی امرتسر کے ہوائی اڈے پر بم برسا کر ہمارے دوسرے ہوائی جہاز کو نشانہ بنا چکا ہے؟
ارجن سنگھ: نہیں مہاراج! یہ ہماری خوش قسمتی تھی اس ہوائی جہاز کا کوئی نشانہ ٹھیک نہیں لگا۔ اس کے سارے بم ہوائی اڈے سے دو ہزار گز دور ایک کھیت میں گے تھے۔
شاستری: پھر کیا ہوا؟
ارجن سنگھ: پھر کیا ہونا تھا مہاراج! جب اوپر سے اچانک بم باری شروع ہوئی تو نیچے سے امرتسر کے ہوائی اڈے کی طیارہ شکن توپیں حرکت میں آ گئیں اور وہ گر پڑا اور گرا بھی اس طرح کہ ہماری ایک توپ، ایک پٹرول کی گاڑی اور پندرہ آدمی جن مین آٹھ سویلین اور پانچ فوجی تھے اس کی زد میں آ گئے۔'' (۷۳)

جنگ ہارنے کی وجوہ گنتے ہوئے بری فوج کے سربراہ اور وزیرِ دفاع کی گفتگو بھی مزاح کا سبب بنتی ہے:

''جنرل چودھری: اگر آپ میری بجائے میری فوج کے افسروں اور سپاہیوں سے اس ناکامی کی وجہ پوچھ لیتے تو آپ کو میرا وقت ضائع کرنے

کی ضرورت پیش نہ آتی۔

چون: اور آپ کے افسر اور سپاہی کیا کہتے ہیں؟

جنرل چودھری: مہاراج! وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے یہ جنگ خالص اصولوں کے تحت لڑی ہے اور پاکستانی اتنے بے ڈھب ہیں کہ انہوں نے کسی محاذ پر بھی ان اصولوں کی پروانہیں کی۔'' (۷۴)

پھر وہ ان اصولوں کو بیان کرتا ہے:

''پہلا اصول یہ ہے کہ اگر مقابلہ کرنے والے کی پوزیشن کمزور ہو تو وہ ہمیشہ پسپا ہوکر یا ہتھیار ڈال کر اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا ہے ...... لیکن پاکستان کی فوج نے ہر محاذ پر اس اصول کی خلاف ورزی کی ہے۔ اس کی پوزیشن جس قدر کمزور ہوتی ہے ، اسی قدر وہ جم کر لڑتی ہے۔''(۷۵)

جنگ کے بعد کی اسی میٹنگ کے دوران میں وزیرِ داخلہ گلزاری لال نندہ کا یہ سوال بھی طنز کی اچھی مثال ہے:

''جنرل صاحب! مجھے یہ بتایئے کہ ہمارے سپاہیوں کو شراب کے نشے میں بھی یہ کیسے یاد رہتا ہے کہ ان کے لیے آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے ہٹنا بہتر ہے؟'' (۷٦)

جنگ کے بعد بھارتی حکم ران جنگی نقصانات کو پورا کرنے کے لیے جو تجاویز پیش کرتے ہیں وہ بھی مضحکہ خیز ہیں۔ ایک کہتا ہے کہ زیادہ اناج اگا کر زرِ مبادلہ کمایا جائے اور دوسرا کہتا ہے کہ زیادہ اناج اگانا مشکل ہے لہٰذا لوگوں کو دو کی بجائے ایک وقت روٹی کھانے کی تلقین کی جائے۔ اس طرح لاکھوں ٹن اناج بچایا جاسکتا ہے۔ یوں نسیم حجازی نے ہندوستانیوں کی بھوک کا مذاق اڑایا ہے۔ وہ اس سلسلے میں بھارتی وزیرِ خزانہ کی فکر مندی کا اظہار اس انداز

میں کرتے ہیں:

''کرشنم اچاری: کوئی عقل کی بات کیجیے چون جی! ہم خوش قسمت ہیں کہ یہ جنگ سترہ دن سے آگے نہیں بڑھی ورنہ آپ کو ملک بھر میں ہائے روٹی ، ہائے دھوتی کے سوا کوئی آواز نہ سنائی دیتی۔'' (۷۷)

نسیم حجازی اس موقع پر بھی کامیاب مزاح نگار دکھائی دیتے ہیں جب بھارتی سیاست دان کشمیر میں فسادات کی آگ بھڑکا کر مسلمانوں کی نسل کُشی کا منصوبہ بناتے ہیں۔وہ ہندوغنڈوں کی سفاکی اور بزدلی کا استہزاء کرتے ہوئے ان کے وزیرِ داخلہ کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''نندہ: میں جن سنگھ ، سیوک سنگھ اور مہا سبھا کے جوانوں کے متعلق آپ سب سے زیادہ جانتا ہوں۔ اگر انہیں اس بات کا یقین دلا دیا جائے کہ ہماری پولیس اور فوج کسی صورت میں بھی مسلح باغیوں سے ان کا تصادم نہیں ہونے دے گی اور ان سے صرف نہتے کشمیریوں کے سینوں میں چھرے گھونپنے یا ان کی بستیاں جلانے کا کام لیا جائے گا تو وہ شیروں کی طرح گرجتے ہوئے کشمیر کا رخ کریں گے لیکن جب آپ ان میں چھروں کی بجائے رائفلیں اور پستول تقسیم کریں گے تو وہ یہ سمجھیں گے کہ انہیں کسی فوجی مہم پر بھیجا جا رہا ہے اور ان کا جی کھٹا ہو جائے گا۔ اس لیے پستول اور بندوق وغیرہ کا تو ان کے سامنے نام ہی نہ لیجیے ورنہ اندرا دیوی لاکھ سر کھپائیں وہ کشمیر نہیں جائیں گے۔ ہاں کچھ عرصہ بعد اگر رکھشا منتری جی آل انڈیا ریڈیو پر یہ اعلان کرنے کے قابل ہو جائیں کہ بھارت کی بری اور فضائی افواج نے باغیوں یعنی بندوقوں کے مقابلہ میں بندوقیں چلانے والے باغیوں کو کچل دیا ہے اور کشمیر میں جو مسلمان زندہ رہ گئے ہیں وہ بھارت کی اقلیتوں سے زیادہ بے بس ہیں تو ہمارے یہی جوان چھرے

پھینک کر بندوقیں اٹھانے کے لیے تیار ہو جائیں گے۔'' (٧٨)

نسیم حجازی نے مستقبل کے بھارتی منصوبوں اور پاکستان پر ایٹمی حملے کے مضحکہ خیز مشوروں کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ بعد ازاں وہ شاستری کے چھوٹے قد کا دل کھول کر مذاق اڑاتے اور مختلف سیاست دانوں کی زبان سے شاستری پر کڑی طنز کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر وزیرِ خزانہ کی گفتگو یوں پیش کرتے ہیں:

> ''کرشنم اچاری: اگر آپ پچھلی جنگ میں پاکستان فتح کر لیتے تو بھارت کے عوام فخر سے آپ کو ننکو کہتے .... اور اس دن بھارت میں جو بچے پیدا ہوتے ان میں سے اکثر کا نام ننکو رکھا جاتا اور ہم خوشی سے لاہور جانے والی سڑک کا نام ننکو روڈ یا دہلی کے چاندنی چوک کا نام ننکو چوک رکھتے .... مجھے یقین ہے کہ اگر آپ کے ہاتھوں پاکستان کا وہی حشر ہوتا جو ہٹلر کے ہاتھوں یورپ یا پنڈت نہرو کے ہاتھوں حیدر آباد کا ہوا تھا یعنی حملہ کرتے ہی مختلف محاذوں پر بھارتی سینا کی پٹائی نہ شروع ہو جاتی تو یہ نام یعنی ننکو بھارت کے ہر بچے اور بوڑھے کی زبان پر ہوتا۔ بھارت کے دوکاندار(٧٩)
>
> اشتہار بازی کے لیے یہ لفظ استعمال کرتے اور ہم ہر شہر میں ننکو سوڈا واٹر، ننکو حلوا، ننکو ہیئر آئل، ننکو خضاب، ننکو سوپ، ننکو کریم، ننکو بلیڈ اور ننکو اِنک وغیرہ کے سائن بورڈ دیکھتے۔ بھارت کے شاعر ننکو پر نظمیں لکھتے اور بھارت کی فلم کمپنیاں ننکو بہادر، ننکو پہلوان یا ننکو شیر کے نام سے فلمیں تیار کرتیں اور آپ گھر بیٹھے ان سب سے اپنا قیمتی نام استعمال کرنے کا معاوضہ وصول کرتے۔ آنے والی نسلیں آپ کو ننکو بابا یا ننکو دی گریٹ کے نام سے یاد کرتیں۔ اس لیے آپ کو اس نام سے چڑنا نہیں چاہیے بلکہ

خوش ہونا چاہیے۔'' (۸۰)

شاستری یوں تو چھوٹے قد کی وجہ سے رکھے گئے اپنے الٹے نام ننکو سے بہت چڑتا ہے لیکن جنگ کے اختتام پر جب وزیرِ داخلہ اسے بھارت کا پردھان منتری ہونے کے ناتے سے جنگی نقصانات کا سب سے بڑا ذمہ دار قرار دیتا اور بھوکے ننگے عوام کی طرف سے اسے پھانسی کا خوف دلاتا ہے تو وہ اسی چڑ کو اپنی پناہ گاہ بنا لیتا ہے۔ یہ صورتِ حال بہت مزاحیہ ہے:

''نندہ: لیکن مہاراج! آپ عام انسان نہیں ہیں۔ آپ بھارت کے پردھان منتری ہیں۔ آپ ہٹلر، نپولین اور ونسٹن چرچل ہیں۔

شاستری: نندہ جی! تم مجھے بے وقوف نہیں بنا سکتے۔ جب لوگ مجھے پرلوک کا راستہ دکھائیں گے تو میں ننکو بن جاؤں گا۔ میں ان سے یہ کہوں گا کہ بھارت کی تباہی کا ذمہ دار تمہارا ننکو نہیں بلکہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے تمہارے ننکو کو ہٹلر اور نپولین بننے پر مجبور کر دیا تھا۔ (۸۱)

نسیم حجازی نے لفظی تکرار و ہیر پھیر، ہندوؤں کی توہم پرستی اور مذہبی عقاید کو قہقہوں کی تخلیق کا ذریعہ بنایا ہے۔ اس حوالے سے 'پورس کے ہاتھی' ان کی کامیاب تصنیف ہے۔

نسیم حجازی کی مزاحیہ تصانیف پر اعتراضات

نسیم حجازی کی تحریروں میں بھی بعض فنی نقائص موجود ہیں۔ مثال کے طور پر ان کی کتاب ''سو سال بعد'' میں موضوعاتی وحدت مفقود ہے۔ بائیس عنوانات میں سے ہر ایک کی الگ کہانی ہے اور قاری کو شعوری طور پر اصل موضوع کی طرف لوٹنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ نسیم حجازی کا مزاح مقصدیت زدہ ہے۔ کہیں کہیں قہقہوں کے درمیاں اچانک دھیما پن آ جاتا ہے اور تحریر سنجیدگی کی حدود کو چھونے لگتی ہے۔ اس کے متعلق شگفتہ الطاف کی رائے ہے:

''جب نسیم حجازی مزاح یا طنز لکھتے ہیں تو بھی ان کا قلم حقائق کی سنجیدگی سے بے نیاز نہیں رہ سکتا۔ اس بنا پر بعض اورقات تمثیل اپنے آخری

درجے تک جا پہنچتی ہے اور حقائق غالب آجاتے ہیں۔'' (۸۲)

یہ بات درست ہے کہ فن کے اعتبار سے نسیم حجازی کی مقصدیت ان کی مزاح نویسی کو کسی قدر گہنا دیتی ہے لیکن جب ہم یہ حقیقت مان لیتے ہیں کہ وہ ایک نظریاتی مصنف ہے تو پھر یہ امر اعتراض کی حیثیت کھو بیٹھتا ہے۔

نسیم حجازی کہیں تاریخی ناول نگاری کے انداز میں پلاٹ کو بے جا طویل بنا دیتے ہیں۔ اس کی ایک مثال 'سفید جزیرہ' کے پلاٹ کی ہے۔پچھلے ابواب میں وزارتوں کی کثرتِ تعداد پر بھر پور نشتر زنی کے بعد نیا باب ''وزارتیں اور وزارتیں' بڑی حد تک غیر ضروری محسوس ہوتا ہے۔شگفتہ الطاف اس باب کے متعلق رائے دیتے ہوئے لکھتی ہیں:

''نسیم حجازی یہاں پلاٹ کے تانے بانے میں بعض اوقات طوالت پسندی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ضمنی واقعات کو اس قدر تفصیل سے بیان کرتے ہیں کہ پلاٹ ایک سیدھی کہانی سے ادھر ادھر بھٹکنے لگتا ہے۔ ساتھ ساتھ مکالموں کی طوالت حد سے زیادہ بڑھ جاتی ہے۔'' (۸۳)

نسیم حجازی کی ادبی دانش نے بعض مقامات پر سیاسی ٹھوکر کھاتے ہوئے مستقبل کے متعلق غلط اندازے لگائے ہیں جس کی ایک
مثال سفید جزیرہ کا یہ اختتامی پیرا گراف ہے:

''کنگ سائمن کی پرواز کے بعد سفید جزیرے کی تاریخ سے اس سوال کا مفصل جواب نہیں ملتا کہ اس کے جرائم پیشہ وزیروں پر کیا گزری۔صرف اتنا پتہ چلتا ہے کہ نئی حکومت نے کسی دقت کا سامنا کیے بغیر اپنی اولین فرصت میں ان کی تجوریوں کی تلاشی لے چکی تھی اور سرکاری خزانے میں سونے اور چاندی کے انبار لگ چکے تھے۔ اس کے بعد سفید جزیرے کی تاریخ میں نئے نئے تعمیری اور اصلاحی منصوبوں کا ذکر آتا ہے لیکن

بد دیانت وزیروں او رافسروں کا کوئی ذکر نہیں آتا۔ لوگ صرف کنگ سائمن ڈے پر انہیں یاد کرتے ہیں۔'' (۸۴)

یہ بات حقیقت سے زیادہ نسیم حجازی کا وہ خواب ہے جس کی تعبیر بالکل الٹ سامنے آئی ہے۔ بدقسمتی سے آج تک نہ ان قومی لٹیروں کا احتساب کیا گیا ہے، نہ قومی دولت خزانے میں لوٹائی گئی ہے اور نہ قوم کو بد دیانت افسر شاہی اور کرپٹ سیاست دانوں سے نجات ملی ہے۔ البتہ اب ۲۰۰۹ء کے آخر میں سپریم کورٹ کے سرگرم فیصلوں نے عوام میں امید کی نئی کرن پیدا کی ہے۔

نسیم حجازی کے تاریخی ناولوں کی طرح ان کی مزاحیہ تصانیف میں بھی مکالموں کی طوالت اور خطیبانہ انداز برقرار ہے۔ اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے شگفتہ الطاف لکھتی ہیں:

''کبھی کبھی مکالموں کی طوالت پلاٹ کو متاثر کرتی ہے۔'' (۸۵)

اس میں شک نہیں کہ مکالموں کی اس طوالت سے شگفتہ تحریر کا حسن ماند پڑ جاتا ہے اور یوں لگتا ہے جیسے نسیم حجازی کسی ناسور کی کامیاب جراحی کے بعد اس انتظار میں بیٹھ گئے ہیں کہ زخم ٹھیک ہو تو آگے بڑھیں لیکن ہمیں یہ بات نہیں بھولنی چاہیے کہ نسیم حجازی کی مزاح نگاری محض چہلِ طبع کے لیے نہیں ہے۔ وہ ہر انسان کے لیے گدگدی کا ایک جیسا احساس نہیں رکھتی بلکہ مصنف یہاں بھی خیر و شر کے معرکوں کو موضوع بنائے ہوئے ہے۔ اس کی یہ تحریریں بھی مقصدیت کی علم برادار ہیں۔ اس ضمن میں شگفتہ الطاف رقم طراز ہیں:

''ان کی مزاحیہ تحریریں بھی اس ایک مقصد کے گرد گھومتی ہیں اور ان کی کتاب خواہ ''سوسال بعد'' ہو یا ''پورس کے ہاتھی'' درحقیقت مسلمانوں کو ہندو ذہنیت سے آگاہ کرنے کے لیے معرضِ وجود میں آتی ہے اور اس میں شک نہیں کہ سوچنے سمجھنے اور غور وفکر کرنے والے ذہن کے لیے نسیم حجازی کا پیغام کارگر بھی ہے۔'' (۸۶)

نسیم حجازی ایک نظریاتی ادیب ہیں۔ ان کی مزاحیہ تصانیف اپنے اندر وہ سیاسی اور تہذیبی شعور لیے ہوئے ہیں جس سے ایک طرف محبّ وطن و اسلام طبقہ طمانیت وتقویت حاصل کرتا ہے اور دوسری طرف مخالف نظریات کے حامی انگاروں پر لوٹتے ہیں۔ انہیں پڑھ کر پاکستانی ہی نہیں بلکہ ہر مسلمان کا سر فخر سے بلند ہو جاتا ہے جب کہ ہندو مذہب و سیاست کے حاشیہ برداروں کو طنز کے یہ نشتر ناقابلِ برداشت محسوس ہوتے ہیں۔

کسی بھی فن پارے کی حقیقی کام یابی یہ ہوتی ہے کہ اس کا تخلیق کار اپنا پیغام لوگوں تک پہنچانے میں کس حد تک کام یاب رہا ہے اور درج بالا مباحث سے ثابت ہوتا ہے کہ نسیم حجازی کی تمام مزاحیہ کتب اس معیار پر پوری اترتی ہیں۔ وہ طنز و مزاح نگاری میں صاحبِ طرز ادیب ہیں۔ ان کے ہاں طنز و مزاح کے حوالے سے پختہ سوچ اور اعلیٰ ذوق کی فراوانی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اردو نثر کے کسی بھی بڑے مزاح نگار کے ساتھ ان کا موازنہ کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

حوالہ جات

(۱) نسیم حجازی، پاکستان سے دیارِ حرم تک ، ص ۸، جہانگیر بک ڈپو لاہور، ۲۰۰۵ء

(۲) نسیم حجازی، ۱۹۴۷ء کی کرپان اور ۱۹۷۰ء تلوار (مضمون) مشمولہ نسیم حجازی......ایک مطالعہ؛ڈاکٹر تصدق حسین راجا ،ص۳۱۹

(۳) نسیم حجازی، بادشاہت اور آمریت کے قیام کی حیرت انگیز کہانی (مضمون) مشمولہ نسیم حجازی......ایک مطالعہ؛ڈاکٹر تصدق حسین راجا ،ص۴۰۷

(۴) ایضاً،ص ۴۰۸

(۵) جیسا کہ متن میں ہے

(۶) شہرین فاروقی، کوہستان کا تاریخی و تنقیدی جائزہ ،ص۹۸۔۹۹ ،تحقیقی مقالہ برائے ایم۔اے، پنجاب یونی ورسٹی لاہور،۱۹۷۴ء

(۷) ایضاً،ص۹۹۔۱۰۰

(۸) نسیم حجازی، آخری چٹان، ص ۵۵ ، جہانگیر بک ڈپو لاہور، ۲۰۰۵ء

(۹) نسیم حجازی ، شاہین ، ص۱۵۲، جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور، ۲۰۰۵ء

(۱۰) نسیم حجازی ، خاک اور خون ،ص۱۲۳، جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور، ۲۰۰۵ء

(۱۱) ایضاً ، ص۹۰۔۹۱

(۱۲) نسیم حجازی ، پردیسی درخت، ص۲۸۲ ، جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور، ۲۰۰۵ء

(۱۳) ایضاً، ص ۱۲۵۔۱۲۶

(۱۴) ایضاً ، ص۱۳۷

(۱۵) نسیم حجازی، پردیسی درخت، ص۳۰۱

(۱۶) ایضاً ، ص۴۰

(۱۷) ایضاً، ص۱۰۷

(۱۸) نسیم حجازی، گمشدہ قافلے، ص۱۰۳ ، جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور، ۲۰۰۵ء

(۱۹) نسیم حجازی، پردیسی درخت، ص۳۸۳

(۲۰) نسیم حجازی، سوسال بعد، ص۱۲، جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور، ۲۰۰۵ء

(۲۱) ایضاً، ص۱۷

(۲۲) ایضاً،ص۱۸

(۲۳) ایضاً،ص۲۸

(۲۴) ایضاً،ص۴۴

(۲۵) ایضاً،ص۴۸

(۲۶) ایضاً،ص۶۱

(۲۷) ایضاً،ص۶۷

(۲۸) ایضاً،ص۶۸

(۲۹) ایضاً،ص۹۹

(۳۰) ایضاً،ص۱۳۹

(۳۱) ایضاً،ص۱۴۰۔۱۴۱

(۳۲) ایضاً،ص۱۴۲۔۱۴۳

(۳۳) نسیم حجازی،سفید جزیرہ،ص۱۹، جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور، ۲۰۰۵ء

(۳۴) ایضاً،ص۱۹

(۳۵) ایضاً،ص۲۳،۲۴

(۳۶) ایضاً،ص ۲۸

(۳۷) ایضاً،ص ۵۶

(۳۸) ایضاً،ص ۵۹

(۳۹) ایضاً،ص ۷۳

(۴۰) ایضاً،ص ۱۳۴۔۱۳۵

(۴۱) ایضاً،ص ۷۳

(۴۲) ایضاً،ص ۹۱

(۴۳) ایضاً،ص ۱۶۸۔۱۶۹

(۴۴) شگفتہ الطاف،نسیم حجازی بحیثیت مزاح نگار،ص ۱۵۹

(۴۵) نسیم حجازی،سفید جزیرہ،ص ۱۶۱۔۱۶۲

(۴۶) ایضاً،ص ۲۳۴۔۲۳۵

(۴۷) ایضاً،ص ۲۱۳

(۴۸) ایضاً،ص ۲۱۵

(۴۹) ایضاً،ص ۲۳۵

(۵۰) شگفتہ الطاف،نسیم حجازی بحیثیت مزاح نگار،ص ۱۷۷

(۵۱) نسیم حجازی،ثقافت کی تلاش،ص ۴،جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور،۲۰۰۶ء

(۵۲) ایضاً،فلیپ،قومی کتب خانہ،۱۹۔ فیروز پور روڈ لاہور،۱۹۸۸ء

(۵۳) نسیم حجازی،ثقافت کی تلاش،ص ۸

(۵۴) ایضاً،ص ۲۵

(۵۵) ایضاً،ص ۳۴

(۵۶) ایضاً،ص ۵۷

(۵۷) ایضاً،ص ۶۶۔۶۷

(۵۸) ایضاً،ص ۶۹

(۵۹) ایضاً،ص ۹۸

(۶۰) ایضاً،ص ۱۲۴

(۶۱) شگفتہ الطاف،نسیم حجازی بحیثیت مزاح نگار،ص ۱۹۵

(۶۲) ایضاً،ص ۲۰۶

(۶۳) ایضاً،ص ۱۸۶

(۶۴) نسیم حجازی،پورس کے ہاتھی،ص ۷، جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور،۲۰۰۶ء

(۶۵) ایضاً،ص ۱۴

(۶۶) ایضاً،ص ۱۱۲۔۱۱۳

(۶۷) ایضاً،ص ۲۹۔۳۰

(۶۸) ایضاً،ص ۳۴

(۶۹) ایضاً،ص ۳۹

(۷۰) ایضاً،ص ۴۲

(۷۱) ایضاً،ص ۱۹۱

(۷۲) ایضاً،ص ۶۹

(۷۳) ایضاً،ص ۹۲۔۹۳

(۷۴) ایضاً،ص ۷۴

(۷۵) ایضاً،ص ۷۵

(۷۶) ایضاً،ص ۱۴۳

(۷۷) ایضاً،ص ۱۴۳

(۷۸) ایضاً،ص ۱۵۷

(۷۹) جیسا کہ متن میں ہے

(۸۰) نسیم حجازی، پورس کے ہاتھی، ص۱۶۹۔۱۷۰

(۸۱) ایضاً، ص ۱۷۶

(۸۲) شگفتہ الطاف، نسیم حجازی بحیثیت مزاح نگار، ص ۱۱۶

(۸۳) ایضاً، ص۱۶۳

(۸۴) نسیم حجازی، سفید جزیرہ، ص ۲۹۶

(۸۵) شگفتہ الطاف، نسیم حجازی بحیثیت مزاح نگار، ص ۱۲۸

(۸۶) ایضاً، ص۲۳۲۔۲۳۳

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.78, 2010, pp 121 - 148

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، شمارہ ۷۸، جنوری۔ مارچ ۲۰۱۰ء

فیضی فیاضی‘‘
مغل اعظم کا ملک الشعراء

ڈاکٹر محمد ناصر☆

Abstract:

Persian remained the court language of sub-continent throughout the Muslim period, for more than seven centuries and this fertile land produced some giant literary figure e.g. Masood Sa'ad Salman, Amir Khosrow, Abud al Fazl, Faizi, Ghalib and Bedil. Faizi is certainly one of most important poets of Mughal period. He was the court poet of Jalal-ud-Din Muhammad Akbar, Better known as the great Mughal. His poetry reflects the historical images, social norms, philosophical thoughts, mysticism, religious tolerance, moral values of the highest order and ethics of that particular age. Technically he is very sound and uses sublime similies, magnificent metaphors and fluent language. In this article his poetic works have been evaluated.

Keywords: Persian Poetry, Sub continent, Faizi, Impact.

ظاہر کا انبساط اپنے ناپائیدار تاثر کی بنا پر نامحسوس صورت اختیار کر کے ذہن سے محو ہو جاتا ہے، اس کے برعکس باطن کے دُکھ کی ہر کروٹ نہ صرف دل و دماغ کے لئے جراحت افزا ثابت ہوتی ہے۔ بلکہ اکثر اوقات اس کی شدت سے حواس تک پگھلنے لگتے ہیں۔

☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ فارسی ، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور

حواس کو شعوری طور پر ظاہر و باطن کے عمل اور ردِعمل کے لیے وقف کر کے ردّ و قبول کے مراحل سے گذر کر ''حاصل'' کو واضح اور وجیہ خدوخال عطا کرنے کا نام ہی ''فن'' ہے۔

''فن'' ہر لمحہ فنکار کی ذات کو ریزہ ریزہ تراش کر خود قطرہ قطرہ اس کی نس نس میں بس جانے کے ناتمام عمل میں مصروف رہتا ہے۔

گویا وہی احساس فن کی تخلیق کا محرک بنتا ہے، جو جذبہ و خیال کی غیر مرئی سرحدوں کو چھو لینے کی صلاحیت رکھتا ہو، ایک ایسا ہی شاعر، جس کے فن نے جذبہ و احساس اور فکر و فلسفہ کی ماورائی سرحدیں عبور کر کے اپنے افکار کو اشعار کا روپ دیا، ''فیضی فیاضی'' ہے۔

فیضی، جو برصغیر کی سیاسی تاریخ کے حوالے سے ایک نہایت اہم دور کا اہم ترین شاعر ہے۔

نام و نسب و زاد سال و زاد گاہِ فیضی:

پورا نام ''شیخ ابوالفیض فیضی'' تھا، ''فیضی'' ہی تخلص کرتا تھا البتہ زندگی کے آخری دور میں ''فیاضی'' تخلص بھی اختیار کیا۔

فیضی عربی النسل تھا۔ اس کے آباؤ اجداد میں سے آئے اور ''سندھ'' کے ایک قصبہ ''ریل'' میں آباد ہو گئے۔ فیضی کے دادا شیخ خضر نے ناگور میں سکونت اختیار کر لی۔ اور پھر فیضی کے والد شیخ مبارک آگرہ آ گئے، فیضی آگرہ ہی میں ۵۔شعبان ۹۵۴ھ/ ۱۶ ستمبر ۱۵۴۷ء کو پیدا ہوا۔

زندگی فیضی: فیضی کی شخصیت پر اس کے والد شیخ مبارک کے اثرات بہت واضح ہیں، جنہوں نے اپنے سب سے بڑے بیٹے کو خود زیور تعلیم سے آراستہ کیا۔ فیضی کا محبوب مضمون فلسفہ تھا۔ اس کے علاوہ وہ دینیات، منطق، طب، رمل، نجوم، فارسی کے جیّد عالم تھا، اور سنسکرت بھی کافی حد تک جانتا تھا۔ لیکن اس فقہ اور تاریخ سے زیادہ رغبت نہ تھی، اس کی علمیت کا اعتراف بہت سے ناقدین اور تذکرہ نویسوں نے کیا ہے، ملا عبد القادر بدایونی، جو فیضی کا بہت بڑا ناقد ہے، نے بھی فیضی کو یوں خراجِ تحسین پیش کیا ہے: ''ملک الشعراء شیخ فیضی در فنون جزئیہ از شعر و معمہ و عروض و قافیہ و تاریخ و لغت و طب و انشاء عدیل در روزگار نداشت۔'' (منتخب التواریخ)

اکبر کے ابتدائی دور میں دو بااثر علماء ''مخدوم الملک'' اور ''صدر الصدور'' کا طوطی بولتا تھا، جس سے ان کو شکایت ہوتی، اس کے خلاف فتویٰ دے کر شرعی حد جاری کر دیتے، فیضی کا خاندان اور ان کے زیرِ عتاب رہا، شیخ مبارک اپنے دونوں لائق بیٹوں فیضی اور فضل کے ہمراہ ایک مدت تک در بدر پھرتا رہا، بالآخر خانِ اعظم مرزا عزیز کوکلتاش کی سعی نے نجات پائی، اور پھر اسی محسن کے ذریعے دربارِ اکبری میں رسائی حاصل کی۔ فیضی نے مزاج شناسی، شگفتہ بیانی اور آزاد خیالی کے باعث۔ بہت جلد بادشاہ کی مصاحبت کو اپنا لیا، وہ شہزادوں کا اتالیق بھی رہا، علمی و ادبی کاموں کے علاوہ اس سے انتظامی خدمات بھی لی گئیں، یوسف زئی پٹھانوں کی

بغاوت کو دبانے کے لیے زین خان کوکہ کی کمک کے لئے فیضی کو ایک دستے کا سالار بنا کر بھیجا گیا، لیکن فیضی اپنے لیے علم و ادب کے میدان ہی پسند کرتا تھا، خود لکھتا ہے:

''اگر چہ شمشیر بمیان بستہ ام، امّا کزلک محبرہ ام کارگر تر است، اگر چہ تیر برکمان می نہم، امّا قلم در بنانِ من راست تر می رود، زھی پادشاہ بندہ نواز کہ قطرۂ بی وجود را چنین مود داد و ذرّۂ نابود را چندین باوج برد۔''

۱۵۹۷ء میں فیضی نے ملک الشعراء کا خطاب پایا، فیضی خود لکھتا ہے:

''رفتہ رفتہ در بندگی (بندگی بادشاہ'' فاش شدم و بہ سعادتِ ابدی خواجہ تاش گشتم، ہم در حساب امراء درآیدم وھم خطابِ ملک الشعراء گرفتم۔''

دکن میں بطور سفیر بھی کافی عرصہ مقیم رہا اسی سبب سے بعض محقق اسے، فیضی دکنی، کے نام سے بھی یاد کرتے ہیں، زندگی کے آخری سالوں میں فیضی لاہور میں مقیم رہا اور لاہور میں ہی ۱۰ صفر ۱۰۰۴ھ/۱۰ اکتوبر ۱۵۹۵ء بروز ہفتہ وفات پائی، بھائی ابوالفضل نے نعش آگرہ پہنچا کر ماں باپ کی قبروں کے پاس دفنا دی۔ دکتر یمین خان لکھتے ہیں:

''اگر چہ جسدِ فیضی از آغوشِ لاہور ربودند ولی سبک کہ در شعرِ فارسی لاھور بوجود آوردہ از تاریخ شعر و ادب سحو شدنی نیست۔''

(تاریخ شعر وسخنوران فارسی در لاہور)

''فیضی بعنوان شاعر''

بدایونی کے بقول فیضی نے صرف دس برس کی عمر سے ہی شعر کہنا شروع کر دیے تھے، گویا اس نے اپنی پچاس سالہ زندگی میں چالیس برس شاعری کی، اس نے خواجہ حسین ثنائی سے اصلاح لی، علی قلی والہ داغستانی، ریاض الشعراء میں لکھتے ہیں:

''الحق چاشنی ای کہ در کلامِ شیخ فیضی یافت می شود، از فیض اثر صحبت خواجہ حسین ثنائی است۔''

فیض نے اپنی شاعری کی بدولت بہت نام کمایا اور مرتبہ پایا، اس کا شمار سلطنت کے بااثر ترین افراد میں ہوتا تھا، اور اس کی شہرت دور دور تک تھی۔

''آثارِ فیضی''

مرآۃ العالم، مآثر الامراء، اور سرودِ آزاد کے مصنّفین کے بیان کے مطابق فیضی نے ۱۰۱ کتابیں تصنیف کیں، مگر جو کتابیں اس وقت دستیاب ہیں، وہ کچھ یوں ہیں:

''چو برخوانند رندان شعر فیضی...... ہزار احسنت بر دیوان نوشتند''

ا۔دیوان: فیضی نے ۹۹۵ء میں اپنے دیوان کا پہلا نسخہ ''تباشیر الصبح'' کے نام سے ترتیب دیا، اس میں چھ ہزار اشعار تھے:

''کوسی بہ شش جہت زدہ این شش ہزار بیت''

دوسرا مجموعہ ۱۰۰۱ھ سے ۱۰۰۴ھ کے درمیاں ترتیب دیا، اس میں نو ہزار اشعار تھے:

''کوسی بہ نہ فلک زدہ این نہ ہزار بیت''

بدایونی اور تقی الدین اوحدی اس کے اشعار کی تعداد ۲۰ ہزار بتاتے ہیں، مخزن الغرائب میں ۲۵ ہزار اور تذکرہ نظم گزیدہ میں ۳۰ ہزار رقم ہے، طبقاتِ اکبری جیسی معتبر کتاب میں ۱۵ ہزار اشعار کا بیان ہے، ابو الفضل مثنوی، مرکزِ ادوار، کے آخر میں لکھتا ہے کہ فیضی نے ابتدائی پچاس ہزار شعر تلف کر دیے۔

۲۔ خمسہ: خمسۂ نظامی اپنی تخلیق کے فوراً بعد سے ہی شاعروں کی توجہ کا مرکز بنا رہا ہے، بہت سے شاعروں نے اس کی تقلید میں خمسے لکھے لیکن جو شہرت حضرت امیر خسرو کے حصے میں آئی کسی اور کو اس کا عشرِ عشیر بھی نصیب نہ ہو سکا، برصغیر پاک و ہند کی شعری تاریخ میں امیر خسرو کے بعد خمسۂ نظامی کی تقلید میں سب سے بڑا نام 'فیضی فیاضی' کا ہے، فیضی نے خمسہ لکھنا تو شروع کیا لیکن ابھی محض دو رمثنویاں میں لکھ پایا تھا کہ عمر نے وفا نہ کی اور فرشتۂ اجل نے آلیا۔ دو مثنویاں، نل دمن، ار، مرکزِ ادوار، مکمل ہیں، جب کہ 'سلیمان و بلقیس' کے محض ۶۸ اشعار اور 'اکبر نامہ' کے ۱۱۵ اشعار ملتے ہیں، پانچویں مثنوی ہفت کشور' شروع ہی نہ کی جا سکی، 'نل دمن' ۴۲۷۵ اور 'مرکز ادوار' ۲۳۵۱ اشعار پر مشتمل ہے۔

جو مقبولیت 'نل دمن' کو حاصل ہوئی، وہ بے مثال ہے، فیضی کے بدترین مخالف بدایونی کو بھی منتخب التواریخ میں یہ اعتراف کرنا پڑا کہ: ''الحق مثنوی است کہ درین سہ صد سال مثل آن بعد از امیر خسرو شاید در ہند کسی دیگر نگفتہ باشد'' دکتر یمین نے تاریخ شعر و سخنوران فارسی در لاہور میں لکھا ہے:

''شاہکارِ شعر فیضی مثنوی نل دمن است۔''

دکتر ذبیح اللہ صفا لکھتے ہیں:

''حق آنست کہ لطف سخن اورا بیشتر در مثنویھا وسپس در غزلھای وی بجوییم کہ در آنھا حرارت با اندیشہ ھایِ تازہ و ترکیبھای تشبیھی و استعارنو و توانائی در وصف دیدہ میشود۔''

'فتح گجرات' بھی ۱۵۱ اشعار کا ایک مخطوطہ ہے یہ مثنویاں تاریخی اور مخصوصاً سماجی و سیاسی واقعات کے اعتبار سے غیر معمولی اہمیت کی حامل ہیں۔

۳۔ لطیفۂ فیاضی: مکتوبات اور نثری تحریروں کا مجموعہ ہے، تاریخی اور ادبی اعتبار سے اہمیت کا حامل ہے۔ اسے فیضی کے بھانجے 'نور الدین' نے مرتب کیا۔

۴۔ سواطع الالھام: قرآن پاک کی بے نقط عربی تفسیر جو فیضی کی بے پناہ علمیت کا سب سے بڑا ثبوت ہے، خود فیضی کو اس پر بہت ناز تھا، اپنے ایک خط میں لکھتا ہے:

''............ این عطیہ غیبی مخصوصِ فقیر بود۔''

۵۔موارد الکلم: عربی میں بے نقط الفاظ پر مشتمل ایک دینی رسالہ ہے۔

۶۔ترجمہ بھگوت گیتا: یہ اکبر کی پالیسی کے زیر اثر ہندو و اساطیر و مذہب سے لگاؤ کا نتیجہ ہے، یہ بھگوت گیتا کا منظوم فارسی ترجمہ ہے۔

۷۔ترجمہ لیلی وتی: ہندو ریاضیات پر پنڈت بھاسکر آچارہ کی کتاب، لیلاوتی، کا فارسی ترجمہ ہے، یہ کتاب سنسکرت میں تھی، اس میں فیضی نے اضافے بھی کیے ہیں۔

''سبکِ فیضی'' و''شیوۂ شعرش''

فیضی کے اشعار کو سبک ہندی کے نمائندہ اشعار کہا جاتا ہے، لیکن سبک ہندی اپنی تمام تر مثبت خوبیوں کے ساتھ فیضی کے اشعار میں جلوہ گر ہے، اس کی منفی خصوصیات سے کلامِ فیضی مبرا اور پاک ہے، سبک ہندی کی روایتی مشکل پسندی بھی یہاں ناپید ہے، اگرچہ فیضی کے ہاں بھی نازک خیالی، خیال باقی، مضمون آفرینی، جدت پسندی، نت نئی تراکیب، تازہ تشبیہات واستعارات صنائع و بدائع کا استعمال پایا جاتا ہے، لیکن اعتدال اور توازن کے ساتھ، جو فیضی کی ذاتی زندگی کا پرتو بھی ہے، خود اپنے سبک وشیوہ کے بارے میں دیوان کے دیباچہ میں لکھتا ہے:

''چون من دشوار پسندی برخود نہ پسندیدہ ام، پسندیدہ آنست کہ بزرگانِ

سخن ہم این بار برمن عبندند واین کار برمن نپسندند۔''

فیضی کے قصائد وغزلیات کی زبان بھی سادہ اور آسان ہے، وہ عربی کا بہت بڑا عالم ہونے کے باجود فارسی سرہ کو اپناتا ہے، ایرانی ناقدین فن نے بھی اس کی قدرتِ کلام کی خوبی کو حیرت سے دیکھا اور سراہا ہے، مثلاً دکتر زہرا خانلدی، رہنمایِ ادبیاتِ فارسی میں رقمطراز ہیں:

''فیضی اگرچہ در ہندوستان زندگی کردہ است ولی از حیث استحکام شعر فارسی مانند شاعرانِ خوبِ فارسی زبان است۔''

دکتر رضا زادہ شفق، تاریخ ادبیاتِ ایران میں فیضی کی فارسی زبان پر گرفت و بے پناہ مہارت کو یوں خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں:

''......گرچہ فیضی در ہندوستان نشست و زندگانی کردہ است ولی در سلامتِ سخن و متانت و استحکام شعر بہتای رسید کہ او را از شعرایِ باستانِ ایران نتوانِ تمیز دار۔''

فیضی نے بلاشبہ برصغیر کی فارسی شاعری پر گہرے نقوش چھوڑے، اس کو شاعری کی اس نئی طرز کا موجد بھی کہا جاسکتا ہے، اس کے ہاں کورانہ تقلید نہیں، وہ طرزِ فکر میں بھی اجتہاد کا قائل ہے، فیضی کا شیوۂ شاعری ملاحظہ فرمایئے:

''یارب قدمی براہِ توحیدم دہ

شوقی به خانخانۂ تجریدم ده

دلبستگی بسرِ تحقیقم بخش

آزادگی زقید تقلیدم ده''

قصائد فیضی کی تاریخی اہمیت:

فیضی کے قصائد کی تاریخی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، اس کے بعض قصائد سے اس دور کے اہم واقعات کو جاننے میں مدد ملتی ہے، اس کے ساتھ ساتھ اہم واقعات کو جاننے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تہذیب وقت کی درست عکاسی ہوتی ہے، آیئے چند مثالیں دیکھتے ہیں:

۹۷۵ء میں جب فیضی کو دربارِ اکبری سے بلاوا آیا تو اس نے جو قصیدہ کیا، اس کا مطلع کچھ یوں ہے:

''سحر نوید رسان قاصدِ سلیمانی

رسید ہمچو سعادت کشادہ پیشانی''

۹۸۹ھ میں فتح کابل کے موقع پر یہ قصیدہ کہا:

''بھار عیش شد و باغ آرزو گل کرد

بیار می کہ شہنشاہ فتح کابل کرد''

۹۹۱ھ میں گجرات کے باغیوں کا قلع قمع ہوا تو کہتا ہے:

''مژدہ کز گجرات شاہنشاہ دوران می رسد
ابر گوھر بار از دریایِ عمان می رسد''

۹۹۳ھ میں شہزادہ سلیم کی شادی کے جشن کے موقع پر کہتا ہے:

''ساقیا می دہ کہ رنگ آمیز شد باد بھار
لالہ با ریحان برآمد، گل بہ نسرین گشت یار''

۹۹۷ھ میں فتح کشمیر کے موقع پر ۱۰۰ اشعار پر مشتمل قصیدہ کہا:

''ہزار قافلۂ شوق میکند شبگیر
کہ بار عیش کشاید بخطۂ کشمیر''

''قصائد فیضی کی سماجی اہمیت:

فیضی کے ہاں خارجی عوامل یعنی ماحول کے اثرات زیادہ اور داخلی عناصر یعنی ذاتی جذبات و احساسات کم ہیں، وہ فن برائے فن نہیں بلکہ فن برائے زندگی کے اصول پر کاربند رہا، اس نے شعر سے زندگی کی ترجمانی کی اور اسے مسائل حیات کے سلجھانے کا ذریعہ بنایا:

''دل بدمکن کہ تیرگیِ چار عنصری
خود بین مشو کہ آینۂ ھفت کشوری''

فیضی نے ہندی افکار کی ترجمانی بڑی خوبی کے ساتھ کی ہے، سوئمبر، ستی، عورت کی مدد پر فریفتگی جیسے معاملات جو ہندی تہذیب کے ساتھ مخصوص ہیں، فیضی کے کلام میں ان کا ذکر اکثر آیا ہے، اس کے ساتھ ساتھ اس نے ہندی الاصل علامات بھی بکثرت استعمال کی ہیں، مثلاً دیر، ناقوس، بت، سومنات، برہمن، کافر، بید اور بت خانہ وغیرہ۔ گویا اس کے قصائد اس دور کے معاشرے اور تہذیب کے بھرپور عکاسی کرتے ہیں اور اس طرح سماجی تاریخ کا درجہ رکھتے ہیں۔

ممدوحِ فیضی:

فیضی نے 'اکبر' کے سوا کسی کا قصیدہ نہیں کہا، جو ایک غیر معمولی بات ہے۔ خود کہتا ہے:

''از مدحت اسافل عالی بود خیالم

اعیانِ معرفت را کی زیبد این عوانی''

''شہر اندیشہ ھایِ فیضی''

فیضی استاد ہے، فیضی نے تمام رائج اصنافِ سخن مثلاً قصیدہ، مرثیہ، ترکیب بند، ترجیع بند، غزل، قطعہ، معمہ، تاریخ گوئی اور مثنوی، سبھی میں طبع آزمائی کی، البتہ ہجر نہیں کہی، چنانچہ فخریہ اس کا ذکر بھی کرتا ہے:

''بدان می ماند این پاکیزہ گفتار

کہ در دیوانِ حافظ نامِ سگ نیست''

فیضی کی مثنوی نویسی کا ذکر، خمسہ نظامی کی تقلید، کی ضمن میں ہو چکا ہے۔ لیکن اس کے دیوان میں شامل قصائد اور غزلیات بھی اسی قدر اہمیت کی حامل ہیں، اس کے دیوان کا بڑا حصہ غزلیات پر ہی مشتمل ہے، جن کا اہم موضوع عشق ہے:

''دیوانِ فیضی از رقم عشق پر شدہ

ای اھلِ ذوق طرزِ ادا رانگہ کنید''

فیضی کے ہاں فکر بھی ہے اور فلسفہ بھی، یوں لگتا ہے جیسے ایک فلسفی اپنے خیالات کو الفاظ کا روپ دیے چلا جا رہا ہے۔

''زورِ کلام''

''ما طائرِ ملکونیم، نوارا نشناسیم

مرغِ ملکوتیم، ہزار را نشناسیم

از عرش مپندار کہ لغزد قدمِ ما

مستیم نہ زانگونہ کہ جارا نشناسیم

بالنگرِ دل، کشتی توحید برانیم

موجِ غم و طوفانِ بلا رانشناسیم

قطع نظر از نیک و بر دھر نمودہ
مدحت نسرائیم و ھجا رانشناسیم''

فخریہ:

اکبری دور میں جس قدر عمدہ فخریہ اشعار کہے گئے اس کی مثال کسی اور دور میں نہیں ملتی، عرفی کے بعد سب سے زور دار فخریہ اشعار فیضی کے ہاں ملتے ہیں، کہتا ہے:

''من فیضیم بفکرت فیاض کز شرف
نازد بفر فکرتِ من دروِ اکبریٰ''

کس خوبی سے کہتا ہے:

''در نظم طرازیِ تو فیضی
مارا قلم جواب بشکست''

یہ شعر بھی ملاحظہ ہو:

''فیضی ام من کہ چشمہ سار سخن
تشنۂ فیضِ لایزالِ من است''

اپنے اشعار کی رفعت کو یوں بیان کرتا ہے:

''علوِ پایۂ نظم بران مقام رسید

کہ دونِ من بود امروز ہرکہ دونِ من است''

معانی کی رنگینی کو یوں بیان کرتا ہے:

''کلکِ فیضی میدھد گلھایِ تر
میرود معنیِ رنگین شاخ شاخ''

''پند وموعظت''

فیضی نے پند و اندرز کے ضمن میں نہایت عمدہ شعر کہے ہیں، اس کے ہاں فکر و فلسفہ کی آمیزش نہایت عمدہ ہے، وہ جذبہ سے زیادہ عقل اور جوش سے زیادہ دلیل و منطق سے بات کرتا ہے۔ یہ انداز ملاحظہ ہو:

''مرد باید کہ زبان آئنہ دل سازد
خواہ کافر بود و خواہ مسلمان گردد''

اور اس غزل کے چند شعر:

''دل زبانِ ادب جزبہ آفرین مگشای
درین بساطِ ہنر چشم عیب بین مگشای
بگردِ چشم تو بستند پردہ ھایِ مژہ
کہ دیدہ جز بہ نظر ھایِ راستین مگشای''

''ایجازِ بیان''

اور ایجاز و اختصار کی مثال بھی دیکھیے:

''بہ شش نصیحت مجمل سخن تمام کنیم
مگو، مساز، میار و صبر، مبین، مگشای''

ظاہر بینی سے نفرت:

فیضی زاہد ظاہری سے بیزار ہے، وہ تو باطنی پاکیزگی ہی کو اہمیت دیتا ہے:

''ملامت می کند ناصح بہ فیضی
ببیند چشمِ ظاہر بین بظاہر''

فیضی فطری طور پر نیک دل اور خدا ترس انسان اس نے اپنے بدترین مخالفوں کے

ساتھ بھی ہمیشہ

فلسفۂ اخلاق

حسنِ سلوک سے کام لیا، سچ ہی کہتا ہے:

''اگرچہ ماز رفیقان شکایتی داریم
ہزار شکر کہ کس راز شکایت نیست''

''خودنگری''

فیضی جہاد بالنفس کو جہاد بالسیف پر ترجیح دیتا ہے، وہ جھوٹی انا کے سومنات کو پاس پاش کر دینا چاہتا ہے:

''بت شکنی کر دی و از خویش نر ستی
خود کشکنی کن کہ سومنات شکستی''

''تصوف وعرفان''

فیضی کے ہاں تصوف وعرفان کے لازوال موضوع پر خوبصورت اشعار ملتے ہیں، وہ اوّل و آخر کا فرق بھانپ چکا ہے:

''در چشم عارف از ازل فرقی نباشد ابد
اوّل در آخر خواندہ ام، آخر در اوّل دیدہ امّ''

یہ شعر بھی دیکھیے:

''مسافرانِ طریقت زمن جدا مشدید
کہ دور بینم و چشم بہ منزل افتاد است''

وہ وحدت الوجود کے نظریے کے حامی ہے، دیر و کعبہ کا فرق بھول چکا ہے:

''ہم کعبہ و ہم بتکدہ سنگِ رہِ مابود
رفتیم و صنم برسرِ محراب شکستیم''

عقیدۂ صلح کل

اکبر کے دور میں عقیدۂ صلح کل کو بہت پذیرائی حاصل ہوئی، جس کے زیر اثر اس دور کے شعراء نے بھی ایسے شعر کہے، جن میں اس عقیدہ کی موافقت کے پہلو نکلتے ہیں۔فیضی بھی 'سبعہ و زنّار' کی 'قید' سے آغاز ہے۔

''فیضی زقید سبعہ و زنّار فارغیم
علی کردہ ایم سومعہ و سومنات را''

فیضی اب مذہبی حدود و قیود سے بے نیاز ہو چکا ہے، اب عشق ہی اس کا مسلک و مشرب ہے:

''فیضی خبر از طاعتِ زھاد نداریم
در مشربِ عشقیم، چہ دانیم زمذہب''

کبھی تو اسے مسجد میں سکون میسر آتا ہے اور کبھی مندر بھی اسے گوشۂ عافیت دکھائی دیتا ہے اور وہ کافرِ سومنات ہونے کو ہی ترجیح دیتا ہے۔

''کہ زاھد مسجد است فیضی
کہ کافرِ سومنات باشد''

وہ نہ کافر کو برا کہتا ہے اور نہ ہی مسلمان کو فوقیت دیتا ہے:

''کافر به بت درست، مسلمان به کعبه راست
تو ازهمه جدا نه مسلمان نه کافری''

وہ خود کو نہ مسلمان سمجھتا ہے اور نہ کافر گردانتا ہے۔

شورِ عشق در شعرِ فیضی:

''بیا به میکدهٔ فیضی، رموزِ عشق آموز
چرا به مدرسه اوقات می کنی ضایع''

فیضی نے کچھ اس جوش و جذبے اور سرمستی کے ساتھ عشق کے نغمے الاپے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے کہ ایک فلسفی اور مفکر کا ایک روپ یہ بھی ہوسکتا ہے، وہ سلطنت عشق کو کسی بھی صورت ساتھ سے کھونا نہیں چاہتا:

''فیضی اگر عشق ترا خاک نشین ساخت
از دست مده، سلطنت رویِ زمین را''

اگرچہ وہ اس حقیقت سے آ گاہ ہے کہ راہِ عشق کوئے ملامت کی طرف لے جاتا ہے۔ کنج سلامت کی طرف نہیں:

''فیضی مجو طریق سلامت که راهِ عشق
کویِ ملامت است، نه کنج سلامت است''

دیوانِ فیضی انہی رنگا رنگ پھولوں سے رنگین ہے:

''نظمِ فیضی راچہ می بینی کہ عشق
صد چنین گلہای رنگا رنگ داشت''

وہ جانتا ہے کہ عشق ایک ناتمام حکایت ہے:

''کم نشد فیضی حکایتھایِ عشق
گرچہ ما گفتیم از صد بار بیش''

لیکن ساتھ ہی اپنی سعی پیہم، سے مطمئن بھی ہے:

''فیضی گمان مبر کہ غمِ دل نگفتہ ماند
اَسرارِ عشق آنچہ توان گفت، گفتہ ام''

رندی و مستی:

جب ایک عالم دین اور فقیہ رندانہ مضامین بیان کرتا ہے۔ تو حیرت ہوتی ہے، ایسا فیضی کے ساتھ بھی ہے، لیکن جہاں اس نے ایسا کیا ہے، اس کا فن اپنی معراج کو پہنچتا دکھائی دیتا ہے:

''ساقیا! سر مستیِ فیضی ز بزم دیگر است
ناز کمتر کن کہ ازمی شستہ ام پیمانہ را''

یہی رندانہ کیفیت جب عشق کا روپ دھارتی ہے تو فیضی بے اختیار کہہ اٹھتا ہے:

''فیضی و کارِ عشق چہ دارد نظارگی
ماپای بستِ دل شدیم، دل پای بستِ ما''

وفورِ جذبات کی مثال اور خود فراموشی کا عالم تو دیکھیے:

''فیضی چہ مست بود سحر بوسہ از بش
دانم کہ یافت لیکن ندانم کہ چند یافت''

جوشِ بیان اور زورِ کلام ملاحظہ ہو:

''ای عشق رخصت است کہ از دوشِ آسمان
بردوشِ خود نہم علم کبریایِ تو''

اس 'رندِ جہان گرد' کا حال تو دیکھیے:

''منم آن رندِ جہان گرد کہ ہمرا ہم نیست
اندرین بادیہ جز بادِ جہان پیمای''

''اعتدلال''

اس رندانہ کیفیت میں فیضی زیادہ دیر تک مقیم نہیں رہ پاتا، وہ جلد ہی اعتدلال کی راہ پر واپس آ جاتا ہے:

''منم کہ نغمہ بہ گوشم کمال می گیرد
شراب در گلویم اعتدلال می گیرد''

''فلسفہ وستیز با فلسفہ''

فیضی ایک فلسفی ہے، وہ فلسفیانہ افکار کے بیان کرنے پر قادر ہے:

''خوش آن کسی کہ زعالم بآرزوی تورفت
بہ جستجویِ توآمد بہ گفتگویِ تورفت''

لیکن کبھی کبھی ایک فلسفی ومنطقی کا ذہن بھی اس سے باغی ہو ہی جاتا ہے، یہی وہ مقام ہے جہاں انسان پر قدرت کا ادراک ہوتا ہے:

''فیضی بہ عقل مشکل ماحل نمی شود
بسیار خواندہ ایم، کلامِ کلیم را''

''مختصر بحور''

''ایجاز، سلاست، جزالت، بلاغت اورتغزل

فیضی کے ہاں مترنم اور سادہ مختصر بحور میں خوبصورت غزلیں ملتی ہیں، یہ فیضی کے فن کی معراج ہے، خالص تغزل کی چند مثالیں دیکھیے:

۱۔ ''پر شکوہ بود زبانِ فیضی''

۲۔ ''فیضی آن رہ نوردِ عشق منم
بردوشِ خود نہم علم کبریایِ تو''

۳۔ ''آنچہ بہ فیضی نظرِ دوست کرد
مشکل اگر دشمنِ جانی کند''

۴۔ ''از کار فتادہ ایم و باما
مجرِ تو ہنوز کار دارد''

۵۔ ''گفتم از تو گلہ دارد فیضی
گفت خاموش کہ من دانستم''

۶۔ ''ای ھم نفسانِ محفل ما
رفتید ولی نہ از دلِ ما''

۷۔ ''گرچہ فیضی بہ راہِ زھد افتاد
غزلش عاشقانہ افتاد است''

۸۔ ''ساعدِ اوست بہ دستم فیضی
آن مبادا کہ تھی دست شوم''

سبک ہندی کا یہ نمائندہ شعر بھی دیکھیے:

''ما بیخ امید از گلِ اندیشہ کشیدیم
وز سینہ دلِ خود بہ رگ و ریشہ کشیدیم''

''جایگاہِ فیضی در تاریخِ شعر فارسی''

برصغیر کی فارسی شاعری کی تاریخ میں امیر خسرو کے بعد سب سے بڑا نام بلاشبہ فیضی فیاضی کا ہے، شبلی نعمانی، شعر العجم میں لکھتے ہیں:

''فارسی شاعری نے چھ سو برس کی وسیع مدت میں ہندوسان نے صرف دو شخص پیدا کیے، جنہیں اہلِ زبان کو بھی چار و ناچار ماننا پڑا، خسرو و فیضی۔''

آیئے ناقدین کی آراء سے قبل اپنے اشعار کے بارے میں خود فیضی کی رائے بھی دیکھ لیں۔ فیضی لکھتا ہے:

''اشعارِ فن مغز پرور دوستانند سراسر نغز و سیہ پوستان ہندوستان اند، لبالب مغز۔''

☆ ابو الفضل، آئینِ اکبری میں لکھتا ہے: ''شیخ ابو الفیض فیضی شگفتہ پیشانی، کشادہ دست، بیدار دل، سحر خیز، از رادتِ گیتی خداوند کامیاب) بخطاب ملک الشعراء سر بلندی یافت۔''

☆ ہفت اقلیم

''فیضی...... در فھم و دقت و جامعیت علوم و لطفِ شعر و حسنِ مقال عدیم المثل است۔''

☆ ذخیرۃ الخوانین

''فیضی...... درفنونِ شعر ید بیضا داشت۔''

☆ تقی الدین اوحدی

''فیضی...... شہر یار اقلیم سخن و تازہ ساز رسمهایِ کہن است۔''

☆ سرودِ آزاد

''فیضی ......طوطی ہند، سخن گستری است و ملک الشعرانِ دربارِ اکبری۔''

☆ دکتر یمین خان لاہوری

''فیضی غیراز جزئیات خیالبافی، جزئیات، جزئیاتِ سبک ہندی را بصورتِ کامل در شعر فارسی یکجا جمع اور دہ است...... میزان گفت کہ فیضی ''مؤسس سبک ہندی کامل'' است۔'' (تاریخ شعر وسخنورانِ فارسی در لاہور)

☆ علی اکبر دھخدا

''فیضی از سر آمدانِ سخن فارسی در ہندوستان و در قصیدہ و غزل و مثنوی صاحب مقامی است۔'' (لغت نامۂ دھخدا)

☆ دکتر ذبیح اللہ صفا

''فیض از شاعران و ادبیان بزرگ ہند و از سر آمدانِ سخن پارسی در آن سر زمین است۔''(تاریخ ادبیات در ایران)

☆ رمنا زادہ شفق

''توان گفت معروفترین شعرای فارسی گوئی ہندوستان ہمانا امیر خسرو و عرفی و فیضی

بودند۔'' (تاریخ ادبیات ایران)

☆ ای۔ جی۔ براؤن

"Haijdi was certainly one of the greatest poets of his country." (A literary history of persia)

☆ حسین فریور۔ (تاریخ ادبیاتِ ایران و تاریخ شعراء)

''فیضی......اشعارِ لطیفی دارد۔''

☆ دکتر محمد معین (فرہنگ معین)

''......فیضی......طبعی روان و ذہنی رسا و قلمی شیوا داشت۔''

☆ اے۔ ڈی۔ ارشد اپنے ڈاکٹریٹ کے مقالے

Time, life and persian works of sheikh faizi میں لکھتے ہیں:

Faizi was graceful metapperes and elegant similies with delicacy.

خلاصہ یہ کہ فیضی سبک ہندی کے عظیم شعراء میں سے ایک ہے۔ اس کے روشن افکار کے سبب ، جو اس کے اشعار میں جلوہ گر ہوئے ہیں، اس کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا اور فارسی شاعری کی تاریخ فیضی کے ذکر کے بغیر ادھوری رہے گی۔

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.78, 2010, pp 149 - 166

مجلّہ تحقیق
مجلہ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، جنوری۔مارچ ۲۰۱۰ء، شمارہ ۷۸

ع۔س۔مسلم کی نعتیہ شاعری میں محبت رسول ﷺ

(قرآن وسنت کی روشنی میں)

ڈاکٹر محمد سرفراز خالد☆

Abstract:

Ain Seen (AbdusSattar) Muslim is a famous Urdu poet who has contributed a lot to Na'tiyah poetry. He expresses his veneration for the Holy Prophet (peace be upon him). In this article, it has been highlighted that the poet has versified the concept of the love of Prophet Muhammad (peace be upon him) in a beautiful way. Examples of such verses have been quoted to prove that the love of the beloved Prophet (peace beupon him) is the central theme in the religious poetry of Muslim.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان کی جانچ پرکھ کے لیے مومنین کو ایک بہترین اور بے مثال کسوٹی عطا فرمائی ہے۔آپ ﷺ فرماتے ہیں:

لَایُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَ وَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (۱)

(تم میں سے کوئی بھی مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اُسے اُس کے والدین، اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوجاؤں۔)

☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی وعلوم اسلامیہ، جی۔سی یونیورسٹی، لاہور

"جذبۂ محبت کا عملی مظہر وہ بلاحیل وحجت اطاعتِ رسول تھی جو ہمیں صحابہ کرام کی زندگیوں میں، جو آپؐ کی اطاعت میں جان پر کھیل جاتے تھے، موجِ خوں کی طرح نظر آتی ہے۔" (۲)

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین قرآن حکیم پڑھتے اور اس سے تمام معاملات زندگی میں بہترین راہنمائی حاصل کرتے تھے، جس میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے:

وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا. (۳)

(اور رسول جو کچھ تمہیں دیں وہ لے لو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں رُک جاؤ۔)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مَیں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: "یارسول اللہ! مَیں آپ سے بہت سی احادیث سنتا ہوں مگر بھول جاتا ہوں۔"

قَالَ: اَبْسُطْ رِدَائِکَ فَبَسَطْتُہُ، قَالَ: فَغَرَفَ بِیَدَیْہِ، ثُمَّ قَالَ: ضُمَّہُ، فَضَمَمْتُہُ، فَمَا نَسِیْتُ شَیْئًا بَعْدَہُ. (۴)

(آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی چادر پھیلاؤ، میں نے چادر پھیلادی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (فضا میں سے کچھ) چُلّو بھر بھر کے اس میں ڈال دیے اور فرمایا: "اسے اپنے سینے سے لگا لو، میں نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا، تو اس کے بعد میں کبھی کوئی چیز نہیں بھولا۔)

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا یہ عالم تھا کہ اپنی عبادت و ریاضت سے بڑھ کر دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اہمیت دیتے اور آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کی محبت کا بہترین صلہ انہیں عطا فرماتے۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ قیامت کب واقع ہوگی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ قیامت کی کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی:

نہ تو نماز روزہ میں کثرت کی ہے اور نہ ہی کوئی خاص عبادت کی ہے، بس ایک بات ہے کہ مَیں آپ سے محبت کرتا ہوں۔ نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ. (۵) (آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔)

احادیث کی کتابوں میں بہت سے واقعات ایسے ملتے ہیں کہ کسی غزوہ میں کسی صحابی کا بازو کٹ گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعاب دہن لگا کر اسے جوڑ دیا، کسی کی آنکھ ضائع ہوگئی تو اسے واپس لگا دیا تو اس آنکھ کے ذریعے اسے پہلے سے بھی بہتر نظر آنے لگا۔ کسی کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے بینائی مل گئی تو کسی کا واجب الادا قرض تھوڑی سی کھجوروں میں برکت پیدا ہونے سے تمام کا تمام ادا ہوگیا۔

اسی طرح قحط سالی میں آپ ﷺ کے وسیلہ سے بارش حاصل ہوئی اور کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ کو اپنی عام سی خوشبو میں شامل کرکے اُسے اپنے لیے بہترین خوشبو بنا لیا۔ حتیٰ کہ ایسے واقعات بھی ملتے ہیں کہ کسی صحابی نے اپنی کسی مشکل یا تکلیف کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عدم موجودگی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارا تو فوراً ہی اس کی مشکل یا تکلیف زائل ہوگئی۔ مثال کے طور پر صحابی رسول عبدالرحمٰن بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے

فَخَدِرَتْ رِجْلُهُ فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِالرَّحْمٰنِ، مَالِرِجْلِكَ؟ قَالَ: اِجْتَمَعَ عَصَبُهَا مِنْ هَاهُنَا، فَقُلْتُ: اُدْعُ أَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْكَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فَانْبَسَطَتْ. (٦)

(کہ ان کا پاؤں سُن ہوگیا، مَیں نے عرض کی اے ابو عبدالرحمٰن: آپ کے پاؤں کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے فرمایا: میرے اعصاب (پٹھے) یہاں سے کھنچ گئے ہیں۔ تو میں نے عرض کیا: جو ہستی آپ کو تمام انسانوں میں سے سب سے زیادہ محبوب ہو اُسے یاد کریں، تو انہوں نے ''یا محمدؐ'' کا نعرہ

بلند کیا، اسی وقت ان کے اعصاب کُھل گئے۔)

عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے عہدِ حاضر تک تاریخ کے اوراق بے شمار ایسے واقعات سے بھرے پڑے ہیں جن میں اُمتِ محمدیہ کے متعدد عشاقِ رسول نے اپنی کسی مشکل یا تکلیف میں آقائے دوجہاں ﷺ کو یاد کیا اور اپنی مشکل کے ازالے کی استدعا کی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مدد فرمائی تو ان کی مشکل حل ہوگئی۔

علامہ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ ضرب المثل کی حیثیت رکھتا ہے کہ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی بیماری کی حالت میں محبوب ربانی صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کیا اور ان کی شان میں نعتیہ قصیدہ لکھا، بوصیریؒ خواب میں مولائے کُل اور ختم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرّف ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے علامہ بوصیری کو اپنی چادر عطا فرمائی، جب بیدار ہوئے تو چادر مبارک ان پر موجود تھی اور بیماری سے بھی شفا مل چکی تھی۔

ہر زمانے میں اور ہر زبان میں مدحتِ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم میں شعراء کرام نے اپنی لکھی ہوئی نعتوں کے ذریعے بارگاہ رسالت میں نذرانہ عقیدت پیش کیا اور رحمۃ للعالمین کی اپنے اوپر ہونے والی عنایات پر اظہارِ تشکر کیا۔ اسی طرح سیرت نگاروں نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف گوشوں کی طرف رہنمائی کرتے ہوئے ملتِ اسلامیہ کو نہ صرف عظمتِ رسول اور محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا درس دیا بلکہ سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنی نسبت کو اپنے لیے عظیم الشان اعزاز تسلیم کیا۔

ابوالامتیاز، ع۔س۔ مسلّم کا شمار ان شاعروں اور ادیبوں میں ہوتا ہے جنھوں نے نظم و نثر کے ذریعے مدحتِ رسول میں طبع آزمائی کی اور شہرتِ دوام پائی ہے۔ دیگر موضوعات پر لکھی گئی ان کی کتابوں کے علاوہ ''حمد و نعت''، ''کاروانِ حرم''، ''اللہ و رسول''، ''کعبہ و طیبہ''، ''زمزمہ سلام''، ''زمزمہ درود''، ''برگِ تر''، ''نیشِ گُل''، ''صریرِ خیال''۔ ''سرودِ نعت'' اور ''اہانتِ رسول اور آزادی اظہار'' نمایاں مقام کی حامل ہیں جن کے ذریعے

انہوں نے عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پاسبانی کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنی محبت وعقیدت کا بھرپور اظہار کیا ہے۔لیکن ان کی جس کتاب نے شہرتِ چہار دانگ عالم حاصل کی وہ ''زبورِنعت'' ہے ،جسے حکومت پاکستان کی طرف سے ۲۰۰۹ ء میں اول انعام کی حقدار قرار دیا گیا۔ اسی نعتیہ مجموعہ میں پچھلی کتابوں کی شائع شدہ نعتوں میں سے کچھ اصلاح وترامیم کے ساتھ بھی شامل کی گئی ہیں ۔کتاب کی ابتدا میں ع س مسلم نے ''زمین تا عرش، بریں'' کے عنوان سے نعت اور ذکر رسول کی رفعت، قرآن و دیگر آسمانی کتابوں میں مدحت ونعت ، ولادتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ۸۰۰ سال قبل بادشاہ یمن تُبّع کے ''محمد'' صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت کے اشعار کے تذکرہ کے علاوہ صحابہ کرامؓ خصوصاً حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے نعتیہ اشعار پر مشتمل ایک جامع مقدمہ لکھا ہے جو عموماً نعتیہ مجموعوں میں شامل نہیں ہوتا ۔کتاب کے آخر میں نعتیہ اشعار کی تصدیق و تائید میں ۲۲۷ اَسناد پیش کی ہیں جس سے کتاب کی اہمیت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اظہار کرتے ہوئے ع س مسلم فرماتے ہیں :

''ذات باری تعالیٰ کے بعد احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ والا صفات ہی ہر طرح سے کامل و اکمل اور ہر مدحت اور تعریف وتوصیف کی مستحق ہے۔حقیقت تو یہ ہے کہ آپ کی صفات کے بیان میں مبالغے کی کوئی حدنہیں ،سوائے ذات باری تعالیٰ کے۔'' (۷)

اسی حقیقت کو پیش نظر رکھ کر ع۔س۔مسلم محبوبِ ربِّ کائنات کی توصیف ایک رباعی میں بیان کرتے ہیں:

سکونِ دل کا خزانہ جہاں سے ملتا ہے   چلو مدینے ، کہ سب کچھ وہاں سے ملتا ہے
جو مانگنا ہے اسی در سے مانگ لے مسلم   خدا کے بعد اسی آستاں سے ملتا ہے *

رب العالمین نے اپنے محبوب کو اس دنیا میں رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا اور تمام مخلوقات سے اعلیٰ و ارفع مقام عطا کیا ہے اور قرآن میں بے شمار مقامات پر توصیفِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں

آیات نازل کی ہیں ۔ مزید برآں باری تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتے ہیں اور ایمان والوں کو بھی درود و سلام پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ع۔س۔ مسلم بھی حکمِ الٰہی کی تعمیل میں ذکرِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنے لیے فخر محسوس کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں :

محبوب ربّ ہے جو، وہی میرا حبیب ہے

ہم ذوقِ ذوالجلال ہوں شہر نبی میں ہوں (۸)

'' یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی ایجاد یا تخلیق کی تعریف اپنی اصل میں اس کے موجد یا خالق ہی کی تعریف وتوصیف کے مترادف ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل واکمل اور بے مثال ذات کی تعریف و توصیف دراصل اللہ تعالیٰ ہی کی ذاتِ ذوالجلال والاکرام کی تعریف وتحمید کے مترادف ہے۔ جس نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسی تخلیق فرمائی کہ جس طرح خود اس کی اپنی ذاتِ پاک واحد و لاثانی ہے جس کا کوئی شریک نہیں، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی بندوں میں بے مثال ہیں اور اس عظمت میں کوئی آپ کا شریک نہیں۔''(۹)

خالقِ کائنات کی بے مثل تخلیق ، سردارِ انبیاء کی تعریف وتوصیف اس خالقِ حقیقی کی خوشنودی حاصل کرنے اور دعا کی قبولیت کی اولین شرط ہے۔

بہت برکتوں سے کیا اس نے معمور ذکرِ محمدؐ

ہے مطلوب حق سے دعا کی اجابت تو پھر نعت کہیے (۱۰)

اپنی کتاب زبورِ نعت میں ع۔س۔مسلم صاحب نے نبی محترم صلی اللہ علیہ وسلم کے لاتعداد اوصاف بیان کیے ہیں جن میں شفاعتِ کبریٰ ، رحمت و عطا، زیارت مدینہ، نور محمدی، برکت اسم محمد، محرم راز، فیضان رسالت، حبِ نبی اور نسبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم شامل ہیں اور ہر موضوع پر متعدد اشعار کہے ہیں جن کا احاطہ کرنا خاصا مشکل کام ہے۔ یوں سمجھیے کہ زبورِ نعت

ایک انسائیکلو پیڈیا نعت ہے۔

جب نقش ہوا دل پہ مرے نامِ محمدؐ سب دولتِ ایماں کے ملے مجھ کو دفینے (۱۱)

ہمارے پیشِ نظر بھی یہی ''زبورِ نعت'' ہے۔ ہم نے اپنے اس مقالہ میں کتاب کے اُن اشعار کا انتخاب کیا ہے جن میں ع۔س۔مسلم نے بارگاہ رسالت سے فیضان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنی جھولی بھرنے اور مختلف انداز میں اپنے اوپر ہونے والی نوازشوں اور رحمتوں کا ذکر کیا ہے اور ساتھ ہی ان انعامات کی عطا پر رحمۃ للعالمین کا شکریہ بھی ادا کیا ہے۔ نیز انھوں نے محبوبِ ربّ العالمین سے اپنے گردشِ احوال کا ذکر کر کے ان کی اصلاح اور نگاہِ لطف و کرم کے لیے التجا کی ہے۔ مثلاً:

گھٹتی ہے سانس آپ سے دوری میں یارسولؐ قربِ حضور پاک کا دائم ہو التزام (۱۲)

مسلم درِ عطا پہ ہے سائل پناہ کا لطفِ نگاہ کیجیے اے رحمتِ تمام (۱۳)

بلکہ اس آستانِ مصطفیٰؐ کی عظمت کے اعتراف اور اپنی عاجزی و بیکسی کو ظاہر کرنے کے لیے ع۔س۔مسلم خود کو اس آستاں کا کُتا کہلانے میں بھی فخر محسوس کرتے ہیں:

مرہمِ درد و غم ، چارہ سازِ الم وہ اثر ، وہ دوا ، مصطفیٰ مصطفیٰ

مسلم خستہ جاں ، ہے سگِ آستاں وا ہو دستِ عطا ، مصطفیٰ مصطفیٰ (۱۴)

ربّ کائنات نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو معلم بنا کر بھیجا تو مومنین پر اس کا احسان جتلاتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلاً مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ. (۱۵)

(بے شک اللہ نے ایمان والوں پر بڑا احسان کیا جب اس نے ان میں رسول بھیجا انہی میں سے جو ان پر اس کی آیتیں تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔)

مسلم صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس سرچشمہ علم و حکمت سے نہ صرف اپنے آپ کو سیراب کرتے ہیں بلکہ اس سے اپنے دامن کو بھی بھرنے کے خواہش مند نظر آتے ہیں:

بھروں جھولی درِ خیرُ البشر سے حِکم سے، فہم سے، علم و ہنر سے (۱۶)

بعض مفکرین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ''اُمّی'' کی بنا پر آپ کی شان و علم میں تنقیص ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں جب کہ حقیقت میں اس لفظ سے مراد یہ ہے کہ آپ نے کسی انسان کی بجائے صرف اپنے خالق حقیقی سے علم حاصل کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلم جیسے صحیح العقیدہ افراد اُس ''اُمّی'' نبی کے علم و حکمت کے فیضان سے خود کو لعل و گوہر کی مانند تصور کرتے ہیں:

کیا معلم ہے وہ اُمّی، جس کے فیضِ چشم سے ایک مشتِ خاک مجھ جیسی گُہر ہوتی گئی (۱۷)

معبود حقیقی اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کا اظہار یوں بیان فرما کر ایسے ناقدین کے ناقص خیالات کا رد کرتا ہے:

فَاٰمِنُوا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَکَلِمٰتِہٖ وَاتَّبِعُوْہُ لَعَلَّکُمْ تَھْتَدُوْنَ. (۱۸)

(تو اللہ اور اس کے رسول، اُمّی (لقب والے) پر ایمان لاؤ، جو ایمان رکھتے ہیں اللہ اور اس کے کلام پر اور ان کی پیروی کرو تاکہ تم ہدایت یافتہ ہو جاؤ۔)

ع۔س۔مسلم صاحب اس حقیقت کا برملا اعتراف کرتے ہیں کہ جو عرفانِ حقیقت انہیں حاصل ہے وہ سب محبوبِ رب العالمین کی نظر کرم کا مرہون منت ہے:

ہو دلِ مسلم پہ گر اُن کی نظر کیوں نہ اُس پر فرق خیر و شر کھلے (۱۹)

ایک دوسرے مقام پر یوں بیان کرتے ہیں:

بس اک نگاہِ لطف دل کے داغ دھو گئی　　وہم وگماں وریب کے عُقدے ہیں سب کُھلے (۲۰)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضانِ نظر جسے حاصل ہو جائے اُسے سکونِ قلب میسر آ جاتا ہے۔ ع۔س۔مسلم واشگاف الفاظ میں اس کا اظہار کرتے ہیں :

نشاط و انبساطِ قلبِ مسلم　　محمدؐ ہی کے فیضان نظر سے (۲۱)

کب نہیں مسلم دیار جاں میں وہ　　مجھ پہ کب ان کی نظر نہیں ہوتی (۲۲)

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کا اسم گرامی محمد صلی اللہ علیہ وسلم رکھا ہے۔ اگر زبان سے اسم محمد ﷺ ادا کیا جائے تو دونوں ہونٹ آپس میں دوبار ملتے ہیں ۔ ع۔س۔مسلم نے ہونٹوں کے اس ملاپ کو اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا چومنا قرار دیا ہے:

میں نے وفورِ شوق میں چوما ہے بار بار　　آپس میں نام پاک پہ جب میرے لب ملے (۲۳)

یہ نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بھر پور تاثیر ہے کہ جو شخص بھی ذوق وشوق اور عقیدت سے اس کا ورد کرتا ہے تو اس کی برکت سے قلب و ذہن سے آلودگی کے بادل چھٹ جاتے ہیں اور خیالات میں پاکیزگی اُمڈ آتی ہے۔

جاری زباں پر جو ہوا اُن کا نام پاک　　تطہیرِ قلب و ذہن و خیالات ہوگئی (۲۴)

خالقِ کائنات نے جب انسانوں کے جدِ امجد آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو فرشتوں کو حکم دیا کہ انھیں سجدہ کریں ، جمہور مسلمانوں کی طرح ع۔س۔مسلم بھی اس بات کے قائل ہیں کہ آدم علیہ السلام کے جسم کے اندر اسم محمد اور روح محمد صلی اللہ علیہ وسلم موجزن تھی جس کے احترام میں ہی فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا:

ہو خمیرِ خاک و خوں مسجودِ نورِ قدسیاں　　ہے محمد سے شرف، ذات بشر میں کچھ نہیں (۲۵)

اور جب جنت میں آدم علیہ السلام ،ابلیس کے بہکانے کی وجہ سے شجر ممنوعہ کو چکھ کر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث بنے تو انہوں نے نام محمد ﷺ کے وسیلہ سے معافی حاصل کی۔

آدم علیہ السلام کی طرح تمام انبیاء کرام بھی اللہ تعالیٰ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے طلب کرتے ہیں یا اپنی حاجت روائی کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا محبوب اور مقرب تسلیم کرتے ہوئے انہی سے ملتمس ہوتے ہیں۔

وَ کُلُّھُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ مُلْتَمِسٌ غُرْفًا مِّنَ البَحْرِ او رَشْفًا مِّنَ الدِّیَمِ (۲۶)

(تمام انبیاء کرام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بحرِ بے کنار میں سے ایک چلو یا ابرِ کرم میں سے ایک گھونٹ حاصل کرنے کے لیے ملتمس رہے ہیں۔)

ع۔س۔مسلم بھی اپنے دکھ درد میں اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے سکون و آرام حاصل کرتے ہیں اور انہیں اپنے دردِ جگر کا چارہ گر تسلیم کرتے ہیں:

وہی محمدؐ مرا سہارا وہی ہے دردِ جگر کا چارہ (۲۷)

کسی اور در سے نہ مانگوں گا مسلم کہ میرے شہِ اغنیاء ہیں محمدؐ (۲۸)

وہ دانائے سُبل اور مولائے کل جسے رب العالمین نے اپنے خزانوں کی چابیاں عطا کی ہوں اور جس کے منہ سے کسی سائل کے لیے کبھی ''نہ'' نہیں نکلی ہو۔مسلم بھی اظہارِ تشکر کرتے ہوئے اقرار کرتے ہیں کہ مَیں نے جب بھی کسی مشکل و مصیبت میں ان کو پکارا اُس مولائے کل صلی اللہ علیہ وسلم نے میری مدد ضرور کی اور کبھی مجھے مایوس نہ کیا۔

جب بھی ہجومِ یاس میں ان کا لیا ہے نام مولا نے ہر خلش مرے سینے سے دور کی (۲۹)

ربّ العالمین نے اپنے محبوب کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔قرآنِ حکیم میں ارشاد فرمایا:

وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ. (۳۰)

(اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔)

ع۔س۔مسلم کا شمار بھی ان خوش نصیبوں میں ہوتا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

کے ساتھ اپنی نسبت کو اپنے لیے اعزاز تصور کرتے ہیں۔

بس یہ نسبت ہے، غلامِ رحمتِ عالم ہوں میں　　چشمِ تر میں کچھ نہیں، دامانِ تر میں کچھ نہیں (۳۱)

صحابہ کرام اپنے مسائل و پریشانیوں کا آقائے دو عالمؐ سے ذکر کرتے اور رحمۃ للعلمین ان کی مدد فرماتے۔ حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی میں قرآن یاد کرتا ہوں اور بھول جاتا ہوں۔

> فَضَرَبَ صَدْرِیْ بِیَدِهٖ فَقَالَ: یَاشَیْطَانُ اَخْرُجْ مِنْ صَدْرِ عُثْمَانَ، قَالَ عُثْمَانُ: فَمَا نَسِیْتُ مِنْهُ شَیْئاً بَعْدُ اَحْبَبْتُ أَنْ أَذْكُرَهُ . (۳۲)
>
> (تو رسول اللہؐ نے اپنا دستِ مبارک میرے سینے پر مارا اور فرمایا: اے شیطان! عثمان کے سینے سے نکل جا۔ حضرت عثمانؓ فرماتے ہیں: تو اس کے بعد میں نے جس چیز کو بھی یاد کرنا چاہا وہ کبھی نہ بھولا)

مسلم بھی اپنے تمام قلبی امراض کا طبیبِ اعظم نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلیم کرتے ہوئے ان ہی سے اپنے دردِ دل کی دوا تسلیم کرتے ہیں۔

تو دافعِ امراضِ دلِ عاصی مسلم　　ہر آن ترا ذکر مرے غم کی دوا ہے (۳۳)

ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف ان کے ہر رنج و الم کا مداوہ ثابت ہوتا ہے بلکہ کثرت ذکر کی برکت سے مسلم فنا فی الرسول کی منزل کو بھی حاصل کر لیتے ہیں۔ جس کے نتیجہ میں اپنے دل کی ہر دھڑکن اور سانس کی روانی میں نام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی اثر آفرینی محسوس کرتے ہیں جس کے باعث ان کی سانسیں تمام دیگر عبادات میں مقدم مقام حاصل کر لیتی ہیں۔

دل پر جو میرے نور کی برسات ہو گئی　　لوحِ حیات پرتوِ آیات ہو گئی

اس طرح دل پہ ثبت ہوا نام مصطفیٰ　　ہر سانس میری حُسن عبادات ہو گئی (۳۴)

عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ نعمتِ عظمیٰ حاصل کر لینے کے بعد ع۔س۔مسلم اس نورِ محمدی کی روشنی میں اپنے فکر و شعور کی معراج حاصل کرتے ہوئے لوحِ دل پہ مدحتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے میں طمانیت محسوس کرتے ہیں:

لکھتا ہوں لوحِ دل پہ مَیں مدحت حضور کی — معراج بس اسی میں ہے فکر و شعور کی
نعمت فزوں ہو اور کیا ربِّ شکور کی — جس نے عطا کی روشنی احمدؐ کے نور کی (۳۵)

اور یہ روشنی جس کا مقدر ہو جائے وہ اپنی قسمت پر رشک کرتا ہے کہ اس کے باعث اُس کے تاریک دل کو نورِ سحر میسر آ گیا۔

اک کرن اُس مہرِ رحمت کی ہوئی تھی منعکس — قلب کی تاریک راتوں کی سحر ہوتی گئی (۳۶)

اُمت کے غم خوار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی امت کے بارے فکر مندی اور خیر خواہی کے بارے میں فرمانِ الٰہی ہے:

عَزِیزٌ عَلَیۡهِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَؤُفٌ رَّحِیۡمٌ (۳۷)

(تمہار مشقت میں پڑنا ان پر گراں ہے، تمہاری بھلائی کو بہت چاہنے والے ہیں، ایمان والوں پر نہایت مہربان اور بے حد رحم فرمانے والے ہیں۔)

عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر آج تک امت کے مصائب و آلام میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اس کی مدد و اِستعانت جاری و ساری ہے اور قیامت تک جاری رہے گی۔ اس حقیقت کی تائید کرتے ہوئے مولانا سید ابوالحسن علی ندوی لکھتے ہیں:

''نہ نبوت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا دریا پایاب ہونے والا ہے، نہ انسانیت کی پیاس بجھنے والی ہے، نہ نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے چشمۂ فیض سے بخل و انکار ہے، نہ انسانیت کے کاسۂ گدائی کی طرف سے استغناء کا اظہار، اُدھر سے ''اِنَّمَا اَنَاقَاسِمٌ وَاللّٰهُ یُعۡطِیۡ'' کی صدائے مکرر ہے تو اِدھر سے ''هَلۡ مِنۡ مَّزِیۡدِ، هَل مِنۡ مَّزِیۡدِ'' کی فغانِ مسلسل۔'' (۳۸)

ع۔س۔مسلم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس خبر گیری اور شفقت کا اعتراف ان الفاظ میں کرتے ہیں :

ان کو رہتی ہے مری ساری خبر جب مجھے اپنی خبر نہیں ہوتی (۳۹)

یہیں ملی ہے پناہ مجھ کو عطائے عَفوِ گناہ مجھ کو (۴۰)

اور انہیں اپنے آقا و مولیٰ پر بھر پور اعتماد ہے کہ وہی میری زندگی کی کشتی کے ناخدا ہیں اور کشتی ان کے سہارے ہی پر منزل کی طرف رواں دواں ہے اور اگر خدانخواستہ کوئی بھنور راستے میں آ گیا تو اس سے بھی وہی پار لگائیں گے۔

جو میرے رہنما و ناخدا ہیں محمد ہی نکالیں گے بھنور سے (۴۱)

محبوبِ رب العالمین کی حیثیت سے جو اعزاز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے اور جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کے مجبور و بے کس افراد کی خبر گیری کی اُسی طرح آپ نے تمام انسانوں کو برابری کی بنیاد پر عزت وتکریم کا مستحق قرار دیا اور عظمت کا معیار صرف تقویٰ بیان فرمایا، ع۔س۔مسلم آپ کے ساتھ اپنی نسبت کا اظہار کرتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں۔

اسی سے تکریم آدمی ہے اسی سے بگڑی مری بنی ہے

وہی محمد ہے میرا آقا وہی محمد ہے میرا مولا (۴۲)

رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو رب العالمین نے تمام انسانوں سے اعلیٰ اور ارفع مقام عطا کیا۔صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ انور کی زیارت کو اپنے لیے دارین کی فلاح تصور کرتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں اور قدموں پر بوسہ دینے کے لیے مشتاق رہتے تھے۔

لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا. فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَرِجْلِهِ. (۴۳)

(جب ہم مدینہ منورہ گئے تو جلدی جلدی اپنی سواریوں سے نیچے اترے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک ہاتھ اور پاؤں کو بوسہ دینے لگے۔)

مسلم صاحب ایک عاشقِ صادق کی طرح نبی محترم کے قدموں کی آہٹ اپنے دل کی دھڑکنوں اور سانسوں میں محسوس کرتے ہیں:

دھڑکنوں میں دل کی مسلم اُس کی ہی آوازِ پا   بربطِ تارنفس میں اُس کی سانسوں کا سُرود (۴۴)

تری آوازِ پا سانسوں میں میری   سکونِ دل رہے تیری خبر سے (۴۵)

اُس محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتوں کا اندازہ کس طرح ممکن ہے اور اُس کے سراپا اقدس کے فیوض و برکات کا احاطہ کیسے ہوسکتا ہے کہ جس کی قدموں کی برکت اور فیض سے علم و عرفان کے خزانے منور ہو جائیں ۔ مسلم اس فیضان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اعتراف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

نقوش پائے نبیؐ سے روشن   ہدایت و علم و فن کا مخزن
نقوش عالی ، نقوش انور   طریقِ دینِ ہُدیٰ کے رہبر (۴۶)

قدمین شریفین اور ان کے نقوش کی عظمت اپنی جگہ مقدم ہے اور اس سے صرفِ نظر ممکن نہیں ۔عشاق رسول تو قدموں کی خاک کو بھی اپنے لیے معظم و محترم تصور کرتے ہیں اور اس خاک کے لیے دیدہ و دل فرش راہ کرتے ہیں ۔ ع۔س۔مسلم فرماتے ہیں:

مَل کر جبیں پہ چین سے سو جاؤں حشر تک   جو خاکِ پائے سیدِ والا حسب ملے (۴۷)
نقش بردار کفِ پائے محمد   کفش بوسِ قادمِ اَفلاک ہوں میں (۴۸)

ع۔س۔مسلم کا جذبہ دل دوسروں سے مختلف نظر آتا ہے اور وہ اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کی خاک تصور کرتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں کہ ان کی نسبت سے وہ مقام میسر آ گیا ہے کہ ماہ و مہر کا مرتبہ انہیں اپنی ذات سے کمتر دکھائی دیتا ہے۔

محمدؐ کے قدم کی خاک ہوں میں وہ ذرہ ہوں کہ مہرِ دو جہاں ہوں (۴۹)

زبورِ نعت کے مطالعہ سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ ع۔س۔مسلم اپنے آقا و مولٰی کے ساتھ بے پناہ محبت رکھتے ہیں اور آپؐ کے ساتھ اپنے نسبت کو اپنے لیے بہترین اعزاز سمجھتے ہیں۔ اور جنہیں نبی محترم کی نظر التفات عطا ہو جائے انہیں دو جہاں می نعمتیں حاصل ہو جاتی ہیں۔ قاری ع۔س۔مسلم کی نعتیں پڑھ کر انہیں اپنے دل کی آواز سمجھتا اور فرحت وطمانیت محسوس کرتا ہے۔

☆☆☆☆

حواشی

۱- بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، (بیروت: دارالکتب العلمیہ ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء) جلد ۱ صفحہ ۱۴، حدیث نمبر ۱۵۔

۲- مسلم، ع س، اھانتِ رسول اور آزادیٔ اظہار، (کراچی، مجلس نشریات اسلام، ۲۰۰۰ء) ص:۱۰۔

۳- الحشر ۵۹: ۷۔

۴- بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، (بیروت: دارالقلم ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء) جلد ۱ صفحہ ۵۶، حدیث نمبر۱۱۹۔

۵- ایضاً، جلد ۵، صفحہ۲۲۸۳، حدیث نمبر ۵۸۱۶۔

۶- ایضاً، جلد ۱، صفحہ ۳۳۵، حدیث نمبر۹۶۴۔

۷- مسلم، ع س، زبورِ نعت (لاہور: مقبول اکیڈمی، ۲۰۰۸ء) ص:۳۵۔

*- ایضاً، ص: ۲۷۰

۸- ایضاً، ص:۳۱۵۔

۹- ایضاً، ص:۳۶۔

۱۰- ایضاً، ص:۸۹۔

۱۱- ایضاً، ص:۱۴۳۔

۱۲- ایضاً، ص:۸۶۔

۱۳- ایضاً، ص:۸۸۔

۱۴- ایضاً، ص:۱۸۸۔

۱۵- ال عمران ۳:۱۶۴۔

۱۶- مسلم، ع س، زبورِ نعت،ص:۲۱۵۔
۱۷- ایضاً،ص:۲۰۰۔
۱۸- اعراف ۷:۱۵۸۔
۱۹- مسلم، ع س، زبورِ نعت،ص:۲۰۸۔
۲۰- ایضاً،ص:۲۰۴۔
۲۱- ایضاً،ص:۲۱۴۔
۲۲- ایضاً،ص:۲۵۲۔
۲۳- ایضاً،ص:۲۲۱۔
۲۴- ایضاً،ص:۲۳۸۔
۲۵- ایضاً،ص:۲۶۳۔
۲۶- بوصیری ، امام شرف الدین محمد ، قصیدہ بُردہ، (کراچی، تاج کمپنی لمیٹڈ، ۱۳۷۷ھ) ص:۱۱ ۲۷-مسلم، ع س، زبورِ نعت،ص:۲۹۰۔
۲۸- ایضاً،ص:۱۱۶۔
۲۹- ایضاً،ص:۹۲۔
۳۰- الانبیاء۲۱:۱۰۷۔
۳۱- مسلم، ع س، زبورِ نعت،ص:۲۶۲۔
۳۲- طبرانی، سلیمان بن احمد، المعجم الکبیر(موصل، عراق، مطبعۃ الزہراء اہل حدیث) جلد۹،ص:۴۷ حدیث نمبر ۸۳۴۷۔
۳۳- مسلم، ع س، زبورِ نعت،ص:۲۵۶۔
۳۴- ایضاً،ص:۲۳۷۔
۳۵- ایضاً،ص:۹۲۔
۳۶- ایضاً،ص:۱۹۷۔
۳۷- التوبہ ۹: ۱۲۸۔
۳۸- ندوی ، سید ابوالحسن، پاجا سراغ زندگی (کراچی : مجلس نشریات اسلام،۱۹۷۳ء) ص:۹۵۔

۳۹- مسلم، ع س، زبورِ نعت، ص: ۲۵۰۔
۴۰- ایضاً، ص: ۲۷۴۔
۴۱- ایضاً، ص: ۲۱۶۔
۴۲- ایضاً، ص: ۲۸۹۔
۴۳- ابو داؤد، سلیمان بن اشعت، السنن، بیروت: دارالفجر، ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۴ء) جلد۴، صفحہ ۳۵۷ حدیث نمبر ۴۲۲۵۔
۴۴- مسلم، ع س، زبورِ نعت، ص: ۱۹۴
۴۵- ایضاً، ص: ۲۱۴۔
۴۶- ایضاً، ص: ۲۷۷۔
۴۷- ایضاً، ص: ۲۲۲۔
۴۸- ایضاً، ص: ۱۵۱۔
۴۹- ایضاً، ص: ۲۱۹۔

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.78, 2010, pp 167 - 188

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، جنوری۔مارچ ۲۰۱۰ء، شمارہ ۷۸

قرآن مجید کے انگریزی تراجم کا تاریخی تنقیدی جائزہ

ڈاکٹر محمد سلیم اسماعیل☆

Abstract:

The article entitled :"Critical and historical judgement of the translations of the meanings of Holy Quran" in English is brief introduction of the contribution of the of some muslim and non muslim scholars towords tranlations of the meanings of Holy Quran in English language. It has confermed that one should never expect any translation to convey in full the ideas expressed in arabic original as stated by williams on the subject."No translation,however faithful to the meaning has ever been successfull"The first translation of the meaning of Holy Quran into western languages was made into Latin.It was carried out by Robertus Rotenesis and Herman dalmata in 1143,but it was not published until 1543.A number of trans lations of the meanings of the Holy Quran have also been made by born Muslims.The article would be Beneficial and informative for the students and scholars of Quranic studies and rest of islamic sciences .

اہل یورپ اور انگریزی زبان و ادب کا باہمی واسطہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ انگریزی زبان و ادب کا دامن اہل یورپ کے افکار و نظریات سے بھر پور ہے۔ آج سے تقریباً ڈیڑھ ہزار سال قبل یورپ علمی ، ادبی اور ثقافتی اعتبار سے پسماندہ تھا، ایک وقت آیا کہ صلیبی جنگوں کی صورت میں مسلمانوں اور عیسائیوں کا فلسطین کی سرزمین میں آمنا سامنا ہوا اور

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ عربی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد۔

بظاہر عیسائیوں کو شکست ہوئی، لیکن بعض تاریخ نویسوں کا خیال ہے کہ ان جنگوں کے بعد ہی عیسائیوں نے بڑے زور شور سے دین اسلام بارے جانکاری شروع کی اور آخر کار مسلمانوں پر اپنی اجارہ داری کے حسین خواب کو شرمندہ تعبیر کیا۔ وہ قومیں جو اپنے جغرافیائی حدود کے ساتھ ساتھ اوقاتِ کار کے لحاظ سے بھی طویل ہو جاتا ہے۔

غیر مسلم اقوام خصوصاً عیسائیوں اور یہودیوں نے دینِ اسلام اور مسلمانوں کے عقائد کی پختگی اور اپنے سنہری اصولوں کے مطابق زندگی گزارتے ہوئے کامیابی کے راز کو تلاش کرنے کی کوششیں تیز کر دیں۔ اسلامی تعلیمات کا بنیادی مآخذ ہونے کی وجہ سے قرآن کریم مستشرقین کی توجہ کا مرکز روزِ اول سے ہی رہا ہے۔ مستشرقین کی یلغاروں کا زیادہ تر ہدف قرآن کریم اور سیرت طیبہ ہی رہے ہیں۔ قرآن کریم چونکہ عربی زبان میں نازل ہوا ہے اس لیے عجمی مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلموں نے بھی اس خیرِ عظیم سے واقفیت کی خاطر اس کے مطالب سمجھنے کی ضرورت کو بڑی شدت سے محسوس کیا ہے۔ غیر مسلم اقوام کے مذہبی رہنماؤں نے قرآن مجید کو خود سمجھنے اور اپنی قوم کو قصداً غلط تاثر دینے کے لیے اپنی اپنی زبانوں میں اس کے ترجموں کا آغاز کیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مترجمین کے پیش نظر کئی مقاصد ہوں گے لیکن ایک مقصد جو سب سے زیادہ مقبولیت کا حامل نظر آتا ہے وہ ان کا فکر اسلامی سے واقفیت حاصل کرنا بھی تھا جیسا کہ ڈاکٹر محمود رابداوی رقمطراز ہیں: ''ان الترجمات الاوروبیۃ کان ھدفھا التعرف علی الفکر الاسلامی'' (۱)

مغربی زبانوں میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ راہبوں کے سربراہ پطرس ایبٹ اف کلونی (Peter Abbot of Cluny) کی فرمائش پر انگلستان کے ایک فاضل رابرٹس ریٹینسیس (Robertus Retenesis) اور ایک جرمن ہرمن آف ڈالمیٹیا (Herman of Dalmatia) نے لاطینی زبان میں ۱۱۴۳ء میں مکمل کیا تقریباً چار سو سال تک یہ ترجمہ قرآن ایک خانقاہ میں پڑا رہا اور اسے شائع کرنے کی جرات نہ ہوئی حتی کہ ۱۵۴۳ء کو سوئٹزر لینڈ کے ایک شخص ببلی انڈر تھیوڈور (Bibliander Theodor) نے اس قدیم لاطینی ترجمے کو ۱۵۴۳ء

میں باسل کے مقام سے شایع کیا (۲) ۔ مذکورہ لاطینی ترجمے بارے پروفیسر اے جے آر بری(A.J. arberry) لکھتے ہیں۔

"It abounds in inaccuracies and misunderstandings, and was inspired by hostile intention، nevertheles.it served as the foundation of the earliest tranaslation into modern European idioms"(3)

یہ لاطینی ترجمہ قرآن مجید غلطیوں اور غلط فہمیوں سے بھرا ہوا ہے اور متعصبانہ بدنیتی پرمبنی ہے اُس کے باوجود اس ترجمے؟ جدید مغربی زبانوں میں تراجم قرآنی کے لیے بنیاد کا کام کیا بعدازاں یہ ترجمہ دو تین دفعہ شایع کیا گیا۔ اس ترجمہ قرآن بارے جورج سیل (George Sale) یوں رقمطراز ہیں: ''عام طور پر وہ بالکل صحیح ہے، مگر عربی محاورے کا اس درجہ خیال رکھا گیا ہے کہ آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا، شرح مفید ہے، لیکن حواشی غیر تسلی بخش اور بعض حالتوں میں خارج البحث ہیں'' (۴)

موسیوسیوائی (Savay) اس ترجمہ قرآن بارے لکھتا ہے: '' یہ ترجمہ قرآن لفظی ہے اور اس میں قرآن کریم کے مضمون کو بیان نہیں کیا گیا بلکہ اس کو لاطینی زبان میں بکھیر دیا گیاہے اور گو اصل عبارت کی خوبیاں جاتی رہی ہیں تاہم اس ترجمہ قرآن کو دورائر (Duryer) کے ترجمہ قرآن پر ترجیح دی جاسکتی ہے'' (۵)

دورائرسترہویں صدی مسیحی یعنی ۱۶۷۹ء مصر کی فرانسیسی کونسل میں تھا، عربی اور ترکی زبانوں پر خاصا عبور تھا۔ اس نے قرآن مجید کا ترجمہ فرانسیسی زبان میں کیا جو پیرس سے شایع ہوا۔ (۶)

انگریزی زبان میں جن حضرات نے قرآن کریم کے ترجمے کیے انھیں ہم دو اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

۱۔ مستشرقین کے انگریزی تراجم قرآن

۲۔ مسلمانوں کے انگریزی تراجم قرآن

مستشرقین جن کے انگریزی تراجم مشہور ہوئے درج ذیل ہیں:

۱۔ الیگزینڈر راس (Alexander Ross) ۱۶۴۹ء

۲۔ جارج سیل (George Sale) ۱۷۳۴ء

۳۔ جے ایم راڈویل (J.M. Rodwell) ۱۸۶۱ء

۴۔ ای، ایچ پالمر (E.H. Palmer) ۱۸۸۰ء

۵۔ رچرڈ بیل (Richard Bell) ۱۹۳۷۔۸ء

۶۔ اے جے آربری (A.J.Arberry) ۱۹۵۵ء

۷۔ این جے داؤد (N.J.Dawood) ۱۹۵۶ء

۸۔ بلاشیر

ہندوستانی اور دیگر مسلم مترجمین جن کے انگریزی ترجمہ قرآن مشہور ہوئے درج ذیل ہیں۔

۱۔	عبدالحکیم پٹیالوی	۱۹۰۵ء
۲۔	مرزا ابوالفضل	۱۹۱۲ء
۳۔	محمد علی لاہوری	۱۹۱۷ء
۴۔	حیرت دہلوی	۱۹۱۹ء
۵۔	حافظ غلام سرور	۱۹۲۰ء
۶۔	مارماڈیوک پکتھال	۱۹۳۰ء
۷۔	شیر علی	۱۹۵۵ء
۹۔	عبدالماجد دریا بادی	۱۹۵۸ء
۔	کمال الدین نذیر احمد	۱۹۵۸ء
۱۰۔	علی احمد جالندھری	۱۹۶۲ء
۱۱۔	ایس ایم عبدالحمید	۱۹۶۲ء

۱۲۔ احمد علی میر ۱۹۶۴ء

۱۳۔ خادم رحمانی نوری ۱۹۶۴ء

۱۴۔ ایم ایچ شاکر ۱۹۶۸ء

۱۵۔ ملک غلام فرید ۱۹۶۹ء

۱۶۔ پیر صلاح الدین ۱۹۷۱ء

۱۷۔ محمد ظفر اللہ خان ۱۹۷۱ء

۱۸۔ ہاشم علی ۱۹۷۴ء

۱۹۔ اختر حسین ۱۹۷۴ء

۲۰۔ محمد تقی الدین ہلالی اور محسن خان ۱۹۷۸ء

۲۱۔ سعید اختر رضوی ۱۹۷۸ء

۲۲۔ محمد احمد ۱۹۷۹ء

۲۳۔ محمد اسد ۱۹۸۰ء

۲۴۔ حمد وائی زیڈ ۱۹۸۰ء

۲۵۔ محمد اشتیاق

۲۶۔ محمد علی حبیب

۲۷۔ ۱۹۹۲ء رحمۃ اللعالمین فاونڈیشن کی طرف سے ایک انگریزی ترجمہ قرآن کی اشاعت ہوئی۔

۲۸۔ امام علی ریسرچ سنٹر سے ۱۹۶۶ء میں ایک انگریزی ترجمہ قرآن کی اشاعت ہوئی۔

۲۹۔ ایران، اصفہان سے ایک انگریزی ترجمہ قرآن کی اشاعت ۱۹۹۷ء میں کی گئی۔

قرآن پاک کا پہلا مکمل انگریزی ترجمہ قرآن الیگزینڈر راس کے ہاتھوں ہوا۔ یاد رہے ان مترجمین کے علاوہ بہت سے ایسے بھی ہیں جنہوں نے قرآن کریم کے جزوی ترجمے بھی

کیے۔ انگریزی زبان میں پہلا ترجمہ قرآن ۱۶۶۹ء میں الیگزینڈر راس نے کیا، حقیقت میں یہ ترجمہ قرآن فرانسیسی زبان میں کیے گئے قرآن کریم کے ترجمے کا ہی ترجمہ تھا۔ پہلی دفعہ یہ ترجمہ قرآن لندن سے شایع ہوا اور دوسرا ایڈیشن ۱۶۸۸ء اور تیسرا ایڈیشن ۱۸۰۶ء کو امریکہ سے شایع ہوا۔ اب یہ ترجمہ قرآن ناپید ہو چکا ہے۔ (۷)

دوسرا مشہور انگریزی ترجمہ قرآن ۱۷۳۴ء میں جارج سیل نے کیا۔ یورپین حلقے میں یہ ترجمہ قرآن بہت مشہور ہوا اور اس کے کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔ جارج سیل نے ۱۶۹۷ء میں لندن کے ایک تاجر کے گھر میں جنم لیا، ۱۷۲۴ء میں ایک سکول سے مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ قانونی تعلیم بھی حاصل کی عربی زبان و ادب انگلستان سے سیکھی۔ (۸)

عبداللہ یوسف علی اپنے انگریزی ترجمہ قرآن میں جارج سیل کے مذکورہ ترجمے کے بارے یوں تبصرہ کرتے ہیں:

"George Sale's translation (1734) was based on Marracci's Latin Version, and even his notes and his Preliminary discourse are based mainly on Marracci's Latin version" (9)

انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں جارج سیل کے انگریزی ترجمہ قرآن بارے یوں لکھا گیا ہے۔

"The 18th century brought translation made directly from an Arabic original by Sale into English published in 1734" (10)

انگریزی کا قابل اعتنا ترجمہ انگلستان سے ایک وکیل جارج سیل نے ۱۷۳۴ء میں شایع کیا سیل کے پیش نظر پادری لیڈوئس مرا کی کا لاطینی ترجمہ قرآن تھا۔ (۱۱)

جارج سیل کا انگریزی ترجمہ مترجم کی زندگی ہی میں شایع ہو چکا تھا۔ یہ ترجمہ قرآن ۱۷۳۴ء میں شایع ہوا۔ اور ۱۷۳۶ء میں جارج سیل فوت ہو گیا۔ اہل یورپ کے دیگر انگریزی

تراجم کے مقابلے میں اپنے دور کے لحاظ سے یہ ترجمہ قرآن قدرے بہتر ہے۔ مولانا عبدالماجد دریا بادی اپنے مقالہ میں جارج سیل کے مذکورہ ترجمہ قرآن سے متعلق لکھتے ہیں: ''اس ترجمہ قرآن کریم کی مقبولیت کی یہی دلیل کافی ہے کہ اس وقت سے اب تک برابر اس کے ایڈیشن پر ایڈیشن نکلے چلے آرہے ہیں اول تو اس مترجم کو قرآن پاک سے اچھی خاصی ہمدردی ہے۔ اس کی عظمت کا وہ دل سے قائل ہے عجب نہیں کہ در پردہ وہ مسلمان ہو گیا ہو۔ جاج سیل نے ترجمے کے دوران (اسلامی مصادر) اور مفسرین کو پیش نظر رکھا۔ تفسیری حاشیہ کے ساتھ ساتھ تین سو صفحات پر مشتمل ہے۔ (۱۲)

علامہ زرقانی اپنی کتاب مناھل العرفان میں جارج سیل کے مذکورہ انگریزی ترجمہ قرآن کے حوالے سے یوں رقمطراز ہیں: '' وتکرر طبع ھذہ الترجمات حتی ان ترجمۃ واحدۃ ھی ترجمۃ جورج سیل الانجلیزی طبعت اًلاربع وثلاثین مرۃ'' (۱۳)

'' قرآنی تراجم کی طباعت مسلسل ہوتی رہی یہاں تک کہ ایک ہی انگریزی ترجمہ قرآن جو جورج سیل نے کیا وہ چونتیس بار شایع ہوا''۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یورپ میں جورج سیل کے انگریزی ترجمہ قرآن کو بہت زیادہ پذیرائی حاصل ہوئی ۔ محمد خلیفہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:

"Undeniably Sale's translation of the Qur'an Contains any Faults, each one indicating that he could not have fully grasped to the Arabic Language" (14)

''اس میں کوئی شک نہیں کہ جورج سیل کا انگریزی ترجمہ قرآن اغلاط سے بھر پور ہے، جو اس بات کی دلیل ہے کہ اسے عربی زبان و ادب پر مکمل دسترس حاصل نہیں تھی۔''

حقیقت یہ ہے کہ جارج سیل کے پیش نظر پادری مرا کی (Marracci) کا لاطینی ترجمہ قرآن تھا۔ جو ۱۶۹۸ء کو پادو (Padua) کے مقام سے شائع ہوا، پروفیسر اے جے آربری (A.J. Arberry) کے مذکورہ ترجمہ قرآن بارے قطعاً کوئی خوش فہمی نہیں ہے۔ اس

کی رائے میں اگر چہ جورج سیل کو زیادہ سہولتیں میسر تھیں، پھر بھی وہ تعصب اور جانب داری کا برابر شکار رہا اور اس سلسلے میں کوئی ہچکچاہٹ بھی محسوس نہیں کرتا تھا۔ جورج سیل کے ترجمہ قرآن کا دیباچہ پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ وہ بدنیت بھی تھا تقریباً ڈیڑھ صدی تک جورج سیل کا ترجمہ عیسائی حلقوں میں مروج و متداول رہا اور کار لائل جیسے لوگ اس ترجے کو پڑھ کو اسلام کے بارے میں اپنی رائے قائم کرتے رہے۔ (۱۵)

مستشرقین کے انگریزی تراجم میں تیسرا مشہور ترین ترجمہ قرآن جے، ایم، راڈویل (J.M. Rodwell) کا ہے جس نے خصوصاً یورپین حلقے میں اچھی خاصی شہرت حاصل کی، جے، ایم، راڈویل نے "The Qur'an" کے عنوان سے ۱۹۶۱ء کو پہلی بار ترجمہ قرآن شائع کروایا، یہ ترجمہ قرآن بھی عربی متن کے بغیر ہے اور یاد رہے جے ایم، راڈویل ایک متعصب عیسائی کی شہرت کا حامل تھا۔ اس نے مذکورہ انگریزی ترجمہ میں مکی سورتوں کی ترتیب ڈاکٹر غستاف وائل مصنف تمہید القرآن ۱۸۷۸ء ورتھیوڈ ور نولڈ یکی مصنف تاریخ القرآن کی پیش کردہ ترتیب کے مطابق رکھی۔

مراد یہ ہے کہ سورتوں کی ترتیب اپنے خاص انداز میں لکھی گئی ہے ۔مارگولیتھ پادری جے ایم راڈ ویل کے مذکورہ انگریزی ترجمہ قرآن بارے کہتے ہیں کہ'' یہ انگریزی ترجمہ قرآن اس سے پہلے کے تمام انگریزی تراجم سے بہتر ہے''۔ (۱۶)

ڈاکٹر جمیل نقوی، جے ایم راڈ ویل کے انگریزی ترجمہ بارے رقمطراز ہیں: جے، ایم راڈویل نے ۱۹۶۱ء میں پہلی بار بغیر عربی متن کے قرآن مجید کا ترجمہ انگریزی زبان میں شائع کیا (۱۷)

اس انگریزی ترجمہ قرآن میں عیسائیت کے مذہبی تعصب کی بھر پور انداز میں عکاسی ہوتی ہے جیسا کہ عبداللہ یوسف علی اپنے انگریزی ترجمہ قرآن کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

"His translation was first Published in 1861, though he tries to render the idiom fairly, his notes show the mind of a

christian clergyman, who was more concerned to show up". (18)

۱۹۱۵، ۱۹۱۸، ۱۹۲۱، ۱۹۲۶، ۱۹۲۹ء میں راڈویل کا مذکورہ انگریزی ترجمہ قرآن مارگولیتھ نے لندن سے شائع کروایا۔ راڈویل کا یہ انگریزی زبان میں دوسرا بڑا مشہور ترجمہ قرآن ہے جو ابتدائی دور میں لکھا گیا۔ بعض مقامات پر راڈویل نے ترجمہ میں توضیحی تبصرہ بھی کیا ہے، حافظ غلام سرور اپنے انگریزی ترجمہ قرآن مجید میں جے، ایم راڈویل کے انگریزی ترجمہ قرآن بارے یوں لکھتے ہیں۔

"Rodwell's tanslation is most careful Piece of work done in extremly scholarly way, and although there are many mistakes".(19)

ای۔ایچ، پالمر (E.H. Palmer) کا ۱۸۶۷ء میں مشرقی علوم کے فیلو (Fellow) کی حیثیت سے کیمبرج یونیورسٹی میں انتخاب ہوا۔ ای۔ایچ۔پالمر کیمبرج یونیورسٹی میں عربی کا پروفیسر تھا۔ (۲۰) ۱۸۸۰ء میں ایڈورڈ پالمر ہنری نے انگریزی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کیا۔ عیسائی حلقوں میں پالمر کا ترجمہ قرآن بڑا مشہور ہوا اور سابق انگریزی تراجم سے قدرے بہتر تصور کیا گیا، لیکن اسلامی نقطہ نگاہ کے مطابق اہل یورپ کا کوئی ترجمہ قابلِ اعتماد نہ تھا انگریزی زبان میں ترجمہ قرآن پہلی مرتبہ نومسلم مارما ڈیوک پکتھال (Marma Duke Pickthal) اور دوسرا محمد عبداللہ یوسف علی نے کیا۔

ای۔ایچ، پالمر (E.H.Palmer) کا انگریزی ترجمہ قرآن ۱۸۸۰ء میں آکسفرڈ کے (Clarenden Press) سے شائع ہوا۔ (۲۱)

ایک مرتبہ یہ ترجمہ قرآن امریکہ سے بھی شائع ہوا۔ علامہ عبداللہ یوسف علی اپنے انگریزی ترجمہ کے مقدمہ میں پالمر کے ترجمہ قرآن متعلق لکھتے ہیں۔

"Prof. E.H. Palmer,s translatin (first published in 1876) suffers from the idea that the Qur'an ought to be translated into calloquil language. He failed to realise the beauty and grandeur of style in the original Arabic laguage. To him that style was "rude

and rugged". We very justifiably call his translation careless and slipshod). "(22)

جرجی زیدان ای ایچ پالمر بارے لکھتے ہیں: ''پالمر کیمبرج یونیورسٹی کے اساتذہ میں سے تھا اس نے عربی نحو میں کتاب لکھی اور بہاوالدین زھیر کا دیوان انگریزی ترجمے کے ساتھ شائع کیا اور اس کی کئی کتب ہیں، اس نے قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ بھی کیا۔مختصر یہ کہ دیگر مستشرقین کے مقابلے میں ای ایچ پالمر کا انگریزی ترجمہ اچھا خاصا بہتر اور مقبول تھا۔

رچرڈ بیل (Richard Bell) نے جوایڈنبرا یونیورسٹی میں عربی کے لیکچرار تھے۔ انہوں نے ۱۹۳۷ء تا ۱۹۳۹ء کے دورانیہ میں قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ''The Kuran'' کے عنوان سے ترجمہ کیا۔ یہ ترجمہ قرآن مجید پہلی دفعہ ایڈنبرایونیورسٹی پریس سے شائع ہوا اس کے بعد ۱۹۶۰ء، ۱۹۸۱ء ۱۹۹۸ء میں بھی مذکورہ ترجمہ کی اشاعت ہوتی رہی۔ رچرڈ بیل نے اپنے انگریزی ترجمہ قرآن میں سورتوں کی ترتیب راڈویل سے بڑھ کر ایک اور اپنے خاص انداز میں پیش کی۔ (۲۳)

رچرڈبیل کا یہ انگریزی ترجمہ قرآن ۱۹۸۰ء، ۱۹۸۱ء میں منٹگمری واٹ کے ترمیم واضافہ کے ساتھ دوبارہ شائع کیا گیا۔ ۱۹۵۵ء میں کیمبرج یونیورسٹی کے پروفیسر اے، جے آربری (A.J.Arberry) نے قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا جو بڑا مشہور ہوا۔ اس ترجمہ قرآن مجید کے افتتاحیہ میں انگریزی تراجم کا ذکر کرتے ہوئے چند ترجموں کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا اور قرآن مجید میں مذکورہ واقعات کا ذکر بھی کیا۔ دو جلدوں میں بغیر عربی متن کے یہ انگریزی ترجمہ قرآن بڑا مشہور ہوا، اور علمی و ادبی حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا۔

محمد خلیفہ اپنی کتاب میں پروفیسر اے۔ جے۔ آر بری کے ترجمہ قرآن سے متعلق یوں ذکر کرتے ہیں:

"Professor Arberry's translation of the Original Arabic was Published in 1955 and was described by Watt. Williams and other as of the greatest Literary distinction."(24)

۱۹۵۶ء میں امریکہ سے ایک انگریزی ترجمہ قرآن این جے داؤد نامی آدمی نے لکھا جو بغداد میں پیدا ہوا یہ ترجمہ قرآن ایک ہی جلد میں ہے، این جے داؤد نے لندن یونیورسٹی سے گریجوایشن کی ۱۹۴۵ء میں عراق سٹیٹ سکالر کی حیثیت سے انگلستان سے آیا۔ اس کے ترجمہ قرآن میں سورتوں کی ترتیب راڈویل اور رچرڈ بل کی طرح ہے۔ ترجمہ قرآن میں مختلف ممالک خصوصاً بلادِ اسلامیہ پاکستان، یوگوسلاویہ، ایران، افغانستان، لبنان، استنبول کی تاریخی مساجد کی تصاویر بھی موجود ہیں۔ این جے داؤد اپنے ترجمہ قرآن کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

"It is my belief that the Kor'an is not one of the greatest books of prophetic literature but a literary master piece of surpassing excellence"(25)

مستشرقین کے مشہور انگریزی تراجم میں ایک ترجمہ قرآن بلاشیر کا بھی ہے جس کی تاریخ طباعت معلوم نہیں وہ اپنے ترجمہ قرآن میں سورتوں کی ترتیب بارے خود معترف ہے کہ انہوں نے ان سورتوں کی ترتیب اپنی مرضی کے مطابق اور دیگر مستشرقین کی طرح پیش کی ہے۔

سید ابوالخیر المؤدودی اپنے ایک مضمون میں ای ڈبلیو لین بارے یوں رقمطراز ہیں:

ای ڈبلیو لین انگریز مستشرقین میں سب سے بڑا مکار تھا۔ کیمبرج یونیورسٹی میں جانا چاہتا تھا لیکن جسمانی کمزوری کی وجہ سے ایسا نہ ہو سکا۔ مصر کا سفر کیا اور تین سال وہاں گزارے وہاں کے رسم و رواج پر ایک بہترین کتاب لکھی۔ قاہرہ میں قیام کے دوران کئی اہم ترین علمی، ادبی شخصیات سے ملاقات کی۔ اس کی ایک اور مشہور کتاب عربی زبان کی لغت ہے۔ اس نے اسی عربی لغت لکھنے میں لسان العرب قاموس المحیط اور دیگر معتبر عربی لغات پر اعتماد کیا۔ لیکن افسوس کہ اس لغت کو مکمل نہ کر سکا۔ اس کی وفات کے بعد یہ کام ایک کمیٹی کے سپرد ہوا جس نے تین ہزار صفحات پر مشتمل یہ لغت مکمل کی۔ ۱۹۶۳ء میں اس لغت کی پہلی جلد شائع ہوئی''(۲۶)

ان کے علاوہ بہت سے ایسے مستشرقین بھی ہیں جنہوں نے قرآن کریم کے جزوی ترجمے بھی کیے ہیں، ان جزوی انگریزی تراجم میں مشہور ترین مترجمین میں ای ڈبلیولین

(E.W.Lane) ہے جس نے ۱۹۴۳ء میں" منتخبات القرآن" کے نام سے قرآن مجید کی چند سورتوں کا انگریزی میں ترجمہ کیا۔ ۱۹۹۷ء میں کولن ٹرنر (Colin Turner) نامی ایک غیر مسلم نے قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا، اس ترجمہ قرآن کا نام "The Qur'an" ہے اس ترجمہ قرآن کے مقدمے میں پہلے انجیل کے ترجموں کی تاریخ بیان کی گئی ہے اور بعد میں قرآنی تراجم کی مختصر سی تاریخ بیان کی گئی ہے، یہ ترجمہ قرآن پنجاب پبلک لائبریری لاہور کے، بیت القرآن سیکشن میں موجود ہے۔ ۱۸۷۹ء میں اس کے بھتیجے سٹینی لین پول نے بہت کچھ اضافہ ترمیم کے ساتھ اس کا نیا ایڈیشن شائع کیا اس کے علاوہ پادری سیل جو شامی الاصل یہودی النسل تھا، اور مارگولیس نے بھی قرآن مجید کے جزوی ترجمے کیے۔ مارگولیس آکسفرڈ یونیورسٹی میں عربی کا پروفیسر ہو گیا اور اسلام دشمنی میں بڑا ممتاز تھا۔

ایک اور مشہور پادری ایم دہیری نے سیل کے جزوی ترجمے کو بنیاد بنا کر ایک مستقل تفسیر چار جلدوں میں شائع کروائی۔ وہیری نے جن جدید مآخذ سے استفادہ کیا وہ یہ ہیں۔

تفسیر روفی

تفسیر حسینی

تفسیر الرحمٰن

حواشی عبدالقادر اور رفیع الدین دہلوی

۱۹۹۷ء کولن ٹرنر (Colin Turner) نامی ایک آدمی نے قرآن مجید کا انگریزی زبان میں "The Qur'an" کے نام سے ترجمہ کیا۔ مترجم ھذا اپنے مقدمے میں انجیل کے ترجموں کا ذکر کرتا ہے اور بعد میں قرآن مجید کے ترجموں کی تحریک کو بڑے اختصار کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

قرآن کریم کے انگریزی ترجموں کی تحریک میں ہندوستانی علما کا حصہ بڑا نمایاں ہے، ان علما میں اکثر قادیانی مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے علما ہیں، جیسا کہ ڈاکٹر عبدالحکیم پٹیالوی وہ ہندوستانی عالم ہیں جنہوں نے ۱۹۰۵ء میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ انگریزی زبان

میں پیش کیا۔ ڈاکٹر عبدالحکیم پٹیالوی نے ۱۴۲۵ھ،۱۹۰۵ء میں"The Holy Quran" کے عنوان سے قرآن کریم کے انگریزی ترجمے کوراجندر پریس سے شایع کروایا۔ عبداللہ یوسف اپنے انگریزی ترجمہ قرآن کے مقدمے میں لکھتے ہیں۔

"Dr. Muhammad Abdul-Hakeem, The first Muslim to undertake an english translation was Dr. Khan of Patiala in 1905." (27)

ڈاکٹر عبدالحکیم ایک زمانے میں احمدی قادیانی رہ کر پھر اس حلقے سے نکل آئے تھے، رام پور سے ایک ماہنامہ'' الذکر الحکیم'' کے نام سے نکالا، ترجمہ قرآن انہوں نے اپنے دورِ احمدیت میں ہی لکھا، انہی علما کی طرف سے دوسرا انگریزی ترجمہ مرزا ابوالفضل کا ہے جو انہوں نے ۱۴۳۰ء ۱۹۱۱ء کو الہٰ آباد سے پہلی بار شائع کروایا۔ مرزا ابوالفضل کے مذکورہ انگریزی ترجمے کی ابتدائی طباعت میں سورتوں کی ترتیب مصحف عثمانی کے مطابق نہیں ہے بلکہ مستشرقین نولڈیکی کی ترتیب سے مماثلت رکھتی ہے۔ لیکن موجودہ ایڈیشنوں میں ترجمہ قرآن کی ترتیب مصحف عثمانی کے مطابق ہی ہے۔ (۲۸)

تیسرا انگریزی ترجمہ قرآن محمد علی لاہور (امیر جماعت احمدیہ) کا تھا جو ۱۷۔ ۱۹۱۶ء میں لندن کے حبیشم پریس سے شائع ہوا۔ احمدیہ انجمن اشاعت اسلام کی طرف سے اس کی طباعت کا اہتمام کیا گیا۔ اس انگریزی ترجمہ قرآن کے شروع میں ایک مبسوط مقدمہ بھی لکھا گیا ہے۔

اور جابجا تفسیری نوٹ لکھے گئے ہیں۔ محمد علی لاہور کا مذکورہ ترجمہ قرآن ۱۹۱۶ء میں تین دفعہ شائع ہوا اور یہ ترجمہ ہالینڈ کی زبان میں بھی منتقل کیا گیا۔ ۱۹۲۹ء میں حافظ غلام سرور نے بھی قرآن کریم کا انگریزی ترجمہ سنگا پور سے شائع کروایا۔ حافظ غلام سرور بڑے عالم فاضل تھے۔ ۱۸۹۴ء۔ ۱۸۹۷ء تک انڈین گلکرائسٹ سکالر رہے۔ ۱۹۲۸ء تک مفتی اف پینگ، سول ڈسٹرکٹ جج سنگا پور رہے۔ حافظ غلام سرور کا مذکورہ بالا انگریزی ترجمہ ۱۹۳۰ء میں آکسفرڈ سے بھی شائع ہوا۔ (۲۹)

عصمت بنارک نے اپنی کتاب میں بغیر کسی حوالے سے حافظ غلام سرور کے انگریزی ترجمہ قرآن کریم کے متعلق لکھا کہ ترجمہ ۱۹۲۰ء میں سنگاپور سے شائع ہوا تھا۔

بشیر احمد خاور اپنی کتاب: تاریخ القرآن میں حافظ غلام سرور صاحب کے انگریزی ترجمہ قرآن کے بارے میں رقمطراز ہیں: '' حافظ غلام سرورجج (ہائی کورٹ) سنگا پور نے انگریزی ترجمہ قرآن شائع کیا جو خاصا مقبول ہوا۔'' مولانا عبدالماجد دریا آبادی سے اپنے انگریزی ترجمہ قرآن کے مقدمہ میں حافظ غلام سرور کے ترجمہ قرآن کا ان الفاظ سے ذکر کرتے ہیں: '' حافظ غلام سرور کے انگریزی ترجمہ کا سب سے بڑا نقص یہ ہے کہ اسلوب بیان شعرو نظم کا اختیار کیا گیا ہے''۔

"The Holy Quran" کے نام سے مرزا نصیر احمد نے قرآن مجید کا ترجمہ انگریزی زبان میں کیا جو لاہور کے علمی پرنٹنگ پریس سے ۱۹۲۹ء کو پہلی بار شائع کیا گیا۔ ایک ہی صفحہ کے آدھے حصے پر متن اور آدھے حصے پر انگریزی کا ترجمہ قرآن ہے اور ہر صفحے کے نیچے حاشیہ لکھا ہوا ہے۔

مرزا بشیر الدین کی زیر سر پرستی (The Holy Qur'an) کے عنوان سے شیر علی نے ۱۹۵۵ء میں انگریزی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ کیا جو'' ربوہ'' پاکستان سے شائع ہوا۔ اس ایڈیشن کے بعد اس ترجمہ قرآن کریم کے کئی اور ایڈیشن شائع ہوئے، محمد ظفر اللہ خان نے قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ ۱۹۷۱ء میں پہلی بار کرزن پریس لندن سے شائع کروایا۔ دوسری بار ۱۹۷۵ء میں اور پھر ۱۹۷۸ء میں اس ترجمہ قرآن کو شائع کیا گیا پہلی اور دوسری اشاعت کا علیحدہ علیحدہ مقدمہ لکھا گیا۔ مترجم پہلی اشاعت کے مقدمے میں انگریزی زبان میں کیے گئے ترجمہ قرآن کریم کی مشکلات کو بیان کرتا ہے اور ایک ہی قرآنی لفظ کے متعدد لغوی معنی کا ذکر کرتا ہے۔ مقدمہ کے بعد تعارف کے عنوان سے مختلف قرآنی موضوعات کو بڑے اختصار سے زیر بحث لاتا ہے مثلاً لفظ قرآن کے معانی، حفاظت قرآن، قرآن پاک اور گزشتہ الہامی کتب، اصل گناہ آرام اور شیطان، جن کے مفہوم و معانی فاتحہ کا مفہوم قرآن کریم کی چند خصوصیات،

وحی قرآن، قرآن کریم کی تفسیر ،نظم قرآن مقصد قرآن، قرآن کریم کا متاثر کن انداز ، مطالعہ قرآن، اخلاقی اقدار کی اہمیت کا تعین، زکوٰۃ، روزہ، حج وغیرہ جیسے موضوعات کو بیان کرتا ہے۔

(۳۰) یہ ترجمہ قرآن عربی متن کے ساتھ ہے ساتھ تفسیری ترجمہ ہے۔

ہندوستان کے مسلم علما کی طرف سے انگریزی زبان میں قرآن کریم کا مشہور ترین ترجمہ عبداللہ یوسف علی اور نومسلم مار ماڈیوک پکتھال کا تھا، ہاں ان ترجموں سے قبل ایک اور انگریزی ترجمہ قرآن جو مرزا احیرت دہلوی نے (The Kuran) کے عنوان سے ۱۹۱۹ء میں شائع کیا اس ترجمہ قرآن کے ٹائیٹل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ترجمہ مختلف مشرقی سکالروں نے لکھا تھا لیکن مرزا حیرت دہلوی نے (The Kuran) کے عنوان سے ۱۹۱۹ء میں اس انگریزی ترجمہ قرآن کو شائع کیا۔

مولانا عبداللہ یوسف علی اپنے ترجمہ قرآن کے افتتاحیہ میں رقمطراز ہیں:

"Mirza Hairat of Dehli also published a translation in 1919." (31)

سید عبدالحئ حسنی اپنی کتاب **الثقافة الاسلامية فی الهند** " میں مرزا حیرت دہلوی کے ترجمہ قرآن کے متعلق رقمطراز ہیں: "**وترجمة القرآن لامراء مرزا الدهلوی المشهور بحيرت وهی كترجمة الحافظ نذير احمد فی بعض الأوصاف وقد صنف المولوی اشرف علی بن عبدالحق التهانوی رسالة فی تخطئة نذير احمد وامراء مرزا المذكور**" (۳۲)

۱۹۳۰ء میں ایک نومسلم مارماڈیوک پکتھال نے قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا، پہلا ایڈیشن بغیر عربی متن کے شائع ہوا۔ یہ انگریزی ترجمہ قرآن پہلی بار لندن سے ۱۹۳۰ء کو "Meaning of the Glorious Qur'an' کے عنوان سے شائع ہوا۔ ۱۹۳۱ء میں حیدر آباد دکن سے گورنمنٹ سنٹرل پریس، ۱۹۴۰ء میں لندن سے ۱۹۵۳ء میں نیو یارک نیو امریکن لائبریری سے اس کے علاوہ متعدد بار یہ مستند انگریزی ترجمہ قرآن مجید شائع ہوا اور اب تک شائع ہو رہا ہے۔

مولانا محمد قاسمی اپنی کتاب میں پکتھال کے مذکورہ بالا انگریزی ترجمہ پر یوں تبصرہ کرتے ہیں: '' مارماڈیوک پکتھال نے ۱۹۲۸ء میں جب انگریزی میں قرآن کریم کا ترجمہ کر کے علمائے ازہر سے رابطہ کیا تو انہوں نے فتویٰ دیا کہ مترجم اور جو اس ترجمہ کو پڑھے یا تصدیق کرے وہ گنہگار ہوگا۔'' آگے مزید لکھتے ہیں: '' یہ بیان مغالطہ پر مبنی ہے۔ علمائے ازہر نے پکتھال کے ترجمے پر گناہ کا فتوی صادر کیا تھا اگر اسے درست مان لیا جائے تب بھی اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اس مخالفت کی وجہ قرآن کریم کا ترجمہ غیر عربی زبان میں کرنا تھا۔ علامہ پکتھال کے ترجمہ پر اعتراض کی نوعیت وہی ہوسکتی ہے۔ جو عبداللہ یوسف علی ۱۹۴۸ء کے انگریزی ترجمہ قرآن پر اعتراضات کی تھی یعنی خود ترجمہ قرآن کی خامیاں اور کمزوریاں باعث تنقید ہوں گی۔'' (۳۳)

محمد خلیفہ اپنی کتاب میں مار ماڈیوک پکتھال کے ترجمہ قرآن بارے میں لکھتے ہیں۔

"There is another translation published in 1930 by westren scholar who accepted Islam. He is Marma duke Pickthal. "(34)

۱۹۳۵ء میں ایک ہندوستانی آئی سی ایس آفیسر عبداللہ یوسف نے قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ کیا۔۔ یہ ہندوستانی مسلمانوں کی طرف سے پہلا مستند انگریزی ترجمہ قرآن تھا۔ جو ''The Holy Qur,an Text, translation and commentary'' کے عنوان سے شائع ہوا اور بعد میں کئی مقامات سے متعدد بار طبع ہوا۔

۱۹۴۶ء میں نیو یارک سے Hafner Publishing Press اور واشنگٹن سے International Printing Press والوں نے شائع کیا۔

ایک ترجمہ قرآن کریم جو بغیر عربی متن کے ہے اور اس میں تاریخ طباعت بھی نہیں لکھی گئی، لیکن مقدمے کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ۱۹۶۰ء اور ۱۹۷۰ء کے درمیانی عرصہ میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ پیر صلاح الدین نے رفتار زمانہ پبلی کیشنز سے شائع کروایا ہے۔ مترجم نے اس ترجمہ قرآن کا نام ''The Wonderful Kor'an'' رکھا ہے۔ اس انگریزی ترجمہ قرآن کے شروع میں کلمات تشکر کے طور پر مترجم نے کئی لوگوں کا ان کے ترجمہ قرآن کے

سلسلے میں مدد کرنے پر شکریہ ادا کیا ہے جن میں مولانا مرشد، مولانا حافظ نورالحسن (یونیورسٹی اورینٹل کالج شعبہ عربی کے استاد) مسٹر جسٹس کورنیلیس (سپریم کورٹ پاکستان کے چیف جسٹس) اورحمید اللہ خان (سابق وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور) کے نام شامل ہیں۔

اس کے بعد مقدمے سے پہلے چند معتبر تفاسیر اور لغت کا ذکر کیا گیا ہے۔ جن سے مترجم نے استفادہ کیا۔

مقدمہ میں کار لائل کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں ایک اقتباس سے شروع کرتا ہے اور مختلف مستشرقین کے انگریزی ترجموں کے ساتھ ساتھ نیچے حاشیہ میں تفسیری نوٹ بھی لکھتا ہے۔ ترجمہ قرآن آسان انگریزی زبان میں کیا گیا ہے۔

علی احمد جالندھری نے ''The Glorious Holy Quran'' کے نام سے قرآن مجید کا ترجمہ انگریزی زبان میں کیا۔ ۱۹۶۲ء کو ورلڈ اسلام مشن والوں کی طرف سے بغیر عربی متن کے شائع کیا گیا۔ اس انگریزی ترجمہ قرآن میں مترجم پاکستان کے عصری مسائل بھی زیر بحث لاتے ہیں۔

۱۹۶۳ء میں عبداللہ یوسف علی کا انگریزی ترجمہ قرآن مولانا ابو اعلیٰ المودودی کے اردو ترجمہ (تفہیم القرآن) کے ساتھ لندن سے شائع ہوا۔ حقیقت میں تمام ہندوستان اور بیرون مما لک میں مسلمانوں کی طرف سے ان سکے ترجمہ قرآن کو بہت پسند کیا گیا۔ ۱۹۶۴ء میں خادم رحمانی دری نے قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا ایک صفحہ پر عربی متن اور دوسرے صفحہ پر انگریزی ترجمہ ہے۔ اس انگریزی ترجمہ قرآن کریم کو حاجی ظہور الحق نے شائع کروایا۔ مولانا عبدالماجد دریا بادی نے قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ ۱۹۴۱ء میں کیا۔ مولانا عبدالماجد دریا بادی ہندوستان کے جید علما میں سے ہیں، انہوں نے اردو انگریزی زبان میں قرآن مجید کے تراجم کیے جو خاصے مقبول ہوئے۔ ان ترجموں کے علاوہ انہوں نے اسلامی موضوعات پر بہت سی علمی ادبی ضرورت کو بھی پورا کیا۔ ایک انگریزی ترجمہ قرآن ڈاکٹر محسن اور ڈاکٹر تقی الدین الہلالی جو مدینہ یونیورسٹی میں پروفیسر تھے نے کیا۔ دونون حضرات نے مل کر'' The Noble

Quran'' کے عنوان سے ۱۹۷۲ء میں قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا۔ (۳۵)

سید سعید اختر رضوی نے ۱۹۷۸ء میں انگریزی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کیا جو تہران سے شائع ہوا۔ انگریزی زبان میں قرآن مجید کا ایک ترجمہ نذیر احمد کمال الدین نے کیا جس کی تاریخ طباعت مذکورنہیں ہے۔ (The Message of Quran) کے عنوان سے اطہر حسین اسلامک فاؤنڈیشن لاہور کے تحت قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ ۱۹۸۴ء میں کیا گیا۔

(The Message of Quran) کے عنوان سے محمد اسد نے ۱۹۸۰ء میں قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا، ۱۹۶۴ء تک صرف پہلی سورتوں کا ترجمہ کیا گیا تھا لیکن ۱۹۸۰ء میں مکمل قرآن مجید کا ترجمہ کیا گیا، جو جبر الٹر، دارالاندلس سے شائع ہوا، تقسیم کندگان میں قرآن مجید کے انگریزی ترجمے کے ذکر کے ساتھ ساتھ دیگر علوم قرآن کو بڑے اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ساتھ ہی ایک لسٹ دی گئی ہے جس میں ترجمہ قرآن مجید کے مستند مصادر بھی شامل ہیں۔

''The Holy Quran'' کے عنوان سے علی حبیب نے انگریزی ترجمہ قرآن مجید کیا جو ۱۹۷۹ء میں چھپا اس ترجمہ قرآن کا حاشیہ ایم۔ ایچ شاکر نے لکھا۔

۱۹۸۰ء میں محمد وائی۔ زیڈ۔Y.Z نامی آدمی نے انگریزی ترجمہ قرآن مجید کیا جو ۱۹۷۹ء میں چھپا اس ترجمہ قرآن کا حاشیہ ایم۔ایچ شاکر نے لکھا۔ ایران میں امام علی ریسرچ سنٹر سے ۱۹۹۷ء میں ایک انگریزی زبان میں ترجمہ قرآن کو مختلف سکالروں کی طرف سے لکھا گیا۔

قرآن کریم اسلامی تعلیمات کا منبع ہونے کے ساتھ ساتھ نہ صرف مسلمانوں بلکہ غیر مسلموں کی بھی گہری دلچسپی کا مرکز رہا۔ یہی وجہ ہے کہ کلام الٰہی کے اسرار رموز سمجھنے کے لیے دنیا کی بیش تر زبانوں میں اس کے ترجموں کی ضرورت بڑی شدت سے محسوس کی گئی۔ ان قرآنی ترجموں کے فوائد و نقصانات ایک الگ موضوع بحث ہے، ان ترجموں کے اغراض ومقاصد اور اسباب کی تفصیل ایک اہم مضمون ہے۔ ان ترجموں سے جہاں بہت سے فوائد

حاصل ہوئے وہاں نقصانات کا احتمال بھی موجود ہے۔ مثلاً جب سے مسلم اور غیر مسلم عوام الناس کو قرآن کریم کے ترجمے پڑھنے اور سمجھنے کے لیے دستیاب ہوئے، براہ راست قرآنی مطالعہ عربی زبان میں مفقود ہو گیا۔ اکثر ترجمے جو مستشرقین کی طرف سے کیے گئے عربی متن کے بغیر ہیں ان حضرات نے اصل عربی متن کو جو کلام الٰہی ہے ترجمے کے ساتھ لکھنا گوارہ ہی نہ کیا بلکہ بعض مترجمین نے اپنے مخصوص اہداف کی تکمیل کے لیے اپنے ترجموں میں اصل عبارت کی روح اور چاشنی نہیں پائی جاتی وہ فصاحت و بلاغت جو اصل عبارت کا زینہ ہوتی ہے ختم ہو جاتی ہے، پھر یورپین زبانوں کے قرآنی تراجم کے مطالعہ سے یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ ان مترجمین نے کہیں سہواً اور کہیں عمداً صریح اغلاط کا ارتکاب کیا ہے۔ مثلاً قرآن کریم کے بعض الفاظ کو عبرانی روایات سے منسلک کرنا، عربی زبان ادب سے ناواقفیت کی بنا پر صرف ایک ہی معنی پر اکتفا کرنا عربی زبان کے مترادفات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی مرضی کے مفہوم کو بیان کرنا۔

قرآن کریم کے اسلوب بیان کو نہ سمجھتے ہوئے اپنی سوچ کے مطابق توضیح کرنا، ان تمام وجوہات کی بنا پر ہم کہ سکتے ہیں کہ ان ترجموں سے بجائے اسلامی اور قرآنی تعلیمات کی ترویج کے انہیں ایک مخصوص انداز میں خاص مقصد کے لیے بیان کرنے کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ بڑے افسوس سے ہمیں اس بات کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ مسلم علما کی طرف سے کیے جانے والے ترجموں کی رفتار بہت سست نظر آتی ہے ابتداء میں تو کوئی بھی مستند قسم کا ترجمہ انگریزی زبان میں نہیں تھا۔ بعد میں اگر کوئی کوشش ہوئی تو وہ ان یورپین مترجمین کے ترجموں کے سامنے بہت حقیر سی ہے۔

☆☆☆☆

حواشی

۱۔ رابداوی، ڈاکٹر محمود: دراسات فی اللغۃ والادب والحضارۃ، ج:۱،ص:۹۱

۲۔ بشیر احمد خاور: آثار القرآن،ص:۶۵

3- A.J. Arbery: The Kuran interprated, V:1 (Preface)

4- Muhammad Khalifa.:The Sublime Qur'an and Orientalism, p. 63.

5- نفس المصدThe Sublime Qur'an and Orientalism: Muhammad Khalifa. p. 63.

۶۔ خورشید عالم: سیارہ ڈائجسٹ ''قرآن مجید کے تراجم مغربی اور مشرقی زبانوں میں'' از محمد عبداللہ منہاس،ص:۱۶۳

۷۔ الف E.J. Brill: Encyclopeadia of Islam. P.125.

ب۔ جمیل نقوی: قرآن مجید کے اردو تراجم،ص:۳۹

ج۔ جامعہ پنجاب، اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج:۱ص:۵۶۴

د۔ صارم، عبدالصمد: تاریخ القرآن، حیدرآباد، دکن،ص ۱۱۹

8- Macmillan-Company: Encyclopeadia of Britannica, V: 1, P:12

9- Abdullah Yousaf Ali: The Holy Qur'an text, Translation and commentary, V:1, P: 12.

10- E.J. Brill: Encyclopeadia of Islam. V: Qur'an, P.430.

۱۱۔ جامعہ پنجاب، اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج:۱ص:۵۶۵

۱۲۔ خورشید عالم: سیارہ ڈائجسٹ ''قرآن مجید کے انگریزی تراجم'' مولانا عبدالماجد دریا بادی،ص:۱۷۱

۱۳۔ زرقانی، عبدالعظیم: مناھل العرقان، ج:۴،ص:۱۰۷

14- Muhammad Khalifa: The sublime Qur'an and Orientalism, p.62

۱۵۔ جامعہ پنجاب، اردو معارف اسلامیہ، ج:۱ص:۶۱۲

۱۶۔ الطاف حسین: ''نقاش'' ص:۸: ص:۱۰۶۔

۱۷۔ ڈاکٹر جمیل نقوی: قرآن مجید کے اردو تراجم،ص:۳۹

18- Abdullah Yousaf Ali Holy Qur'an text, translation and commentary, P: 15:i.

19- Hafiz Ghulam Sarwar: Translation of the Holy Qur'an (Preface)

20- Ma millan Company Encyclopeadia of Britannica, V: 19, P: 93:

21- Islamet Binark and Halit Eren World Bibliography of the translations ofthe meanings Holy: Qur'an P: 222

22- Abdullah, Yousaf Ali: Translatin of the Holy Qur'an (Prefarse)

۲۳۔ جرجی زیدان: تاریخ الاداب العربیۃ، ج ۲، ص ۵۔

24- Muhammad Khalifa. The Sublime Qur'an and Orientalism, P:63:

25- Dawood, N.J. The Qur'an, Preface

۲۶۔ ابوالخیر المودودی: المعارف، تراجم قرآن، ص ۵۸تا۶۰۔

27- Khan Abdullah, Yousaf Ali:The Holy Qur'an text, Translation and commentary, v:1, P:6.

۲۸۔(الف) راشد، الطاف حسین،: نقاش، ج: ۱۴، ص ۱۰۷

(ب) الحسنی، عبدالحی: الثقافۃ الاسلامیۃ فی الہند، ص ۔۱۶۹۔

۲۹۔ صارم، عبدالصمد: تاریخ القرآن، ص : ۱۳۷

30- The Holy Quran, Preface: Muhammad Zafrullah khan

31- Khan Abdullah, Yousaf Ali:The Holy Qur'an text, Translation and commentary, v:1, P:6.

۳۲۔ الحسنی، عبدالحی: الثقافۃ الاسلامیۃ فی الہند، ص ۔۱۶۹۔

۳۳۔ القاسمی محمد سالم: شاہ ولی اللہ کی قرآنی فکر کا مطالعہ، ص: ۱۰۴

34- Muhammad Khalifa.The Sublime Qur'an and Orientalism, P:63:

۳۵۔ جمیل نقوی: قرآن مجید کے اردو تراجم، ص ۳۹

مآخذ

۱ الحسینی، عبدالحیی: الثقافۃ الاسلامیۃ فی الھند، راجعہ وقدم لہ ابوالحسن علی الندوی، حیدرآباد، المطبوعات، المجمع اللغۃ العربیۃ ف، ۱۴۰۳/۱۹۹۳ء۔

واحد غائب	اوہ، اُہیا، اوہی، اوس	اوہنوں، اوس نوں	اوہندا، اوہندی، اوہندے، اوسدا، اوسدی، اوسدے (شہری وسوں)
جمع غائب	اوہناں	اُنہانوں، اوہناں نوں	اُنہاندا، اُنہاندی، اُنہاندے اوہناں دا، اوہناں دی، اوہناں دے (شہری وسوں)

تھلے اسیں ایہناں گرامری اصولاں دی فقریاں وچ ورتوں کرنے ہاں تاں جو سمجھن اچ سوکھیائی رہوے۔

...... توہیں وکھت تاں کیتا پر تہاڈی جوڑی کمزور ہائی تاہیوں واہی چج دی نہ ہوئی (واحد حاضر، اضافی)

...... تینوں آئے نوں کنے کُوں دینہہ ہوئے نیں؟ (واحد حاضر دی مفعولی حالت)

...... تسیں شہروں مُڑ آئے جے؟ (جمع حاضر)

...... تساں تاں لمکان والی حد ہی کر چھڈی تہاڈیاں پگاں ہی بجھدیاں رہیاں (جمع حاضر، مفعولی)

...... میں گل کرساں، امیند ہے میری من لیسی۔ (واحد متکلم، اضافی)

...... اسیں جیہڑی بھوئیں ناں لوائی ہے اوہ اساڈی وراثتی ہائی۔ (جمع متکلم، اضافی)

...... آپاں دوویں لہور جا سائیں۔ (جمع متکلم)

...... اوہ حالے بندہ نہیں بنیا، اوہنوں پشلی بھُل گئی سوں۔ (واحد غائب، مفعولی)

...... اُہیا ہے جنھے سد ماریا، اوہندی آواج ہی سیہاپ گئی ہا ہی۔ (واحد غائب، اضافی)

...... اوس گُٹ پھڑیا تاں ساہی کولوں ہلیا ہی نہ گیا۔ (واحد غائب)

...... انہانوں کس گل دا گھاٹا ہا جے اوہ گل نہ مندے۔ (مفعولی حالت، جمع غائب)

...... اوہناں انہاندا گناہ معاف کر چھڈیا ہے۔ (جمع غائب، اضافی)

فقریاں نوں ماضی بناون لئی اخیر تے ہا، ہاسی، سی، سن، آہے، آہی، ہاہے، ہاہی، ہان، ہاسو ورتے جاندے ہن۔ ماضی دے کجھ جملے ونگی دے طور تے ویکھو:

...... باہلک وٹو اٹھاراں سوستونجا دی جنگ وچ لڑیا ہا۔
...... اوہ گیا ہاسی پر نورا ملیا ہی نہیں۔
...... میں لہور گیا سی۔
...... پہلے ویلیاں وچ پشاور تے لہور اکٹھے سن۔
...... اسیں پہلی واری پچھلے ورھے ملے آہے۔
...... چنگے بندے سارے ہی ٹُر گئے۔
...... اساں اکٹھی واہی کیتی ہاہی۔
...... ڈرپوک ہان چور ہتھوں کڈھیا نیں۔
...... ہک پتر ہاسو اوہ وی چھڈ گیا۔

حال وچ ورتن لئی فقریاں دے اخیر تے ہاں، ہے، پیاں ہیں۔ ی، ہئی، ہن تے نیں آوندے نیں۔ ایہناں اکھراں دی ورتوں تھلے دتی گئی اے۔

...... نقصان میرا نہ کیتا ہوسوں، اوہندا میں ذمہ دار ہاں۔
...... اوہ میرے نال ہی جاندا پیا ہے۔
...... روٹی کھاندا پیا ہیں۔
...... نجرے نوں رُکھیمنا ہے تاہیوں نورے مہئیں چا دتی۔
...... کھاڈے چوں نکل جا، پانی آیا ہئی۔
...... اوہ میرے نال ہن، توں جھیڑا بھن۔

آون والے ویلے نوں وکھاون لئی فقرے دے اخیرلے لفظ نال ساں، سن، سیں۔ سائیں (دیسائیں وغیرہ)، سی (دیسی) لگدا ہے۔ تھلویں فقریاں تے گوہ کرن نال گل اُگھڑ آسی۔

...... میں آپدی دھرتی دی پوتر تا لئی لڑساں۔

...... چھوہراں نوں کائی تھاہر بنادے اوہ جاندے رہسن۔

...... ہُن مُڑ کدوں آسیں اساڈے ویہڑے؟

...... میرے نال اوہنے گل کیتی بھئی سارے پیسے دیسائیں۔

...... بھیڑا نہ پئے اوہ تینوں تیرا حق دیسی۔

ماضی تے مستقبل دا وکھریواں کرن آلے اکھراں نوں اسیں تھلے اوہناں دے ماجھی وچ معنیاں دے حساب نال لکھیا ہے تاں جو نتریواں ہو سکے۔

دیپال پور دا لہجہ	ماجھی لہجہ
اوہ آیا ہا	اوہ آیا سی
اوہ آیا ہاہی	اوہ آیا سی
اوہ آئے آہے	اوہ آئے سن
اوہ آئے ہان	اوہ آئے سن
آکھیا ہاسو	اوہنے کہیا سی

آون والے ویلے لئی اکھراں دی ورتوں

آسیں	توں آویں گا
آساں	میں آواں گا
آسائیں	اسیں آواں گا
آسن	اوہ آون گے
آسی	اوہ اوے گا
آسو	آوو گے (سوالیہ)

تھلے کجھ کن دتے گئے ہین جیہناں دیاں وکھو وکھ زمانیاں وچ وٹیندیاں شکلاں نوں ویکھ کے سمجھن وچ ودھیری سوکھیائی ہوسی۔

حالت	وٹیندی شکل
کن	کھیڑن
فعل	کھیڑنا
حال	کھیڑدا پیا
ماضی	کھیڑیا، کھیڑیاسی، کھیڑیاہا، کھیڑیاہاسی، کھیڑےسن، کھیڑےآہے، وغیرہ
مستقبل	کھیڑسی، کھیڑساں، کھیڑسن، کھیڑ سائیں، کھیڑسیں؟، کھیڑیں دا؟
فاعل	کھیڑکاری، کھیڑکار
مفعولی حالت	کھیڑیجیا، کھڑیجی
کن	مرن
فعل	مرنا
حال	مردا پیا
ماضی	مریا، مریاہا، مریاسی، مریا آہیا، مریاہاسی، مرےسن
مستقبل	مرسی، مرسیں، مرساں، مرسائیں، مرسن، مریں دا
فاعل	مرن والا، مارن والا
مفعولی حالت	مریا ہویا، مردہ، مویا ہویا، مریجنا، مریندڑ

لفظاں دیاں بدلیاں ہویاں شکلاں Gramatically form تے معنے بدل دیندیاں نیں جویں:

اُٹھیا	آپدی مدد آپ اُٹھ کھلا
اُٹھایا	کسے نے مرضی نال اُٹھایا
اُٹھوایا	کسے تیجے بندے دے ہتھوں اُٹھایا گیا(Indiredt)
اُٹھیجیا	مجبوری دی حالت وچ اُٹھایا گیا (مفعولی حالت)

ورتوں:

...... گاما مونہہ ہنھیرے اُٹھیا تے ہل جو لئے۔

...... کجھ بھار علی نے اُٹھایا تے میرے نال نال ٹُر پیا۔

...... بادشاہ نے ٹوکرا ماچھی کولوں اٹھوایا تے نال ہو گیا۔

...... کم کرنوں نہ رہیا تے اخیر منجی تے اُٹھیجیا ہی گھر اپڑیا۔

ایسے طرح ہی مریا، ماریا، مروایا تے مریجیا وغیرہ۔

لیکھے تے گنتی دا ڈھنگ

دو ویہیاں	چالھی روپے
تِن ویہیاں	سٹھ روپے
چار ویہیاں	اسی روپے

ہِک ڈھنگ ہور وی پرچلت ہے اوس وِچ ہر دیہے توں پچھوں آون والی نکی رقم نوں پہلاں گنیاں جاندا ہے جیوں:

دونہہ اتے پنجاہ	52 روپے
پنجاں اتے چالھی	45 روپے

جے ایہہ دیہے توں اُتلی رقم ادھ دیہے یعنی پانجے توں ودھ ہووے تاں ایس نوں اگوں آون والے دیہے توں پہلاں گنیا جاندا ہے جیویں:

دو گھٹ پنجاہ	48 روپے
چونہہ گھٹ پنجاہ	46 روپے
ہِک گھٹ سو	99 روپے

مفعولی فقرے (Passive voice)

اجیہے فقریاں وچ فاعل آپدی مفعولی حالت وِچ ورتیا جاندا ہے۔ جیویں کھڑتیج، سنیج، منیج، منگیج وغیرہ۔ ایہہ ورتوں دریا دی کچھ دیاں وستیاں وچ چوکھیری ہے۔ ایہندی ورتوں تھلویں

جملیاں وچ ویکھو:

...... کیہ آکھیجیا جے؟

...... چھوہر مرتج گیا۔

...... اکبر سیئے چِر رُسیا رہیا ہے پر ہُن پیراں دے آکھے منیج گیا۔

...... پھلے دی مہیں کھڑتج گئی اوہ کُھرے نال گیا ہا۔

ناواں دے اخیر تے دا، دی، دے دی ورتوں پیڑھی لئی کیتی جاندی ہے۔ جیویں:

بیرم، حکیم دا	بیرم، حکیم دا پُتر
نورا، احمے دا	نورا، احمے دا پُتر
رسالو، سالواہن دا	رسالو، سالواہن دا پُتر

ایسے طرح کئی تھاواں تے نرا اپنا آکھنا ہی سیئے ہوندا ہے کہ:

حکیم دِیا	حکیم دے پُتر دے بُلاون لئی
رحمے دِیا	رحمے دے پُتر نوں بلاون لئی
رحمے دا	رحمے دی پُتر ول سینت

ایسے طرح کے، کی، کا دی ورتوں مالکی نوں جتاون لئی ہوندی ہے ایس توں پورا قبیلہ یاں ٹبر گویڑ کیتا جاندا ہے۔

تیجے کے	وٹواں دی ہک گوت منے سینت
مجاہد کا	اوہ بندہ جیہڑا مجاہد قبیلے نال سانگا رکھدا ہے
	یاں اوہ علاقہ جیہڑا مجاہد قبیلے دی مالکی ہووے
مجاہد کی	ہک اجیہا علاقہ جیہڑا مجاہد کے قبیلے دی مالکی ہووے

دیپال پور تحصیل دے کئی پِنڈاں دے اخیر تے کا، کی، کے کی ورتوں ہوندی ہے۔ اوس توں مراد اوہناں پِنڈاں دی مالکی ہے۔

تھلے کجھ اجیہے اکھر دتے گئے نیں جیہڑے دونہہ یاں تناں تناں اکھراں دی تھاویں

اکو ورتے جاندے ہن:

جِسلے	جیس ویلے
کِسلے؟	کیس ویلے؟
کِلھے؟	کیہڑے ویلے؟
جلھے	جیس ویلے
	(شرطیہ جملہ: جلھے توں لہور آویں مینوں دسیں)
اوسلے	اوس ویلے
ایسلے	ایس ویلے
ایتھے	ایس تھاں تے
جتھے	جیس تھاں تے
	(شرطیہ جملہ: جتھے اوہ اوتھے میں)
اوتھے	اوس تھاں تے
کتھے؟	کیس تھاں تے؟
انہاندا	اوہناں دا
جنہاندا	جیہناں دا
کِنہاندا	کیہناں دا
ہُسیں	ہوسیں، ہوویں دا
مہنویں	میں وی
تُہنویں	توں وی
للیساں	لئے لواں دا
میتھوں	میرے توں، میرے کولوں
تیتھوں	تیرے توں، تیرے کولوں

دیپال پور تحصیل دے لہجے وچ مرکزی غُنائی اکھر غیر غنائی ہوجاندے ہن پر ایہہ اصول قصور توں ملتان روڈ دے پنڈاں وچ تے شہراں وچ نہیں ورتیا جاندا۔

کگھی، کدھ، لگھ، گڈھ، پھُوک

کنگھی، کندھ، لنگھ، گنڈھ، پھُونک (شہری وسوں)

دیپال پور دے لہجے تے لہندی، ماجھی دے وچکار ہون کارن دونہہ لہجیاں دا پرچھاواں وکھالی دیندا ہے۔ ایہناں دونہہ لہجیاں دی خشبوئی مذکر، مؤنث تے واحد جمع وچ بھرویں وکھالی دیندی ہے۔

واحد	جمع	مؤنث	جمع مؤنث
چھوہر	چھوہرُ	چھوہری	چھوہریاں
ککڑ	ککُڑ	ککُڑی	ککُڑیاں
کھرل (اک ذات)	کھرُل	کھرِل	کھرُل
کھچر	کھچرُ	کھچری	کھچریاں
ضدل	ضدُل	ضِدل	ضدُل

ایتھے اسیں ویکھ سکنے ہاں کہ چھوہر دی جمع چھوہرُ بناون لئی تاں لہندی دا اصول ورتیجیا ہے پر اوس دی مؤنث تے جمع مؤنث بناون لئی چھوہری توں چھوہریاں ماجھی دے اصول موجب نیں۔ ضدل، کھرل ایہہ سگویں لہندی دے اصول راہیں ورتیندے ہن۔

کجھ اکھراں دی جمع بناون لئی چھیکڑ تے ''یں'' تے ''ئں'' ورتے جاندے نیں جیویں:

واحد	جمع
اکھ	اکھیں
گدیں	گدِئیں
مہیں	مہئیں

اکھراں دے مطلب نوں اُگھڑاون لئی کجھ دوہرے اکھراں دی ورتوں دی پرچلت ہے جیویں:

رُکھی سُکھی	ٹھیک ٹھاک
مِسا لونا	دال دلیا
نکا وڈا	کچا پکا
روٹی ٹُکر	روک ٹوک
ہس کھیڈ	پنج ست
اُنی ویہہ	پُچھ گچھ
گٹے گوڈے	سُجھ بُجھ
کالا دُھت	چکڑ کھوبا

کجھ اکھراں دی پوری تحصیل وچ ورتوں اکو جیہی ہے تے اوہ ورتوں خاص جانگلی لہجے دی دین ہے۔ ماجھی نال ایس دے ٹاکرے توں وکھریواں اُگھڑدا ہے۔

پوری تحصیل وچ بھ، چھ، دھ، ڈھ، گھ دیاں آوازاں بھرویاں اُچاریاں جاندیاں ہن۔ جیہڑیاں کہ ماجھی وچ پوری اواز نہیں دیندیاں۔

''بھ'' دی ورتوں

دیپالپور دا لہجہ	ماجھی
بھُکھ	پُکھ
بھین	پہن
بھکھ	پخ
بھرتی	پرتی
بھولا	پولا
بھار	پاہر

''جھ'' دی ورتوں

جھیڑا	چھیڑا
جھل	چھل
جھلا	چھلا
جھنڈا	چھنڈا
جھٹ	چھٹ

''دھ'' دی ورتوں

دھوبی	توبی
دھپ	تُھپ
دھی	تی
دھکے	تھکے
دھیان	تیھان
دھائے	تاہے
دھتورا	تھتورا
دھگانے	تھگانے
دھرتی	تھرتی

''ڈھ'' دی ورتوں

ڈھور	ٹھور
ڈھڈھ	ٹڈھ
ڈھائی	ٹاہئی
ڈھنڈ	ٹھنڈ
ڈھیہہ	ٹھے

''گھ'' دی ورتوں

گھر	کر، کھار
گھیو	کیہو
گھوڑی	کوڑھی
گھگھر	ککھر
گھاٹا	کاٹا
گبھار، گمہیار	کمہیار

دیپال پور دے لہجے وچ ''خ'' نوں دریا واسی تے شہراں توں دُریڈے پِنڈاں وچ تاں ''کھ'' بولیا جاندا ہے پر وڈی سڑک (ملتان روڈ) دوالے تے شہراں دے لوک ''خ'' نوں ''خ'' ہی بولدے ہن۔ تھلے اسیں دریا واسیاں دی بولی وچ ''خ'' تے ماجھی وچ ''خ'' دا وکھریواں کرنے ہاں۔

''خ'' دی ورتوں

وکھت	وخت
کھت	خط
کھیر (شہراں وچ سگواں ہے)	خیر
کھورے (شہراں وچ سگواں ہے)	خورے
کھبراں	خبراں
دکھی، دُخی	دُخی
کھالی	خالی

ایسے طرح دیپال پور دے پِنڈاں دی بولی وچ ''ف'' تے ''س'' نوں وی بدلیا جاندا ہے۔ جیویں:

’’ف‘‘ دی ورتوں

پھوج	فوج
پھرق	فرق
پھلانے	فلانے
چھڑک	سڑک
جھٹ	چھٹ

تھلے کجھ اجیہے اکھراں دی چون کیتی ہے۔ جیہڑے ماجھی توں وکھرے نیں۔ ایہہ اکھر خالص جانگلی تے لہندی لہجے وچ ہی ورتے جاندے نیں۔

دیپال پور دا لہجہ	ماجھی	دیپالپور دا لہجہ	ماجھی
مُڑ	فیر	اِچ	وِچ
لوہڈا	نِکا	مُڑھکا	پسینہ
ہلا	اچھا	مدان	میدان
ایڈے	ایتنے	متیرا	ادھوانا
آکھنا	کہنا	چوکھا	بہتا
جھودے	چھیتی	بھَرا، بھِرا	بھائی
تھاپی	پاتھی	منے	پاسے
رنگے	ورگے، ارگے	میہں	مجھ
بوہکھر	جھاڑو	ولڈے	سویرے
لڑھ، ویہہ	بہہ		

اساں تحصیل دیپالپور دے چار وکھو وکھ بندیاں کولوں اوہناں دی گل بات دے نمونے فیتہ بند کیتے ہن تاں جو اجوکی بول چال دی زبان دا نمونہ سانبھیا جا سکے۔ ایہہ نمونہ ہک

ستھی ستھ بھندیاں مدعیاں، ملزماں تے گواہاں نال کیویں الاوندا ہے تے اگوں اوہ اوہدیاں گلاں دے جواب کیویں دیندے ہن۔

میاں افتخار:

نبیڑ لئے، میرے نال اوہنے گل کیتی بھئی سارے پیسے دیسائیں، بائی ہزار تے ست سو اوہندے منے روپیّا، باقی آجا ولڑے اوہنے جیہڑا میرا نقصان کیتا ہے تینوں چا وکھانا، ایہہ میرا نقصان چا دے تے نبڑی نبڑائی گل ...... آجا، میں تیرے نال ہُن وی کردا پیاں ای جا۔ نقصان میرا نہ کیتا ہوسوں، اوہندا میں ذمہ دار ہاں، ہاں ایہہ گل ہے۔ ولڑے میں پُچاں تے میرا اوہنے روپیّ دا چا کیتا کھورے میں پنج للیساں۔

تاجومیں:

نقصان اوہ آہندا ہے "میں تیل ویچیا ہووے یاں سپرے ویچیا ہووے یاں میں اوہندی کوئی شے ویچی ہووے......

میاں افتخار:

یارتوں دیویں چا کھاں نیاں، میں جو آہندا پیاں ہاں، اوہ تینوں دیندا ہے نا؟ میں چا تینوں وکھاساں، تینوں بھئی بچ جاوے توں نیاں چا دیویں۔

میاں اسلم:

پی سیاں دا کیہ کرنا جے؟ اوہ پیسے میتھوں وی دونہہ واری منگیجے نیں، اوہ روپیّے اساڈی کنڈ تے، اوہدے اچ ایہہ سی بھئی اُنہاندا روپیّا سی چار ہزار،

دو ہزار اساں چھڈا دتا تے ایہہ لڑ پیا سی مئیں خاں دے نال، مئیں خاں اجے وی اُلاہما دیندا، اوہنے آکھیا بھئی جنہاں بوہیاں دی امیند ہا ہی، جنہاں بندیاں دا حیا سی اسانوں یاں اساڈا انہانوں سی، اوہ بندے ہی مر گئے۔ ہُن مئیں خاں آ کے اسانوں آکھے بھئی تہاڈی کنڈ توں پلو ہے۔(11)

ہِک ہور نثری ونگی ویکھو:

لطیف میں:

اساں جی لائے ہوئے سن آپنے ایتھے متیرے۔ اوہناں نوں پیندا ہا سور، پیندا ہا سور تے واڑ بنائی ہوئی ہا ہی۔ واڑ بنا کے دیہہ بیٹھا بیٹھا گیڑ کیتا ہا بھئی کیہ حربہ ورتیے بھئی ہروج کھا جاندا ہے متیرے۔ اوہ تاں ہکے واری میں آکھیا بھئی جتھوں ایہہ لگھدا ہے اوتھے گھٹنا چا ٹوہلا تے ٹوہلا گھٹ تے آپے وچ ڈگے دا تے اتوں ایہنوں مار سٹسائیں۔ اوہ جی رات دے ٹیم آیا جی تقریباً کوئی رات دے دہ وجے۔ دہ وجے رات دے جسلے آیا تاں ہکے واری کھڑکا آیا تے اوہنوں مُشک آیا۔ بڑا سیانا ہوندا ہے۔ اوہنے آکھیا بھئی ایتھے کوئی نہ کوئی میری پھاہی ہیگی ہے اوہ جی اُبھریا تے پچھاں جا پیا۔ اودھروں ہٹیا تاں دوجے منوں اوہنے گنواں کر لیا۔ دوجے منوں واڑ پاڑ سٹی۔(12)

انگریزی راج سمے باراں وچ نہراں دے آون تے 1947ء دے اُچالے دے سٹے وچ دیپال پور دی جوہ اتے جتھے دوجے کھیتراں وچ تبدیلی آئی اوتھے زبان اُتے اثر ہونا

کوئی انہونی گل ناہی۔ بار دی آباد کاری نال مشرقی پنجاب دے واسی نیلی بار دے کئی پِنڈاں وچ آن وسے تے 1947ء دے مہاجراں دی وی اِک وڈی تعداد ایتھے وکھالی دیندی ہے۔ قصور توں ملتان والی سڑک دے لاگھے دے پِنڈاں دی بولی اُتے ماجھے دا پرچھاواں ویکھیا جا سکدا ہے۔ پر سوادلی گل ایہہ وے کہ ہٹھاڑ دی بولی اُتے ایہہ رنگ نہیں دسدا۔ آبادکاراں تے مہاجراں دے اثر نال سڑک لاگے دے پِنڈاں دی بولی دا مُڈھلا مزاج تاں اوہ جانگلی ای ہے پر کدھرے کدھرے جانگلی دا مستقبل دا صیغہ سی، مشرقی پنجاب دے مہاجراں پاروں ماجھے دا صیغہ سی وغیرہ وی ورتیجدا ہے۔ انج دیپال پور دی بولی دا پِنڈا جانگلی ای ہے۔

☆☆☆☆☆

حوالے

(2) پروفیسر محمد حبیب، سلطان محمود غزنوی، مترجم: سیّد جمیل حسین علیگ (لاہور: تخلیقات 1998ء) 17

(3) Grierson on Punjabi, First edition (Lahore: Institute of Punjabi Language & Culuture, 2001) 6

(4) حافظ محمود شیرانی، پنجاب میں اردو، جلد اول، دوجا ایڈیشن (اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، 1997ء) 66

(5) ڈاکٹر بنارسی داس جین، پنجابی زبان تے اوہدا لٹریچر، دوجا ایڈیشن ، (لاہور: مجلس شاہ حسین، 1976ء)9

(6) ڈاکٹر بنارسی داس جین 9

(7) محمد آصف خاں ''پنجابی زبان اوہدیاں بولیاں تے دوجے ناں''، اقبال صلاح الدین، لعلاں دی پنڈ، تیجا ایڈیشن، (لہور: عزیز پبلشرز، 1986ء) 64

(8) ابن حنیف، سات دریاؤں کی سرزمین، (لاہور: فکشن ہاؤس، 1997ء) 196

(9) میاں اللہ دتہ نسیم سلیمی، تاریخ دیپال پور، (لاہور: سنی پبلشرز، 1993ء) 20

(10) بابا فرید، آکھیا بابا فرید نے، مرتب: محمد آصف خاں، پنجواں ایڈیشن، (لاہور: پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، 2001ء) 180

(11) ظہیر وٹو، ''گل بات''، راوی۔ میاں افتخار، تاجو میں، میاں اسلم۔ ناصر کے۔ تحصیل دیپال پور۔ ضلع اوکاڑا۔
25 دسمبر 2008ء۔

(12) ظہیر وٹو ''گل بات''، راوی۔ لطیف میں، کندا بازید یکا۔ تحصیل دیپالپور۔ ضلع اوکاڑا۔ 12 جنوری 2009ء۔

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.78, 2010, pp 387 - 410

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، جنوری۔مارچ ۲۰۱۰ء، شمارہ ۷۸

شمس العارفین شیخ نورالدین ریشیؒ: احوال و آثار

ڈاکٹر سید علی رضا☆

Abstract:

Sheikh Noor-ud-Din Rishi was a first Muslim saint of Kashmir, He was the preceptor of the all Sufies and had a great communion with God. He grew up to become one of the most prominent figures of his generation. His simplicity and purity of life have deeply Impressed the Kashmir, who entertains the bighest veneration for the saint . He achieved considerable repute as an authority on mystics and his boldness in preeching. In fact, he was a man of great saintliness, revelation and miracles.

کشمیر کو اولیاء اللہ کی سرزمین کہا جاتا ہے کیونکہ تاریخ کے ہر دور میں بیرونی ممالک سے بزرگان دین سیر و سیاحت اور اشاعت و تبلیغ دین کی غرض سے یہاں آتے رہے۔ ان بزرگان عظام میں سینکڑوں ایسے تھے جنھوں نے اس گل پوش وادی میں رہ کر تبلیغ دین کا فریضہ ادا کیا۔ بعض دوسرے ممالک کی طرف رواں دواں ہوئے اور اکثر نے اس ملک میں مستقل اقامت کو ترجیح دیتے ہوئے اپنی زندگی اسلام کی اشاعت و تدریس کے لیے وقف کر دی اور بعض کو خداوندِ کریم نے اس جنت نظیر وادی میں پیدا کیا جنھوں نے تبلیغ اسلام کے لیے بے مثال خدمات انجام دیں۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ کشمیریات، اورینٹل کالج، جامعہ پنجاب، لاہور۔

شیخ نورالدین رشیؒ انہی بزرگان عظامؒ میں سے تھے جنہیں رب ذوالجلال نے اس خطہ سرزمین میں پیدا کیا جن کی ہمہ جہت شخصیت روشنی کا ایک ایسا مینار ہے جس سے کشمیریوں نے صدیوں فیض حاصل کیا۔

ریشیت کی اصطلاح:

عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان وشاعری'' میں لکھتے ہیں:

''ریشی اصلاً ایک سنسکرت لفظ ہے۔ جس کے معنی تارک الدنیا عابد کے ہیں۔ حضرات ریشی غاروں اور جنگلوں میں رہ کر خدا کی عبادت میں عمر گذارتے تھے۔ نفس کشی، زہد و تقویٰ، ترکِ علائق اور تنہا نشینی ریشیوں کی خصوصیات ہیں۔'' (۱)

مشعل سلطان پوری ''ہمارا ادب'' میں لکھتے ہیں:

''ریشی گوشہ نشینی کی زندگی بسر کرتے تھے اور نفس کشی اور ریاضت شاقہ سے خدا کی خوشنودی حاصل کرنے میں لگے رہتے تھے اور یہی ان کا واحد مقصد تھا۔'' (۲)

کشمیری ریشیت، کشمیر میں اسلام کی روشنی پھیلنے کے نتیجے میں اسلام عقائد و افکار سے متاثر ہونے لگی تھی۔ حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ اس زمانے میں پیدا ہوئے جب کشمیری ریشیت اور اسلامی تصوف ایک دوسرے کے قریب آ رہے تھے۔ حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ سے قبل کا ریشی سلسلہ ایسے ریشیوں پر مشتمل تھا جو صرف گوشہ نشینی اختیار کرتے اور نفس کشی و ریاضت شاقہ سے خالقِ کُل کی خوشنودی حاصل کرنے میں لگے رہتے۔ مگر ان کے مسلمان ہونے کی مستند شہادتیں موجود نہیں۔

رشید نازکی ''ریشیت تہ سأنی ریسش'' میں لکھتے ہیں کہ:

''حضرت شیخ نورالدین اُمین برونٹھ یَمن ہُند تذکرسپُد یَمن متعلق ہیکوُ نہ ووثوقہ سان کیہنہ وَنتھِ۔ یہند مسلک چھُ ریشیت اوسمُت مگر سٹھا کم او ندروَنی شہادژ چھے موجود پَتھ بنہس

پیٹھ یہ طے سَپد زیمِ ریش چھ پانہٕ نہٕ مسلمان اُسی متیٖ ''(۳)

ترجمہ: ''حضرت نورالدین نورانیؒ سے قبل جن ریشیوں کا تذکرہ ملتا ہے ان کے بارے میں وثوق سے نہیں کہہ سکتے کہ ان کا مسلک ریشیت تھا مگر بہت کم شہادتیں موجود ہیں جن کی بنیاد پر یہ طے کیا جائے کہ یہ ریشی خود بھی مسلمان تھے۔''

ریشیت سے ملتا جلتا تصور تصوف کا بھی ہے اور اسلام کے ابتدائی زمانے سے اس کے آثار تلاش کرنا بے سود نہ ہوں گے۔ جس طرح ویدک زمانے کے ریشی رہبانیت سے بالکل دور تھے اس طرح ابتدائی زمانے کے صوفی بھی تھے۔

مشعل سلطان پوری ''ہمارا ادب'' میں لکھتے ہیں کہ:

''آنخضورؐ کے زمانے میں اصحاب صفہ کی زندگی گزارنے کے طور طریقے، ریاضت و عبادت میں انہماک، حصول علم کی لگن اور فقر و توکل ریشیت کے بالکل قریب ہے۔ اس کے بعد صوفیا کی زندگی مدنظر رکھی جائے تو اس بات میں شک کرنے کی گنجائش نہیں رہتی کہ تصوف کئی بنیادی باتوں میں ریشیت کے مماثل ہے۔ حضرت شیخ نورالدین رشیؒ نے اپنے زمانے سے پہلے کے کشمیری ریشیوں کے جو نام لیے ہیں ان میں ڈنڈک ونہ کا زنکا ریشی، ریشہ ونہ کا میراں ریشی، رُمہ ریشی اور پلاس ریشی شامل ہیں۔ حضرت شیخؒ نے ان ریشیوں کی طرزِ زندگی کا جس خصوصیت کا ذکر خاص طور پر کیا ہے وہ اُن کی نفس کشی اور ریاضت شاقہ ہے۔'' (۴)

القابات:

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کی بابرکت ذات کے مختلف القابات ان کی ہمہ گیر اور پہلو دار شخصیت کی علامات ہیں۔ آپؒ کو کشمیر میں شمس العارفینؒ، کاشر واعظؒ، علمدارِ کشمیر، شیخ العالمؒ، نندہ ریشیؒ، ولی کاملؒ، عارف ربانیؒ جیسے پاکیزہ القابات سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

خاندانی نسب:

آپؒ کا خاندان کشمیر کے علاقہ کشتواڑ کے ایک نامور راجپوت قبیلہ سنز سے تعلق رکھتا تھا جو وہاں سے ہجرت کر کے اسلام آباد (کشمیر) میں آباد ہوا۔ آپ کے والد محترم کا نام سلہر سنز تھا جنہوں نے حضرت سید حسنین سمنانی ؒ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اور اسلامی نام شیخ سالارالدین رکھا۔ آپؒ کی والدہ محترمہ کا نام سدرہ موجی تھا جو کشمیر کے علاقے کھی جوگی پورہ سے تعلق رکھتی تھیں۔

سید محمود آزاد ''اولیائے کشمیر'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت شیخ ؒ کے دادا کشتواڑ کی ایک لڑائی میں مارے گئے۔ شیخ نورالدین ولیؒ کے والد کشمیر بھاگ آئے اور انہوں نے حضرت سید حسین سمنانیؒ کے ہاتھ پر دین اسلام قبول کیا۔'' (۵)

اس طرح عبدالخالق طاہری ''تذکرہ اولیائے کشمیر'' میں بھی لکھتے ہیں:

''سلہر سنز اکثر آوارہ گردی کرتے تھے اور اسی آوارہ گردی کی حالت میں وہ شیخ یاسمن ریشیؒ کے پاس پہنچے اور ان کی خدمت میں استقدام کیا۔ آخر ان ہی کی نظر عنایت سے مسلمان ہوگئے اور ریشی مذکور نے ان کا نام سالارالدین رکھا۔'' (۶)

آپؒ کا شجرہ نسب کا تسلسل سید محمود آزاد نے کچھ یوں دیا ہے:

سورج بنسی خاندان

واگر سنز .... دپتا سنز............ رنگا سنز .... مہرا سنز............

گرزا سنز............ سلہر سنز............ نندہ سنز (شیخ نورالدین ریشیؒ) (۷)

آپؒ کی پیدائش کے حوالے سے روایات:

عبدالخالق طاہری ''تذکرہ اولیائے کشمیر'' میں لکھتے ہیں:

'ایک دن یاسمن رشیؒ بیمار ہوگئے تو سالار الدین سدرہ ماجی کو لے کر ان کی عیادت کے

لیے گئے تو اچانک للہ عارفہؒ (کشمیر کی مجذوب عارفہ) ہاتھ میں گلدستہ لیے وہاں موجود تھیں تو یاسمن رشیؒ نے ان سے پھولوں کا گلدستہ لے کر دیکھا اور پھر اس گلدستے کو سدرہ موجی کے ہاتھ میں دیا اور فرمایا کہ اس کو سر پر لگاؤ خداوند کریم تجھے ایک فرزند عطا کرے گا جو ہمارا وارث ہوگا اور دنیا میں ریشیت کو چمکائے گا جیسے سورج چمکتا ہے۔'' (۸)

ڈاکٹر سید یوسف بخاری ''تذکرہ صوفیائے کشمیر'' میں لکھتے ہیں:

''ایک دن شیخ سلہر (سالارالدین) اپنی بیوی سدرہ موجی کے ساتھ یاسمن رشیؒ کی بیمار پرسی کو گئے اور وہ ایک چشمے پر بیٹھے تھے اچانک للہ عارفہؒ ہاتھ میں گلدستہ لے کر وہاں پہنچی۔ یاسمن رشیؒ نے اُس سے پھولوں کا گچھہ لے کر سدرہ موجی کو دے کر کہا اسے سر پر لگاؤ خداوندِ کریم تم کو ایک بیٹا عطا کرے گا جو ہماری حقیقت اور حال کا وارث ہوگا۔ یاسمن رشیؒ اللہ کو پیارے ہوگئے۔ بعدازاں للہ عارفہؒ سدرہ موجی کی خبرگیری کرتی رہیں اور بیٹا پیدا ہونے کی خوشخبری سناتی رہیں۔'' (۹)

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ پیدائش کے بعد دودھ پینے کا نام نہیں لیتے تھے۔ کہتے ہیں کہ آپؒ نے تین دن تک اپنی ماں کا دودھ نہیں پیا۔

سید محمود آزاد ''تذکرہ صوفیائے کشمیر'' میں اس بارے میں یوں لکھتے ہیں:

''نندہ نے تین دن تک اپنی والدہ کا دودھ نہیں پیا۔ اس دوران جب للہ عارفہؒ کا گزر اس طرف ہوا تو ان سے عرض کی گئی کہ بچہ والدہ کا دودھ نہیں پیتا۔ للہ عارفہؒ خدا رسیدہ اور تارک الدنیا خاتون تھیں۔ اس زمانے میں ان کے کشف و کرامت کا چرچہ وادی کے کونے کونے میں تھا۔ للہ عارفہؒ نے بچے کو گود لیا اور مقامی زبان میں کہا، دُنیا میں آنے سے شرم نہ آئی اور ماں کا دودھ پیتے شرماتے ہو۔ کہتے ہیں کہ عارفہؒ کاملہ کے یہ الفاظ سننے کے بعد اس بچے نے ماں کا دودھ پینا شروع کر دیا۔'' (۱۰)

عبدالاحد آزاد بھی ''کشمیری زبان و شاعری'' میں حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کے دودھ نہ پینے کے بارے میں لکھتے ہیں:

''حضرت شیخ نے تین دن تک اپنی ماں کی چھاتی سے دودھ نہ پیا۔ اسی اثناء میں للہ عارفہؒ یہاں آ پہنچی اور بچے کو گود میں لے کر کہا کہ ''ژُنہ ءمندہ ءچھوک نہ ءتہ ء چنہ ءچھوک مندہ ء چھان''، للہ عارفہؒ کی زبان سے یہ الفاظ نکلتے ہی بچہ عارفہؒ کے سینے سے دودھ پینے لگا۔'' (۱۱)

G.M.D. Sufi بھی ''Kasheer'' میں اس واقعہ کو اس طرح لکھتے ہیں:

"When Nur-ud-Din Rishi was born and Subsquently would not take his own mother`s milk- Lalla was called in and strangely enough Nur-ud-Din went to her and had milk from her breast. To Lalla the child was thus attached-" (12)

ولادت باسعادت:

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کی ولادت باسعادت کے حوالے سے مختلف مصنفین کی آراء درج ذیل ہیں:

عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان وشاعری'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت نورالدین سدرہ ماجی کے بطن سے جمعرات ۶ جمادی الاوّل ۷۷۶ھ میں پیدا ہوئے۔'' (۱۳)

G.M.D Sufi ''Kasheer'' میں لکھتے ہیں:

"Sheikh Noor-ud-Din was born in a village called Kaimuh, two miles to the west of Bij bihara which is 28 miles southeast of Srinagar, in 779 A.H (1377.A.C) on the day of Bakr` I` d," (14)

ڈاکٹر محمد اشرف قریشی ''شیخ نورالدین ولیؒ وجدیدیت'' میں لکھتے ہیں:

''آپؒ ۷۷۹ھ بمطابق ۱۳۷۷ء میں پیدا ہوئے۔ حال میں جو تحقیق ہوئی ہے اس کے مطابق ان کی پیدائش ۷۵۷ھ بمطابق ۱۳۵۵ء ہے۔'' (۱۵)

اپنی کتاب"Prem Nath Bazaz، " The History of Struggle for
Freedom in Kashmir"میں لکھتے ہیں:

"Sheikh Noor-ud-Din was born in 1377 A.C in the Village of Kaimuh"(16)

ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری"کشمیری زبان و ادب کی مختصر تاریخ" میں لکھتے ہیں کہ:

"حضرت شیخ نورالدین رشیؒ کا سن ولادت ۷۷۹ھ/۱۳۷۷ء ہے۔" (۱۷)

K.L. Kallaاپنی تصنیف"Cultural Heritage of Kashmir" میں لکھتے ہیں:

"In 1377 A.D Sheikh Noor-ud-Din (Nund- Rishi or Shazanund) was born" (18)

حضرت شیخؒ کی رفعت و عظمت:

حضرت شیخ نورالدین رشیؒ کو کشمیریوں کے پیٹرن سینٹ (Patron Saint) کا درجہ حاصل ہے۔ آپؒ اپنے زمانے کے مشہور و معروف عالم اور بلند پایہ کے صوفی بزرگ ہونے کے ناطے"شیخ العالمؒ" کا خطاب رکھتے تھے۔ آپؒ نے کشمیر میں تبلیغِ اسلام کے لیے بے مثال کام کیا۔

آپؒ کی عظمت کے حوالے سے G.M.D. Sufi صوفی لکھتے ہیں:

"Sheikh Nur-ud-Din the preceptor of all Rishis, was a great devotee and had great communion with God," (19)

G.M.D. Sufi مزید لکھتے ہیں:

"He was a man of revelation and miracles and had a five command of Speech. He was like Owais (Hazrat Owais Qarni R.A) in that he had no known spiritual guide as a good- natured narrator has stated." (20)

آپ کی رفعت وعظمت کے حوالے سے محمد یوسف ٹینگ ''برج نور'' میں لکھتے ہیں:

''آپؒ بیک وقت ایک عظیم رشی، بالغ نظر مفکّر، بلند مرتبہ مبلّغ اور بلند قامت انقلابی شاعر تھے۔ان کی شخصیت نے ہماری تہذیب وثقافت کو زندہ کیا۔'' (۲۱)

آپ کی شان کے بارے میں گلزار حضرت بلی ''علمدار'' میں لکھتے ہیں:

''قلندرانہء شان تھاون وول یہ مردِ درویش اوس نہ صرف درویشی یوت بلکہ اوس اکھ بوڈ بارءمبلغ، عالم دین تہءسوشل رِفارمَر تہِ'' (۲۲)

ترجمہ: ''قلندرانہ شان رکھنے والے یہ مرد درویش نہ صرف درویش بلکہ ایک بہت بڑے مبلغ، عالم دین اور سماج کے اصلاح کار بھی تھے۔''

شیخ نورالدین ریشیؒ کی سید السادات امیر کبیر حضرت شاہ ہمدانؒ سے ملاقات:

تبلیغ دین کی غرض سے سید السادت امیر کبیر حضرت شاہ ہمدانؒ جب دوسری مرتبہ ۷۷۱ھ میں ایران سے کشمیر تشریف لائے تو آپ کی ملاقات حضرت شیخ نورالدین رشیؒ سے ہوئی۔تب حضرت شیخؒ اپنے بچپن میں تھے۔

عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان وشاعری'' میں لکھتے ہیں:

''جب حضرت سید علی ہمدانیؒ (شاہ ہمدانؒ) دوسری مرتبہ کشمیر تشریف لائے تو ایک دن موضع کیموہ (تحصیل کولگام) جہاں حضرت شیخ سکونت کرتے تھے، پہنچے۔شیخ کی عمر اس وقت سات برس سے تجاوز کر چکی تھی۔ایک کریوہ پر اونچی جگہ پر بیٹھے تھے۔حضرت امیرؒ نے اپنے ساتھیوں کو پیچھے چھوڑا اور شیخ کے پاس گئے۔شیخ آداب بجا لا کر متواضع بیٹھے اور حضرت امیرؒ دیر تک شیخ کو اسرارِ باطنی سے آگاہ کرتے رہے۔'' (۲۳)

حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ اپنا مشن پورا کر کے واپس اپنے وطن ایران تشریف لے گئے اور رحلت فرمانے سے پیشتر ایک وصیت اپنے فرزند ارجمند حضرت سید میر محمد ہمدانی کے نام لکھ کر اپنے مرید کے حوالے کر گئے۔

اس وصیت کے بارے میں عبدالاحد آزاد دوبارہ لکھتے ہیں:

''کچھ عرصہ بعد امیر کبیرؒ اپنے وطن واپس تشریف لے گئے۔ رحلت فرمانے کے وقت اپنے فرزند ارجمند میر محمد ہمدانی ؒ کے نام کشمیر جا کر حضرت نورالدین ریشیؒ سے ملنے کی وصیت تحریر فرما کر اپنے مرید خاص شیخ قوام الدین کے حوالے کر دی۔'' (۲۴)

حضرت شیخ نورالدین رشیؒ کا بچپن میں ہی حضرت امیر کبیر شاہ ہمدانؒ سے اسرارِ باطنی سے آگہی لینا اس بات کی مصداق ہے کہ حضرت شیخ ؒ کی تربیت میں حضرت شاہ ہمدانؒ جیسے رُوحانی پیشوا کا ہاتھ کارفرما رہا ہے۔

اس کے متعلق غلام محمد شاد ''علمدار'' میں لکھتے ہیں:

''بنیادی طور پر حضرت امیر کبیرؒ نے ہی حضرت شیخ ؒ کی تربیت فرمائی تھی اور وہ روحانی طور پر یہ تربیت پاتے رہے اس لیے انہوںؒ نے عمر کے آخری حصے میں بھی حضرت امیر کبیرؒ کو ہمیشہ ہی یاد رکھا اور کہا ؎

''ننده ریشی عرض کود شاه ہمدانس
جنتس نیزیم پالنسء ستی''(۲۵)

استنادِ ''اجازت نامہ'':

حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ کے بعد ان کے فرزند حضرت سید میر محمد ہمدانی ؒ اپنے والد محترم کی وصیت کے مطابق مبلغین و علماء کے ساتھ کشمیر تشریف لائے اور وصیت کے مطابق حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ سے ملے۔

اس کے متعلق غلام محمد شاد دوبارہ لکھتے ہیں کہ:

''حضرت میر محمد ہمدانی ؒ نے حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کو رشد و ہدایت کے کبروی سلسلہ میں مورخہ پندرہ رجب المرجب ۸۱۴ء کو بیعت کیا اور انہیں سلسلہ کے مخصوص اوراد

و وظائف کی تربیت کرتے ہوئے طالبان راہ حق اور اور مریدوں کو ارشاد و تربیت اور بیعت کرنے کا مجاز بنایا۔ حضرت میر محمد ہمدانی ؒ نے یہ اجازت نامہ چمڑے کی جھلی پر اپنے دست مبارک سے تحریر فرمایا اور اس پر اپنی مہر بھی مثبت کی۔" (۲۶)

کشمیر میں اسلام کی ترویج و اشاعت کے بعد مقامی طور پر سلسلہ ریاضت کشی یا طریقت رائج ہوا۔ جن کے باقاعدہ بانی حضرت شیخ نور الدین ریشیؒ تھے۔ حضرت امیر کبیرؒ کے ورود مسعود سے پہلے وجود میں آئے ہوئے نومسلم معاشرے پر سابقہ مذاہب، رسم و رواج، اعتقادات وتوہمات اور رہبانیت کا زبردست اثر تھا جس کو خود حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ نے اصلاحی عمل سے گذارا۔

اس بارے میں غلام محمد شاد لکھتے ہیں کہ:

"ریشیت میں جو بھی اصلاح ہوئی وہ حضرت میر محمد ہمدانی ؒ کی ہدایات اور ایماء پر خود حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ نے انجام دی۔" (۲۷)

ازدواجی سفر:

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ وقت کے ساتھ ساتھ اپنے اندر وجدانی کوائف سے لبریز ہوتے چلے گئے۔ ہر چند اخفائے حال کی کوشش کرتے لیکن ان کے عارفانہ جذبات موزوں الفاظ میں بہتے گئے۔ عموماً تنہا بیٹھتے، وجد و حال میں غرق رہتے، جب عمر مبارک تیرہ برس کی ہوئی تو سر سے والد کا سایہ اُٹھ گیا۔ جب بلوغت کے قریب ہوئے تو آپ کی والدہ ماجدہ سدرہ موجی نے آپ کے نکاح کا انتظام کرنا لازم سمجھا۔

عبدالاحد آزاد "کشمیری زبان و شاعری" میں لکھتے ہیں:

"حضرت شیخ ؒ کا نکاح پرگنہ برنگ کے ایک گاؤں ساگام میں زے نام کی ایک خاتون سے ہوا۔" (۲۸)

محمد اشرف قریشی ''شیخ نورالدین ولی جدیدیت'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت شیخ نورالدین رشی تیرہ سال کی عمر میں یتیم ہوگئے اور چودہ سال کی عمر میں ان کی شادی زون دید کے ساتھ ہوگئی۔'' (۲۹)

حضرت شیخؒ کی شادی کے حوالے سے ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری ''کاشر شاعری'' میں لکھتے ہیں:

''شیخؒ بالغ ہوچکے تھے اور ترال قصبے کے ایک کھاتے پیتے گھرانے میں ان کی شادی ہوگئی، اکبرالدین کی بیٹی زی دیدی کے ساتھ۔''(۳۰)

اولاد:

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کی عمر جب سولہ برس کی ہوئی تو آپ کے ہاں ایک صاحبزادی پیدا ہوئی اور پھر تین سال کے بعد ایک صاحبزادہ پیدا ہوا۔

عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان و شاعری'' میں لکھتے ہیں:

''زے دید صاحبہ کے بطن سے ایک صاحبزادی پیدا ہوئی جس کا نام زون رکھا گیا۔ تین سال اور گزر کر ایک صاحبزادہ تولد ہوا۔ اس کا نام حیدر رکھا گیا۔ گویا شیخ اُنیس برس کی عمر میں صاحبِ عیال بن گئے۔'' (۳۱)

ڈاکٹر سید محمد یوسف بخاری ''کاشر شاعری'' میں لکھتے ہیں:

''اکبرالدین کی بیٹی زی دیدی کے بطن سے ایک لڑکا حیدر اور ایک لڑکی زونی نے جنم لیا۔'' (۳۲)

غار نشینی:

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ جب بیس برس کے ہوئے تو ان کے اندر دنیا سے بیزاری کے جذبات حد سے بڑھ گئے اور جذبات کی شدت نے انہیں غار نشینی کی طرف مائل کیا۔ جب

ان کے خیالات میں پختگی آئی تو اہل و عیال کو چھوڑ کر موضع کیموہ (کشمیر) کے نزدیک شہمار ٹینگ نام کی غار میں چلے گئے اور عبادت و ریاضت میں مصروف ہوگئے۔ جب اس واقعے کا علم ان کی والدہ محترمہ سدرہ موجی کو ہوا تو بہت پریشان ہوئی اور غار کے پاس آ کر حضرت شیخؒ کو اس ویران اور خطرناک جگہ کی ہیبت ناکی سے آگاہ کیا اور کہا:

نندِ گو پوھ چھی گگرتہ بچھی
نندء سہہ تہء شال موینے
نند دراہم ازتل وَچھے
نُندِ زوتہء زجہ ماکھینے (۳۳)

حضرت شیخؒ اپنی والدہ کے بے جا اصرار کے باوجود واپسی پر تیار نہیں ہوئے اور والدہ محترمہ کو یقین دلاتے رہے کہ میں یہاں اس غار میں مکمل آرام میں اور خوش ہوں اور ماں جی کے جواب میں کہا:

مأج یو رکن لو گم حُظا
گرٛھ بن رضا وونی چُھے میونے
مأج کئرتھ ہیکنہء غذا
وونی گرٛھ گئرہ پنأنے (۳۴)

حضرت شیخؒ کی غار نشینی کے متعلق سید محمود آزاد ''تذکرہ اولیائے کشمیر'' میں لکھتے ہیں:

''انہوں نے کیموہ کے مقام پر ایک غار میں خلوت نشینی اختیار کر کے عبادت شروع کر دی۔ ان کی والدہ اور بیوی نے گھر لانے کی کوشش کی۔ لیکن وہ کامیاب نہ ہوسکیں۔'' (۳۵)

اولاد کی وفات:

حضرت شیخ نورالدین رشیؒ اپنی والدہ ماجدہ کے بے حد اصرار کے باوجود غار نشینی کو ترک نہ کیا تو ان کی والدہ سدرہ موجی اور بیوی زے دید آخر اس خیال سے کہ شاید یہی حربہ کارگر

ہوجائے، شیخؒ کے صاحبزادے حیدر اور صاحبزادی زون دید کو لا کر غار کے پاس چھوڑ کر چلی گئیں۔ ان کے گھر چلے جانے کے بعد شیخ نورالدین ریشیؒ نے خداتعالیٰ کے حضور دست بلند کیے اور کہا:

دَیہ طاقتھ لَہَم نَتہٕ
یم چھِن کوہ چھنن زایے
یم شور میأ لی زنبہ گل تنک
تتھ سوزگس کرتکھ جایے(۳۶)

حضرت شیخؒ کا یہ کہنا تھا کہ دونوں بچے جاں بحق ہوگئے۔ عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان و شاعری'' میں لکھتے ہیں:

> ''حضرت شیخؒ کی دعا قبول ہوئی اور دونوں معصوم بچے اُن کے سامنے جاں بحق ہوگئے علی الصبح جب والدہ حسبِ معمول شیخ کے پاس آئیں تو یہ حال دیکھ کر زار زار روئیں۔'' (۳۷)

آپ کی والدہ ماجدہ کے بعد آپ کی اہلیہ ذی دید بھی ان کے پاس آ کر آپؒ کو خاندانی زندگی کی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتی رہیں مگر ان کی یہ کوشش بے سود ثابت ہوئیں۔ آخر کار وہ بھی ان کی نظر عنایت سے تارک الدنیا ہو کر باقی عمر خدا کی یاد میں گزارتی رہیں۔

حضرت شیخ نورالدین رشیؒ کی شاعری کی ابتداء:

حضرت شیخ العالم بلند و مرتبہ صوفی بزرگ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بلند قامت انقلابی شاعر بھی تھے جن کا مشن دین کی تبلیغ تھا۔ اُنہوں نے تبلیغ دین کا کام اپنی مادری زبان کشمیری میں کیا جو عوام کی روزمرہ کی زبان تھی تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان کے پیغام سے مستفید ہوں اور یہی وجہ تھی کہ جذبات کی سچائی اور احساس کی تپش کی قوت سے آپ نے اپنا پیغام دوسروں تک پہنچایا۔

عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان و شاعری'' میں لکھتے ہیں:

''شیخ کے حالات زندگی سے ظاہر ہے کہ انہیں ولایت اور شاعری ازل سے ورثہ میں ملی تھی۔ وہ للہ عارفہؒ کے شاعرانہ فقرے ''چیہ مالہِ ینہٕ مُنَد چھوک نہٕ چینہ چھکھ مند چھان'' سے شیر خوارگی کے عالم میں ہی متاثر ہوئے آگے چل کر وہ زندگی کی ہر منزل میں شاعرانہ روش سے گامزن ہوتے رہے۔'' (۳۸)

عبدالخالق طاہری ''تذکرہ اولیائے کشمیر'' میں لکھتے ہیں:

''اُن کے اندرون میں عشق الٰہی کی آگ سلگ رہی تھی اور وہ سخت گرم ہوئے تھے۔ اس لیے اس سوز درون نے اشعار کا روپ دھار لیا تھا اور وہ پُر درد اشعار کو رو رو کر پڑھتے اور لوگوں کو بھی رلاتے تھے۔ ان کے دار و سوز سے بھرے وہ اشعار آج بھی کشمیر کے لوگ گنگناتے ہیں اور وعظ کی مجلسیں ان پُر اثر اشعار یعنی کلام شیخ علیہ الرحمہ سے شروع کرتے ہیں۔'' (۳۹)

مرغوب بانہالی ''علمدار'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت شیخ العالم کو کشمیر کے تمام روحانی بزرگوں اور اولیاء اللہ میں ممتاز بنانے والی ایک بڑی لاجواب خصوصیت یہ ہے کہ آپ نے آفاقی پیغام اور اپنی عرفانی شاعری کا ذریعہ اظہار اپنی مادری زبان ''کشمیری'' کو بہت ڈھنگ سے بنایا۔'' (۴۰)

کلام حضرت شیخ العالمؒ اور ان کے موضوعات:

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کا کلام سادہ اور عام فہم ہے۔ جس کی وجہ سے آج تک ان کا کلام کشمیر میں ہر خاص و عام کے سینوں میں محفوظ ہے۔

سید محمود آزاد ''تذکرہ اولیائے کشمیر'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت شیخ نورالدین رشیؒ کا کلام سادہ اور عام فہم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے یہ ارشادات گزشتہ چھ سو برس سے کشمیری مسلمانوں میں سینہ بہ سینہ اور نسل در نسل محفوظ رہے ہیں۔'' (۴۱)

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کا کلام کے موضوعات انسانیت کی بھلائی اور اصلاح پر مبنی ہیں۔ جو خوفِ خدا، فکرِ عقبیٰ، تقویٰ، سچائی، قناعت، صبر و تحمل، نفس کشی، دنیاوی لذتوں سے بیزاری، مکارم اخلاق، تصوف اور فلسفہ دین وغیرہ سے لبریز ہے۔

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کا کلام اصناف سخن کی رُو سے چار ابواب پر مشتمل ہے۔ جس کے متعلق عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان اور شاعری'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت نورالدین ریشیؒ کا کشمیری کلام اصناف سخن کے اعتبار سے قطعات و رباعیات، بیانیہ نظمیں مکالمے اور صدوسی مسئلہ پر مشتمل ہے۔''(۴۲)

قطعات و رُباعیات:

یہ متعدد دو بیتی اشلوک ہیں اور شیخؒ کی شاعری کا قیمتی حصہ ہے۔ بعض اشلوک جنہیں شروکھ بھی کہتے ہیں ضرب المثل کی طرح زبان زدِ خاص و عام ہیں۔

عبدالاحد آزاد اس بارے میں لکھتے ہیں:

''ان کی آفاقیت اور ہمہ گیری کا یہ عالم ہے کہ چراگاہوں اور کھیتوں ہی میں نہیں بلکہ مختلف محفلوں اور معبدوں میں بھی جھوم جھوم کر پڑھے جاتے ہیں۔'' (۴۳)

بیانیہ نظمیں:

حضرت نورالدین ریشیؒ کی بیانیہ نظمیں موضوع کے لحاظ سے مختلف النوع ہیں جن کے خاص خاص موضوع حمد و نعت پند و موعظت اور حقائق و عرفان ہیں۔ بعض نظموں کے تغزل کا یہ عالم ہے کہ ان کی حدیں غزل سے جاملتی ہیں۔ جن میں ''گونگل نامہ'' آپ کی مشہور نظم ہے۔

G.N. Gohar ''Sheikh Noor-ud-Din Wali'' میں لکھتے ہیں:

"When we consider the form and content of the Sheikh`s at-sun, we find that many of them are purely devetional poems` with continuity in thim but a good number of them can be termed as

samples of our earliest Ghazals "Gongul Nama" provides an example." (44)

مکالمے:

شیخ نورالدین ریشی ؒ کے مکالمے ان کی دوبیتی نظموں کی طرح دلچسپ اور معنی خیز ہیں جن کی تعداد بہت زیادہ نہیں ہے۔

صدوسی مسئلہ:

صدوسی مسئلہ ایک سوتیس فقہی مسئلوں کا مجموعہ ہے، جو حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ سے منسوب کیے جاتے ہیں۔

عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان و شاعری'' میں لکھتے ہیں:

''یہ مسائل وضو اور نماز کے متعلق ہیں۔ اقسام آب، آبِ پاک، آبِ ناپاک، آبِ مکروہ، آبِ شکوک، آبِ مستعل، اوقات نماز، وضو کے فرائض، وضو کی سنتیں، فرائض وضو، فرائض غسل، غسل کی سنتیں، موجبات غسلِ ارکان نماز، شرائط نماز، واجبات نماز وغیرہ اس کے عنوانات ہیں۔'' (۴۵)

حضرت شیخ نورالدین رشی ؒ کا کلام اور اس کی جاذبیت:

حضرت شیخ نورالدین رشی ؒ کے کلام کی پرواز بہت بلند ہے ان کے تخیل کا طائر انتہا کی بلندیوں میں پرواز کرتا دکھائی دیتا ہے۔ وہ خود تو رات دن مجاہدے اور ریاضت میں مصروف رہے اور دنیا سے رشتہ منقطع کر لیا لیکن کشمیر کے مسلمانوں میں قوت عمل پیدا کرنے اور ان کو دین اسلام کے راستے میں مر مٹنے کا درس دیتے رہے۔ یہ آپؒ کے ہی پُر درد کلام کا اثر تھا کہ کشمیر کی مسلمان نہایت راسخ العقیدہ اور مثالی مسلمان بنے۔ آپؒ کے کلام میں انسانیت کی بھلائی کا درس اور اسلامی تصوف کا رنگ جگہ جگہ نظر آتا ہے۔ جیسا کہ آپؒ اپنے اشعار میں لوگوں کو روحانی حقیقت کے ذاتی تجربے سے آگہی دیتے ہوئے خداوند تعالیٰ کے وحدہ

لاشریک ہونے اور زمان و مکان کی بندشوں سے بالاتر ہو کر حقیقت تک رسائی لینے کا درس دیتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

لا الہ الا اللہ صحیح کورُم
وحی کورم پنُن پان
وجود تراوتھ موجود سورم
اده بہ وٹُس لامکان (۴۶)

آپؒ اپنے ایک شروکھ (شعر) میں ارکان اسلام سے چشم پوشی پر فرماتے ہیں ؎

اسلامی کامین دوه دین برسہ
علمچہٕ لَر کلمہٕ چی زالِی تراو
روزه، نماز، حج، زکوٰۃ سرَسنہ
لیٚس کرِ کونگُ سُی کرِ کراو (۴۷)

اپنے ایک شعر میں آپؒ انسان کے دل کو مچھلی سے تشبیہ دیتے ہوئے ہمیشہ خداوندکریم کے ذکر کے پانی میں ڈبو کر رکھنے اور نماز کی پڑھنے کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

دل چھُی گاڑ تہٕ ہوکھ موتھاوَن
ذِکر ہند پونی دس لسہِ یوتوےِ
نماز چھے زمیٚن پھل زن وَوُن
اَدٕ بچہ نیندٕ کرس کھسہِ یوتوے (۴۸)

اسی طرح اپنی شاعری میں انسان کو دنیا میں نفسِ امارہ سے بچ کر عرفان حاصل کرنے کا درس دیتے ہوئے بڑھاپے کی بے بسی کے خوف سے آ گہی دیتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

ہارس نیند ریپیم یامَتھ پوہ گوم
کارَس دوہ آم نہء گرُ نزاکھ
تیلہ پیوم ژبثس ییلہ وُوتھن کوگوم
پَنہء آم یَم یوری دوپ نم پکھ(۴۹)

آپؒ لوگوں کو زبان کے ساتھ ساتھ دل سے قرآن پاک پڑھنے اور سمجھنے کی تلقین بھی کرتے رہے۔ آپؒ فرماتے ہیں ؎

قرآن پران کونومو دُکھ
قرآن پرَان کو نہء گوی سور
قرآن پران زندء کیتھ رو دُکھ
قرآن پران دور منصور(۵۰)

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ وقت کے مُلاؤں سے بیزار تھے۔ وہ اگر حقیقت میں کسی کو مُلاّ مانتے تھے تو وہ مولانا رُومی تھے۔ جنہوں نے علم و معرفت کا سمندر پار کیا اور اپنے آپ کے ساتھ ساتھ لوگوں کو بھی نقصان سے بچایا۔ حضرت شیخ نورالدین ریشی ؒ اس بارے میں فرماتے ہیں ؎

ملیہ ہے دپھی زتہء مولوی رومیؒ
نَتہء ملہ وُچھتھہ پرّی زہِ استغفار
صدرس تَار دِتُی تمیٔ
پانے پانس سپُن یار(۵۱)

مختصراً یہ کہ حضرت شیخ نورالدین رشیؒ کا کلام جاذبیت سے معمور ہے اور گنجینہ حکمت ہے۔

اس پر جس قدر نگاہ ڈالی جائے تو اور متنوع پہلو سامنے آتے جائیں گے۔ ان کے کلام کے ہر پہلو سے معاشرے کی اصلاح کی تدبیریں جھلکتی ہیں۔

حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کی وفات:

حضرت شیخ نورالدین رشیؒ کی وفات کے حوالے سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپؒ کی وفات کے بعد جب میت کو دفنانے کا وقت آیا تو کشمیر کے لوگوں کے درمیان بحث ہونے لگی۔ جہاں جہاں آپ نے ایام گزارے تھے وہاں کے لوگ آپ کی میت اپنے علاقے میں دفنانے پر زور دینے لگے۔ جس میں اس وقت کا بادشاہ بھی شامل تھا۔

موتی لال ساقی ''ولر کیء ملر'' میں اس حوالے سے لکھتے ہیں:

''رُپہ وَنہٕ پیٹھ آیہ یہنزہ مَیّت ژرار شریف واتنا ونہٕ ییتہٕ سران دِتھ نوفل ٹینگن پیٹھ یَمن جنازٕ پرَنہٕ آوَ۔ دَپان اَتھ جنازکس منزاوس بادشاہ وقت بڈشاہ صاٗب تہِ شامل۔ جنازٕ پرَن وزی دَپان لَجٕ آتہِ ووُسہ درُوس۔دریہ گامکیٕ اُسی دپان اُسی نمون شہر۔ دپان ہنگامہٕ اوس چلانے زِمیت ہتھ توبودٕ گو ہوٲیِ وُتھتھِ تہٕ گوٚتھ جایہِ اَزز یارتھ چھُے۔'' (۵۲)

ترجمہ: ''روپہ ون (جگہ کا نام ہے) سے ان کی میت کو چرار شریف لایا گیا اور یہاں غسل دے کر نوفل ٹینگ پر ان کا جنازہ پڑھایا گیا۔ جنازے میں بادشاہ وقت بڈشاہ صاحب بھی شامل تھے۔ کہا جاتا ہے کہ جنازہ پڑھتے وقت شوروغُل برپا ہوا۔ دریہ گام (جگہ کا نام ہے) کے لوگ کہنے لگے کہ ہم ان کی میت کو دریہ گام لے جائیں گے۔ چرار شریف کے لوگ کہتے تھے کہ یہاں پر ہی دفنائیں گے اور بادشاہ کہہ رہے تھے کہ ہم انہیں شہر لے جائیں گئے۔ کہا جاتا ہے کہ ہنگامہ ہو ہی رہا تھا کہ میت تابوت سمیت ہوا میں اُٹھ گئی اور اُس جگہ چلی گئی جہاں آج زیارت بنی ہوئی ہے۔''

موتی لال ساقی آپؒ کی سنِ وفات کے متعلق لکھتے ہیں:

''رُپہ وَنے سپدی پیر کامل رحمت حق سنہء اوس ۸۴۲ ہجری بمطابق ۱۴۳۸ء۔'' (۵۳)

ترجمہ: ''روپہ ون کے پیر کامل ۸۴۲ھ بمطابق ۱۴۳۸ء میں رحمت حق ہوئے۔''

عبدالاحد آزاد ''کشمیری زبان و شاعری'' میں آپ کی وفات کے متعلق لکھتے ہیں:

''شیخ نورالدین رشیؒ نے ۶۳ سال کی عمر میں ۸۴۲ھ میں وفات پائی۔'' (۵۴)

سید محمود آزاد ''تذکرہ اولیائے کشمیر'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت شیخ نورالدین ولیؒ کشمیریؒ کی ولادت ۱۰ ذی الحجہ ۷۵۷ھ اور وفات ۲۶ رمضان المبارک ۸۲۰ھ مذکور ہے۔ کشمیری کیلنڈر کے حساب سے ۲۶ پوہ اور بکری جنتری کے مطابق ۱۳ مگھر ہے۔'' (۵۵)

حضرت شیخ نورالدین رشی ؒ تارک الدنیا درویش ہونے کے ساتھ ساتھ دین اسلام کے زبردست مبلغ اور عاشقِ رسولؐ بھی تھے۔ وہ کشمیر کے مسلمانوں کے سچے ہمدرد اور مصلح تھے انہوں نے جو کچھ بھی ارشاد فرمایا وہ دین اسلام کی حقیقی تعلیم تھی جس پر عمل کر کے مسلمان تمام شیطانی قولوں کا مقابلہ کر سکتا ہے۔ وہ حقیقت میں ایک ایسے عظیم صوفی بزرگ ہیں۔ جو کشمیریت کے اوّلین علمبردار ہونے کے ناطے ایک درخشندہ اور تابندہ علامت بن کر اُبھرے جس نے کشمیر کی تہذیب کو ایک نیا مزاج عطا کیا۔ جس کی بدولت گزشتہ سات سو سالوں کے دوران کشمیر میں انسان کی عظمت اور انسانی اقدار کا بول بالا ہے۔ آپؒ کا مزار چرار شریف (کشمیر) میں آستانہ خاص و عام ہے۔

☆☆☆☆

حواشی

۱۔ آزاد، عبدالاحد، کشمیری زبان و شاعری، جلد۔۲، جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگوئجز، سرینگر،۱۹۸۳ء،ص ۱۶۴۔

۲۔ مشعل سلطانپوری، ہمارا ادب، جموں و کشمیر نمبر، جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر، اینڈ لینگوئجز، سرینگر، ۱۹۸۰ء،ص ۲۰۶۔

۳۔ رشید نازکی، ریشیت تہ سائی ریش، کاشر ڈپارٹمنٹ، کشمیر یونیورسٹی، سرینگر، ۱۹۷۹ء،ص ۷۰۔

۴۔ مشعل سلطانپوری، ہمارا ادب، جموں و کشمیر نمبر، جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر، اینڈ لینگوئجز، سرینگر، ۱۹۸۰ء،ص ۲۰۵۔

۵۔ محمود آزاد، سید، تذکرہ اولیائے کشمیر، نظامت اوقات، مظفر آباد،۱۹۹۳ء،ص ۷۵

۶۔ طاہری، عبدالخالق، تذکرہ اولیائے کشمیر، جلد اول، گلشن پبلشرز اینڈ ایکسپورٹرز، سرینگر،۲۰۰۳ء،ص ۳۰۸

۷۔ محمود آزاد، سید، تذکرہ اولیائے کشمیر، نظامت اوقاف، مظفر آباد،۱۹۹۳ء،ص ۷۴۔

۸۔ طاہری، عبدالخالق، تذکرہ اولیائے کشمیر، جلد اول، گلشن پبلشرز اینڈ ایکسپورٹرز، سرینگر،۲۰۰۳ء،ص ۳۰۹

۹۔ بخاری، سید محمد یوسف، ڈاکٹر، تذکرہ صوفیائے کشمیر، ارفع آرٹ پرنٹرز، لاہور، ۱۹۹۹ء،ص ۱۳۰

۱۰۔ محمود آزاد، سید، تذکرہ اولیائے کشمیر، نظامت اوقاف، مظفر آباد،۱۹۹۳ء،ص ۷۵۔

۱۱۔ آزاد، عبدالاحد، کشمیری زبان و شاعری، جلد۲، جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگوئجز، سرینگر، ۱۹۸۳ء،ص ۱۷۵۔

12- Sufi, G.M,D, Kasheer, vol-1, Punjab University Press, 1940, page 48.

۱۳۔ آزاد، عبدالاحد، کشمیری زبان و شاعری، جلد۔۲، جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگوئجز، سرینگر،۱۹۸۳ء،ص ۱۷۵۔

13- Sufi, G.M.D, Kasheer, vol.1, Punjab University Press 1940, page . 48.

۱۵۔ قریشی، محمد اشرف، ڈاکٹر، شیخ نورالدین ولی و جدیدیت، شعبہ کشمیریات، اورینٹل کالج، لاہور، ۱۹۹۱ء، ص ۷۶۔

16- Bazaz, Prem Nath, The History of Struggle for freedom in Kashmir, National Book foundation, Karachi, 1976, page- 87.

۱۷۔ بخاری، سید محمد یوسف، ڈاکٹر، کشمیری زبان و ادب کی مختصر تاریخ، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، ۱۹۸۹ء، ص ۴۵۔

18- Kalla, K.L, Cultural Heritage of Kashmir, Anmol Publications New Dehli, 1996, page 79.

19- Sufi, G.M.D, Kasheer, Vol,1, Punjab University Press 1940, page, 49.

20- Ibid, page 49.

۲۱۔ ٹینگ، محمد یوسف، برج نور، ص ۲۱۲۔

۲۲۔حامدی کشمیری ، پروفیسر ، علمدار ، بحوالہ شیخ العالم خطبات از گلزار حضرت بلی ، کشمیر یونیورسٹی ، سرینگر ، ۲۰۰۰ء ، ص ۳۴۶۔ ۲۳

۲۳۔آزاد ، عبد الاحد ، کشمیری زبان و شاعری ، جلد ۲ ، جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ ، کلچر اینڈ لینگو یجز ، سرینگر ، ۱۹۸۳ء ، ص ۱۸۰ ۔

۲۴۔ایضاً ، ص ۱۸۱ ۔

۲۵۔حامدی کشمیری ، پروفیسر ، علمدار ، بحوالہ استناد ، اجازت نامہ حضرت میر محمد ہمدانیؒ از غلام محمد شاد ، کشمیر یونیورسٹی ، سرینگر ، ۲۰۰۰ء ص ۲۷۰ ۔

۲۶۔ایضاً ، ص ۲۶۲۔

۲۷۔ایضاً ، ص ۲۶۵۔

۲۸۔آزاد ، عبد الاحد ، کشمیری زبان و شاعری ، جلد۲ ، جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ ، کلچر اینڈ لینگو یجز ، سرینگر ، ۱۹۸۳ء ، ص ۱۸۲ ۔

۲۹۔قریشی ، محمد اشرف ، ڈاکٹر ، شیخ نورالدین ولی و جدیدیت ، شعبہ کشمیریات ، اورینٹل کالج ، لاہور ، ۱۹۹۱ء ، ص ۷۷۔

۳۰۔بخاری ، سید محمد یوسف ، ڈاکٹر ، کاشر شاعری ، نفیس پرنٹرز ، لاہور ، ۱۹۸۴ء ص ۹۵ ۔

۳۱۔ آزاد ' عبدالاحد ' کشمیری زبان وشاعری ' جلد ۲ ' جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ ' کلچر اینڈ لینگویجز ' سرینگر ' ۱۹۸۳ء ' ص ۱۸۲۔

۳۲۔ بخاری ' سید محمد یوسف ' ڈاکٹر ' کاشر شاعری ' نفیس پرنٹرز ' لاہور ' ۱۹۸۴ء ص ۹۵۔

۳۳۔ آزاد ' عبدالاحد ' کشمیری زبان و شاعری ' جلد ۲ ' جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ ' کلچر اینڈ لینگویجز ' سرینگر ' ۱۹۸۳ء، ص، ۱۸۷۔

۳۴۔ ایضاً ' ص ۱۸۷۔

۳۵۔ محمود آزاد، سید، تذکرہ اولیائے کشمیر، نظامت اوقاف، مظفر آباد، ۱۹۹۳ء، ص ۷۷۔

۳۶۔ آزاد، عبدالاحد، کشمیری زبان و شاعری، جلد ۲، جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز، سرینگر، ۱۹۸۳ء، ص ۱۹۰۔

۳۷۔ ایضاً، ص ۱۹۰۔

۳۸۔ ایضاً، ص ۲۰۰۔

۳۹۔ طاہری، عبدالخالق، تذکرہ اولیائے کشمیر، جلد ۱، گلشن پبلشرز اینڈ ایکسپورٹرز سرینگر، ۲۰۰۳ء، ص ۳۱۹۔

۴۰۔ حامدی، کشمیری، پروفیسر، علمدار، بحوالہ کشمیری کلچر کے کشتواڑی اسلاف والے معمار اعظم شیخ نورالدین ولیؒ از مرغوب بانہالی، کشمیر یونیورسٹی، سرینگر، ۲۰۰۰ء، ص ۳۰۹۔

۴۱۔ محمود آزاد، سید، تذکرہ اولیائے کشمیر، نظامت اوقاف، مظفر آباد، ۱۹۹۳ء، ص ۷۸۔

۴۲۔ آزاد، عبدالاحد، کشمیری زبان و شاعری، جلد ۲، جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز، سرینگر، ۱۹۸۳ء، ص ۲۳۱۔

۴۳۔ ایضاً، ص ۲۲۲۔

44- Gohar, G.N, Sheikh Noor.ud-Din Wali, page. 75

۴۵۔ آزاد، عبدالاحد، کشمیری زبان و شاعری، جلد ۲، جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر، اینڈ لینگویجز، سرینگر، ۱۹۸۳ء، ص ۲۲۲۔

۴۶۔ قریشی، محمد اشرف، ڈاکٹر، شیخ نورالدین ولی و جدیدیت، شعبہ کشمیریات، اورینٹل کالج، لاہور، ۱۹۹۱ء، ص ۷۸۔

۴۷۔ ایضاً، ص ۸۹۔

۴۸۔ ایضاً، ص ۸۷۔

۴۹۔ ایضاً، ص ۸۵۔

۵۰۔ ایضاً، ص ۱۰۴۔

۵۱۔ ایضاً، ص ۱۱۰۔

۵۲۔ حاجنی، محی الدین، پروفیسر، وولر کی ءملر، شیخ العالم نمبر، بحوالہ شیخ العالمؒ۔ موخصر حالات زندگی از موتی لال ساقی، شالیمار آرٹ پریس، سرینگر، ۱۹۷۸ء، ص ۳۵۔

۵۳۔ ایضاً، ص ، ۳۵۔

۵۴۔ آزاد، عبدالاحد، کشمیری زبان و شاعری، جلد۲، جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ ، کلچر اینڈ لینگو یجز ، سرینگر، ۱۹۸۳ء، ص

۵۵۔ محمود آزاد، سید، تذکرہ اولیائے کشمیر، نظامت اوقاف، مظفر آباد، ۱۹۹۳ء، ص ، ۳۲۷۔

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.78, 2010, pp 411 - 420

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، جنوری۔ مارچ ۲۰۱۰ء، شمارہ ۷۸

پیرزادہ غلام احمد مہجور...... کشمیر کے قومی شاعر

ڈاکٹر خواجہ زاہد عزیز ☆

Abstract:

Mahjoor is a National Poet of Kashmir. He is considered the Father of modern Kashmiri literature. He Freed Kashmiri from heavy Persian influence. He Promoted kashmiri Language. His Poetry gave a new direction to the kashmiries and they started thier freedom struggle against Dogra rulers.

کشمیر دنیا کے خوبصورت ترین خطوں میں سے ہے۔ کشمیری خوش شکل ہونے کے ساتھ ساتھ خوش فکر اور خوش اندیش بھی ہیں، یہی وجہ ہے شہنشاہ جہانگیر سے لے کر ایک عام چرواہے تک ہر شخص کشمیر کو زمین پر اُترا ہوا فردوس تصور کرتا ہے۔ مادی دنیا کے اس فردوس نے بے شمار عظیم ہستیوں کو جنم دیا۔ جن میں ایک زندہ و جاوید نام پیرزادہ غلام احمد مہجور کا بھی ہے۔

غلام احمد مہجور کشمیری شاعری کے چوتھے اور جدید دور کے سب سے زیادہ مشہور و معروف شاعر ہیں۔ وہ ۱۸۸۸ء میں ماتری گام کے پیروں کے ایک متوسط درجہ کے خاندان میں پیدا ہوئے۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ کشمیریات، اورینٹل کالج، جامعہ پنجاب، لاہور۔

آپ نے فارسی اور عربی کی تعلیم مقامی مکتب سے حاصل کی۔ آپ نے اپنی شاعری کا آغاز اٹھارہ سال کی عمر میں فارسی اور اردو زبان سے کیا لیکن ان زبانوں میں اظہار و بیان پر قدرت نہ حاصل کر سکنے اور دلی تسکین نہ ملنے کی وجہ سے انہیں خیر آباد کہا[۱] اور اپنی اَن پڑھ اور مظلوم عوام الناس کی فلاح و آزادی کی خاطر کشمیری شاعر رسول میر اور ابتدائی دور کے شعراء کرام سے متاثر ہو کر کشمیری زبان میں شعر کہنے شروع کیے۔

مہجور نے ابتدا میں رومانوی شاعری کی اور اس کے ساتھ ساتھ فطرت کی شاعری بھی کرتے رہے لیکن جب انہیں اس بات کا مکمل ادراک ہو گیا کہ میری شاعری کی ضرورت اب جنت نظیر کشمیر اور اس کے باسیوں کو ہے تو انہوں نے قومی اور سیاسی شاعری کو اپنا شعار بنایا۔ ان کی شاعری کشمیری ادب کا ایک شاندار حصہ ہے[۲] ان کے کلام کا بہت بڑا حصہ سیاسی شاعری پر مشتمل ہے۔ انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے کشمیری عوام کو بیدار ہو کر اپنے حقوق اور آزادی حاصل کرنے کی تلقین کی۔

کمی سن بَدلوو سون تقدیر   قایداعظم شیر کشمیر
بنُدگی مو کہء لے یہِ زِندُگی پھیر   قایداعظم شیر کشمیر
شونُجمِژ بئستی کموُوُذء ناوَ   آزادِ گرِژھ نچ وَتھ کمی ٗ ہاوَ
کمی ٗ سنُدی وجوُدَن زندء کر کشیر   قایداعظم شیر کشمیر[۳]

مہجور کشمیر کے قومی شاعر ہیں۔ وادی کشمیر مختلف قوموں اور مذاہب کی آماجگاہ ہے۔ وہاں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ غیر مسلم بھی ہیں۔ مہجور قومی شاعر ہونے کے ناطے ہندو مسلم اتحاد کے زبردست حامی ہیں۔ وہ فرقہ پرستی سے سخت نفرت کرتے ہیں۔ وہ مذہبی یگانگت اور انسانی محبت پر زور دیتے ہیں چونکہ یہ باتیں کشمیری ثقافت کا اثاثہ ہیں۔ انہیں کشمیر کی قومی شاعری میں ایک خاص مقام حاصل ہے[۴]۔ ان ہی کی شاعری نے کشمیریوں کو جابر حکمرانوں کے خلاف اٹھ

کھڑے ہونے اور لڑنے کا حوصلہ عطا فرمایا۔

یِتھی ظُلم یِیلہِ دودی اَسِیہ زیادء کالہ سَپُن پوختہٕ آزاد گژھنک خیال
وِنیوو وادیاہ یِیلہِ نہ تَتھ سوژ دداو پَتو ظاُلمس وۄن ژٕ کشمیر تراوَ (۵)

مہجور کشمیر کے انتہائی حساس دور کے شاعر ہیں کیونکہ تب کشمیر پر ڈوگرہ خاندان مسلط تھا اور وہ مظالم کی تمام حدود عبور کر چکا تھا۔ اس کے ساتھ نہ صرف کشمیری زبان کے ساتھ بے اعتنائی برتی جارہی تھی بلکہ کشمیریوں کی سیاسی، معاشی اور تعلیمی زبوں حالی بھی عروج پر تھی لیکن مہجور جیسے حساس شاعر کے لیے یہ ایک تکلیف دہ بات تھی۔ اپنی اس تکلیف کو کم کرنے کے لیے پنجاب کا رُخ کیا اور بسمل امرتسری، محمد دین فوق اور مولانا شبلی نعمانی جیسی عظیم ہستیوں سے ملاقات کر کے اپنے شاعرانہ خیالات کو تقویت بخشی (۶)۔ اور اس طرح کشمیریوں اور کشمیری زبان کی احساس محرومی کو ختم کر کے زبان کو ابلاغ اور ترسیل کی ایک معتبر زبان کا درجہ دلوایا۔

مہجور نے ۱۹۱۴ء سے کشمیری زبان میں لکھنا شروع کیا۔ انہوں نے کشمیری زبان کا دامن حسین اور اچھوتی تشبیہوں اور استعادوں سے بھر دیا۔ ان کا اسلوب بیان سادہ، آسان، اور دلنشین ہے۔ ان کی بحر وعروض کی تکنیک پختہ اور مکمل ہے۔ ان کے کلام میں سنگیت کی گھلاوٹ اور جذبات کی تاثر انگیزی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک الشعراء عالم رابندر ناتھ ٹیگور نے ان کی ۱۹۲۶ء میں لکھی ہوئی غزل ''پوشہ مَتہِ جانا نوٗ'' پڑھ کر خوب حوصلہ افزائی کی (۷) اوراسی غزل کی بدولت آپ دنیائے شاعری میں دوشناس ہوئے۔

ژولما دوشے پوشے متہِ جانانو
وُچھِمکھا دورے دورے سَنہء گوم سٔرگچھ کُودے
چھِنَس و دان ژورے پوشے متہِ جانانو (۸)

مہجور اپنی قوم اور زبان سے بہت محبت اور عقیدت رکھتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ وہ اس

محبت اور تڑپ کے لیے آزمائشوں سے بھی گزرے لیکن انہوں نے اپنی زبان اور قوم کی عظمت ورفعت کو برقرار رکھا۔ ۱۹۳۴ء میں فارسی اور پنجابی کے مشاعرہ میں اس وقت تک شرکت نہیں کی جب تک کشمیری کلام پڑھنے کی اجازت نہ ملی۔ سرینگر کے اس مشاعرے میں سات بندی کشمیری غزل ''باغ نشاط کے گلو ناز کران ولو'' کے عنوان سے پیش کی(۹)۔ کشمیری سامعین کو جہاں اس غزل کی سادگی اور حلاوت اور محمود کی کیف آواز نے مست کیا تو وہاں غیر کشمیری فقط ترنم کے مزے لے لے کر عش عش کرنے لگے۔ جدید تاریخ کشمیر میں یہ پہلا موقع تھا کہ کشمیری زبان کے اشعار نہ صرف ایک بُلند پایہ ادبی محفل میں پیش ہو کر مقبول ہوئے بلکہ کشمیر کے مقتدر اخبار ''مارتنڈ'' نے ۱۶ اِسوج ۱۹۹۱ء بکرمی کے پرچے میں اس غزل کی اہمیت ومقبولیت کا اعتراف کیا اور اس طرح یہ غزل زبان زد خاص و عام ہوئی۔

باغِ نِشاطء کے گُلو ناز کران کران ولو
ختُدء کرأن کرأن ولو موختۂ ہرَان ہرَان ولو(۱۰)

مہجور پہلے کشمیری شاعر ہیں جن کے کلام میں کشمیر کے فطری حسن کے ساتھ ساتھ کشمیر کے ہر پہلو کا احاطہ کیا گیا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ انہوں نے کم عمری ہی میں بہت زیادہ مقبولیت حاصل کر لی تھی۔ ان کی لکھی ہوئی نظم ''گریس کُور'' نہ صرف کشمیر میں بلکہ کشمیر سے باہر بھی ان کی شہرت کی وجہ بنی (۱۱)۔ کیونکہ جب کشمیری مورخ اور میونسپل بورڈ کے سابق چیئرمین پنڈت آنند کول نے مہجور کی ''گریس کُور'' کا انگریزی ترجمہ کر کے ''وشوا بھارتی'' سہ ماہی رسالے میں شائع کروایا تو پڑھے لکھے طبقے میں ہلچل مچ گئی۔ اس وقت شاعر اعظم ڈاکٹر رابندرناتھ ٹیگور زندہ تھے۔ انہوں نے مہجور کو لکھا۔

> ''میں نے آپ کی نظم دیکھی۔ آپ کے میرے خیالات ملتے جلتے ہیں۔ اگر آپ بنگالی اور انگریزی سے واقف ہوتے تو میں یہ کہتا کہ یہ خیال آپ نے

میری نظموں سے حاصل کیا ہے۔ میں آپ کی نظم سے بہت خوش ہوا۔‘‘

مہجور کی نظم ’’گریس کور‘‘ فارسی اثر سے بالکل آزاد اور خالصتاً کشمیری لہجے میں تھی۔ رابندر ناتھ ٹیگور نے اس نظم کو پڑھ کر مہجور کو کشمیر کے ’’ورڈز ورتھ‘‘ کا خطاب دیا(۱۲)۔

گریسی کوری نازنین سونڈری یے   پوشہ دنہ باغیچ پوشہ گوندری یے
گریسی کووی نازنین سونڈری یے(۱۳)   سورگچھ ہی مالی قاچھ پڑی یے

